الله
ا

اقراء کتابک

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ

# تذکرۂ عظیم حیاتِ جاودِاں

اعلیٰ حضرت شیخ المشائخ جناب **سیّد برکت علی شاہ** صاحب قادری

یعنی

# تذکرہ سفرِ نورِ الٰہی و مصطفائی

باتکمیل حضرت جناب پیر سید فیض محی الدین شاہ صاحب قادری

تالیف و ترتیب

امراء الوقت جانشین حضرت پیر سید اشفاق محی الدین شاہ صاحب قادری

Marfat.com

بابرکت نشانِ قلب بافیض

# اقراء کتابك

الٓمّٓ ٥ ذٰلك الكِتٰبُ لَا رَيبَ فِيهِ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ ٥

الم یہ کتاب ایسی ہے جس میں کوئی شعبہ نہیں راہ بتلانے والی ہے متقیوں کو۔

# تذکرہِ عظیم حیاتِ جاوداں

## اعلحضرت شیخ المشائخ جناب سیّد برکت علی شاہ صاحب قادری

یعنی

تذکرہ سفرِ نورِ الٰہی ومصطفائی

جلد نمبر1

باطفیل حضرت جناب پیر سیّد فیض محی الدین شاہ صاحب قادری

تالیف وترتیب

امرالوقت جانشین حضرت پیر سیّد اشفاق محی الدین شاہ صاحب قادری

سلسلہ عالیہ قادریہ فاضلیہ بابرکت بافیض

کوٹ شریف غربی چک نمبر 477 گ۔ب، تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد۔

Marfat.com

۱۴۳۸۱۴

جملہ حقوق محفوظ بحق

دربار عالیہ قادریہ فاضلیہ بابرکت بافیض

تالیف وترتیب:۔

جانشین جناب حضرت پیر سیّد اشفاق محی الدین شاہ صاحب قادری

نام کتاب:۔ **تذکرہِ عظیم حیاتِ جاوداں**

اعلیٰ حضرت شیخ المشائخ جناب سیّد برکت علی شاہ صاحب قادری

**یعنی تذکرہ سفرِ نورِ الٰہی ومصطفائی**

کمپوزنگ:۔ خادم محمد ابوبکر اعجاز قادری

مالی معاونت: خادمان کوٹ شریف (لاہور)

فسٹ ایڈیشن:۔ 500

سن اشاعت:۔ ستمبر 2016

[redacted] [redacted]

Marfat.com

نبیاں پیغمبراں نوں جیہد یاں اڈیکاں سن ازلاں توں
ترس دے چلے گئے اوہ دنیاں توں

اہو

آ گیا آ گیا آ گیا نی جیہدے دیکھن دا سی مینوں چا سیّو
عربوں آ بغداد وسایا پاکستان وچ آ ڈیرہ لایا



Marfat.com

Marfat.com

CMYK 11

تیری نگاہِ ناز سے دونوں مراد پا گئے
عقل غیاب و جستجو! عشق حضور و اضطراب!



Marfat.com

Marfat.com

مکتبِ عشق



دربار عالیہ قادریہ فاضلیہ بابرکت بافیض کوٹ معلیٰ

Marfat.com

Marfat.com



امر الوقت اوج ولائیت شاہ شہنشاہ صاحبزادہ

**پیر سید اشفاق محی الدین شاہ صاحب قادری**

جانشین دربار عالیہ قادریہ فاضلیہ کوٹ شریف

Marfat.com

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ جل شانہ

اللہ واحد خالق اکبر کل صفتاں دے والی
سانچے قدرت کامل اندر شبیہ محمد ڈھالی
قدم اپنے وچہ رب العزت خود تھیں ہویا سوالی
شوق جمال دیدار اپنے وی ایہ تدبیر نکالی
قطب ستارے اندر دھر کے نور محمد ﷺ عالی
صد ہا سال رہیا پھر دا تک دا اپنا نور کمالی
خلقی خلق محمدی نوروں ، کن آواز نکالی
شہودی نقشہ قائم کر کے لوح محفوظ بنالی
شوق ہولارے کھاوے سرجی مورت آدم والی
زلف معطر نال سہاپا دے تنویر تعالیٰ
خلد بریں وچہ رکھیا اس نوں ذات بے مثل معالیٰ
خمر طہور پلا وحدت دا دتی شان نرالی
حوراں غلماں وچہ نہ رجی ایہ صورت متوالی
تاں آدم دے وچوں حوا حکمت پیش دکھالی
کل ملائک سجدہ کیتا حکم خداوند عالی



Marfat.com

عزازیل کیتی مغروری بات خداوند ٹالی
میں ناری ایہ خاک دا پتلا قدر میرا ہے عالی
راندہ گیا درگاہ الاہوں ہویا حال ملالی
شان خلافت بخشی اللہ نے آدم خوشحالی
تے شیطان نہ قدر پچھاتا قسمت دی بدفالی
آدم وقت گزارے خوش ہو ساتھ حوّا خوشحالی
منع کیتا اک شجروں اللہ نہ کھانا کسے حالی
شجر بلند تناور بھارا شاخ ظاہر اقبالی
ایہ نہ لائق تیرے تائیں دور رہیو ہر حالی
انا میری پر ضرر بشر نوں ایہ نہ خام خیالی
اپنا آپ بچا اس شجروں رکھ اپنی رکھوالی
شیطان حسد تپایا دیکھی شان جو آدم والی
قرب الاہوں دور کرن دی اس تدبیر نکالی
مکر فریب دلاسے دیدے رغبت خوب اچھالی
کہندا آدم تائیں حضرت ثمر تاثر والی
کھادا ثمر آدم تے حوّا، چھٹی جنت خوشحالی
فرش زمین پر رُلدے پھردے حال بے حال ملالی



Marfat.com

مدت بعد جمع رب کیتے توبہ انہاں قبولی
وحدت تھیں کثرت دا منبع کھول دتا رب عالی
توبہ کرے جو اس شجر توں کثرت بیج کھٹالی
فخر اللہ دا ہوگ نصیبے مستی تے خوشحالی
احدیت دی بے کیف فضا تھیں ہویا راز بحالی
جامع کامل انسان محمد ﷺ دتی آن دکھالی
اوج ولایت شرف نبوت اتے مہر ختم رسولی
شہنشاہ حسن وراں دا خلق فراست عالی
جمیع اوصاف حمیدہ والا آیا صاحب کمالی
تاج لولاکی سر پر سوہے موڈھے کملی کالی
شرک شبہ ظلمت دی گردش نال ہدایت ٹالی
راہ طریقت پر چلا کے معرفت حق دکھالی
ساقی مست الستی رکھی رنداں پیش پیالی
وحدت دے قلزم دا پانی رکھ بھٹی اگ بالی
آتش عشق مچایا بھانبڑ ہر شے خود بن جالی
قائم قدیم رہیا ہو آپے ہست نیست کر ڈالی
کعبے اندر قدم ٹکایا دو عالم دے والی



Marfat.com

گر پڑے بُت سجدے اندر تک مسجود معالی
بُت نوں رکھ کے سجدہ کرنا ہے رسم کفاراں والی
بُت چھوڑو منہ کعبے موڑو ہے سنّت احمد ﷺ والی
بے پر مرغ حادث پر عنصر ہے پروازوں خالی
ہے قوت پروازی حاصل طائر لاہوت اجمالی
عقلاں ناقص ہویاں عاجز سن مقام رسولی
لی مع اللہ شان اوچیری پاک محمد ﷺ والی
نور پاک محمدی وچوں ظاہر خلعت خلقت والی
غیریّت نوں دخل نہ ایتھے ہے کار محمد ﷺ والی
انا من نور اللہ قول نبی دا جڑ بنیاد احوالی
منبع علم حلم تے حکمت خیر الوریٰ اقبالی
شان نزول سبھی اس شانوں غوث قطب ابدالی
شرف فضیلت تے بزرگی عطا محمد ﷺ والی
ڈانواں ڈول اُمت مذنب دی نیّا خوب سنبھالی
رحمت عالم رحمت کرکے کفر سیاہی ٹالی
شمس مہر کرم دا چڑھیا زمیں روشن کر ڈالی
تنزیہوں تشبیہ چمکاوے کرن محبت والی



Marfat.com

خلق ادب تہذیب اسلامی توڑی حد ضلالی
مشتاق دیدار ہوئے مستغرق سوئے پا نہالی
فضل کرم دے بادل اُمڈے بارش رحمت والی
جذب تاثیر جنہاں وچ ازلوں ہوئی شاخ ہریالی
پتھر رہے پتھر دے پتھر طبع جنہاں دی کالی
موتیا بند جنہاں وچہ اکھیاں پائی طبع رزالی
جنہاں لٹک آئینے ڈٹھی ڈنگیاں زلفاں والی
دنیاں ہیچ گئی ہوساری اگے روح بلالی
**مَـن عَـرَفَ** حضرت فرمایا اصل نہ اپنی بھالی
رسمی علم پڑھے بہتیرے مڑ چلیوں ہتھ خالی
**کُـنـتُ کَـنـزاً** والا اولا رکھیا حسن کمالی
توں جاویں تاں دلبر آوے رمز حقیقت والی
مالک مخزن مخفی توہیوں جند عشرت کیوں گالی
انت ویلے پچھتاوا رہسی نہ حسرت دید نکالی
اُمّت سرور عالم ہوکے کریں کار شیطاناں والی
پیغمبر اُمتی بنے کارن ہوہو گئے سوالی
فقر محمدی فخر اللہ دا لدنّی علم رسولی



Marfat.com

| بافیض | یا شیخ سیّد عبدالقادر جیلانی شیأً لِلّٰہ | بابرکت |
|---|---|---|

وَابۡتَغُوۡنَ فرمان قرآنی ڈھونڈو مرشد والی
خلاصی مرشد کامل باجھوں ہوگ نہ کدے سوکھالی
باجھ ملاح توں غرقن بیڑے لگن پار محالی
حرص ہوا ہوس دنیا دی فضا کرے دھندیالی
الجھن دنیا والی وچوں کرے نکاس محالی
ایہ قدرت ہتھ مرشد کامل دیوے گھول پیالی
سوختہ کرے رطوبت ساری کِذب کدورت والی
کون ومکان وچہ مرشد کامل ہے مقام اتصالی
کوٹاں چار جھکایاں جسدی زلف مخطت کالی
ہے مرشد کامل برزخ اعظم ذات خدائے تعالیٰ
مشعل نور ہدایت جسدی تاباں بدر کمالی
رکھے جو نیت طالب صادق حج گزارن والی
کرے طواف اوہ پیر اپنے دا ساتھ خلوص احوالی
لکھ لکھ واری شکر گزاراں پایا میں پیر کمالی
برکت علی شاہؒ مرشد کامل کیتی راز سنبھالی

خلیفہ غلام دستگیر راز



Marfat.com

# دربارِ محمدی ﷺ

وحدت کے نشیالے مخمور ہوئے سارے
جب نظر عنایت کی احد کے پیارے
حُسن محمدی نے عُشاق یوں ابھارے
شبیہء محمدؐ پہ قربان ہوئے سارے

دربارِ محمدی ﷺ کی پُر کیف بہاریں ہیں
عُشّاق کا مجمع ہے رحمت کی فواریں ہیں
گلزار ہے عرب کیوں نظروں میں مومن کی
مبارک ہے ہر ذرہ لحاظ ہے پنجتن کی
دنیا کو اچنبھ ہے تاثیر یہ حسن کی
صحرا کو حاصل ہے فضیلت کیوں چمن کی

دربان ہیں فرشتے عاشق ہیں درباری
معشوق کبریا سے فرمان ہوا جاری
دربار ہمارا ہو کہ خلوت ہو ہماری
جسکو حاصل ہے حاصل ہے مختاری



Marfat.com

| بابرکت | یا شیخ سیّد عبدالقادر جیلانی شیأً لِلّٰہ | بافیض |
|---|---|---|

تاثیر زباں میں ہے اور لب پہ مسیحائی
مستی ہے نظروں میں مسحور ہے خدائی
حیرت میں زمانہ ہے کہ ایسی ادا پائی
حبیب اللہ کا جلوہ ہے جلوہ کبریائی
درخشاں ہے ہر ذرہ نور محمدیؐ سے
افشاں ہے شان خدا اطوار محمدیؐ سے
فیض یاب ہوئے ہم راز دربار محمدیؐ سے
برکت ہے دَرُونِ دل اذکار محمدیؐ سے

خلیفہ غلام دستگیر راز

# شانِ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ابوطالب دے گھر شیر بہادر جنکی شان میں نادِ علی ہے
لولاک لما درشان محمد صلی اللہ علیہ وسلم لحمک لحمی شانِ علی ہے
من کنت مولا آن ہے جنکی اہل عطاء در شانِ علی ہے
اُمت دا سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم لشکر دا سردار علی ہے
دلدل کا اسوار ہے حیدر، ہاتھ میں ذوالفقار پھڑی ہے
کر اسواری ناد بجایا ہلچل بیچ کفار پڑی ہے



Marfat.com

احد ناد ہے نادِ علی کا لافتاح بے شک علی ہے
نام سے جس کے رستم کانپے نائب احمد خاص علی ہے
جن بشر سر نیویں کیتے ملک نوری تعظیم کری ہے
گونج ناد کی جس دم گونجی زیر ہفت اقلیم ہوئی ہے
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کا نیزہ اَلَم تَرَکَیفَ شمشیر علی ہے
خیبر توڑا منہ نہ موڑا صدا ناد کی خوب دھمی ہے
لال دو حسن حسین شہزادے برکت گھر بار علی ہے
کیا اللہ نام تصدق کنبہ تن من دھن نثار علی ہے
شیأً لِلّٰه کرے تجلا ولیوں کا سرتاج محی ہے
علی ہے کاردار محمد ﷺ دستگیر دیوان نبی ہے
المدد مشکل کشا کہو کیا دیو کیا جن پری ہے
آسیب فریب جادو ہو باطل ہیبت غالب شاہ علی ہے
اے راز جو سمرے شاہ علی کو غیب سے آ امداد ملی ہے
علی علی کرتے تر گئے لاکھوں ہر بلا اُفتاد ٹلی ہے
درود بر محمد ﷺ صلوات بر علی مدح محی الدین برکت علی ولی
صدقہ حسن حسین کرو امداد یاعلی یاعلی یاعلی

خلیفہ غلام دستگیر راز



Marfat.com

# شانِ حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ

پادشاہ ہر دو عالم شاہ عبدالقادر است
سرور اولاد آدم شاہ عبدالقادر است
آفتاب و ماہتاب و عرش و کرسی و قلم
نور قلب از نور اعظم شاہ عبدالقادر است
غوث اعظم درمیاں اولیا چوں محمد درمیاں انبیا
شاہِ شاہاں شاہ عبدالقادر است
دلنشیں و دلرُبا و دل است
محمد گُل است و علی بوئے گُل
بُود فاطمہ درمیاں بوئے گُل
چوں عطرش برآمد حسین و حسن
بود غوث گلدستہ پنجتن
دو سَت سے مرکب ہے وجود مقدس تیرا
نسبت بتول و حیدر کا ہے خاصا تیرا
تو گُل پاک وشگفتہ از باغ حسن



Marfat.com

حسینی آغوش نبی پاک پنگوڑا تیرا
مجبی اور محبوبی تیرے ہر دو مراتب اعلیٰ
سید حسنی و حسینی جوہر ہے ہویدا تیرا
یا غوث الاعظم کہہ کے تجھے حق نے پکارا
دستگیر دو عالم لے نام زمانہ تیرا
محبوب سبحانی تیرا ثانی نہیں کوئی جہاں میں
اعظم اسم ہوا ہے اسم حسنیٰ تیرا
کیا صفت تیری کرے یہ راز گدا آل رسول
کُل اولیا کے کندھے ہے قدم رنجہ تیرا

خلیفہ غلام دستگیر راز



Marfat.com

# تذکرہِ عظیم حیاتِ جاوداں اعلٰحضرت شیخ المشائخ جناب سیّد برکت علی شاہ

## سفرِ نورِ الٰہی و مصطفائی

نورِ الٰہی کا سفر:۔ جب کچھ نہ تھا تو اللہ تعالیٰ تھا اور اللہ تعالیٰ ہے جب کچھ نہ ہوگا تو اللہ تعالیٰ ہوگا۔ حسبِ خواہش اللہ تعالیٰ کو خود کو دیکھنے کا شوق ہوا تو خود کو دیکھنے کے لیے آئینہ چاہیے انسان نے اگر اپنی آنکھوں میں سرمہ ڈالا ہو تو اپنی آنکھوں میں سرمہ دیکھنے کیلئے ایک آئینے کی ضرورت پڑتی ہے۔ اپنے شوق اور عشق کو پورا کرنے کیلئے اپنے نور سے نور جدا کیا اُس نور کو حضرت محمد ﷺ کا نام دیا اور اِن کو اپنا آئینہ قرار دیا۔ اس سلسلے میں حضور پاک ﷺ کی حدیث مبارکہ پیش کی جاتی ہے جو درج ذیل ہے:۔

☆ حضرت جابر عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے بیان فرمایا: ''میں نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ماں



Marfat.com

باپ آپ پر قربان! مجھے بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کس شے کو پیدا فرمایا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے جابر! بے شک اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق کو پیدا کرنے سے پہلے تیرے نبی کا نور اپنے نور سے پیدا فرمایا، یہ نور اللہ تعالیٰ کی مشیت سے جہاں اُس نے چاہا سیر کرتا رہا۔ اُس وقت نہ لوح تھی نہ قلم، نہ جنت تھی نہ دوزخ، نہ کوئی فرشتہ تھا، نہ آسمان تھا نہ زمین، نہ سورج تھا نہ چاند تارے، نہ جن تھے اور نہ انسان، جب اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا کہ مخلوق کو پیدا کرے تو اُس نے اُس نور کو چار حصوں میں تقسیم کر دیا۔ پہلے حصے سے قلم بنایا، دوسرے حصہ سے لوح اور تیسرے حصہ سے عرش بنایا۔ پھر چوتھے حصہ کو مزید چار حصوں میں تقسیم کیا تو پہلے حصہ سے عرش اٹھانے والے فرشتے بنائے اور دوسرے حصہ سے کرسی اور تیسرے حصہ سے باقی فرشتے پیدا کیے۔ پھر چوتھے حصے کو مزید چار حصوں میں تقسیم کیا تو پہلے حصہ سے آسمان بنا، دوسرے حصہ سے زمین اور تیسرے حصہ سے جنت اور دوزخ بنائی۔

---

الحدیث رقم 11 اخرجه عبد الرزاق فی المصنف (الجزء المفقود من الجزء الاول من المصنف) 63/1 الرقم:63، والقسطلانی فی المواهب اللدنیة، 71/1، وقال: اخرجه عبد الرزاق بسنده، والزرقانی شرح المواهب اللدنیة: المنهاج السّوی

☆ مذکورہ بالا حدیث کی روح سے کائنات کی ہر شہ مثلاً فلک، زمین سورج، چاند، ستارے، لوح وقلم، عرش وکرسی، جنت دوزخ اور فرشتے پیدا کیے گئے اس کے علاوہ



Marfat.com

درند، پرند، چرند اور نباتات وغیرہ کائنات کی ہر شہ حضور پاک ﷺ کے نور سے پیدا کی گئی اسطرح کل کائنات حضور پاک ﷺ کی محرونِ منت ہے۔ایک اور حدیث مبارکہ جس کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت میسرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عبد اللہ بن شفیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے: آپ ﷺ سے پوچھا گیا کہ آپ کب شرفِ نبوت سے سرفراز کیے گئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جب مجھ سے میثاقِ نبوت لیا گیا اُس وقت حضرت آدم علیہ السلام ابھی روح، مٹی اور جسم کے درمیانی مرحلے میں تھے یعنی ابھی تک روح وجسم کا تعلق قائم نہ ہوا تھا۔

---

۳۹۲/۱،الرقم:۶۵۳،والسیوطی فی الخصائص الکبری،۱/۷۔۸،۱۸،وایضاً فی الحاوی للفتاوی، ۱۰۰/۲،والقسطلانی فی المواهب اللدنیة،۶۰/۱،والهیثمی فی مجمع الزوائد،۲۲۳/۸، وقال: رواه الطبرانی والبزار،وذکره الالبانی فی سلسلة الاحادیث الصحیحة،۴۷۱/۴،الرقم:۱۸۵۶۔

☆ ایک اور حدیث:۔

## ''انا من نور اللہ وکل خلائق من نوری''

ترجمہ: میں اللہ کے نور سے ہوں اور تمام مخلوق میرے نور سے ہے۔

---

الوفا باحوال المصطفیٰ تشریح حاشیہ امام عبدالرحمن ابن جوزی صفحہ 207۔مرقاۃ جلد نمبر 1صفحہ 144۔مدارج جلد نمبر1،صفحہ 2اور جلد ثانی صفحہ 2۔

☆ اِن احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور پاک ﷺ کا نور حضرت آدم علیہ



Marfat.com

السلام کی پیدائش سے پہلے موجود تھا اور کائنات کی تمام مخلوق آپ کے نور سے تخلیق کی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضور پاک ﷺ کو اپنے نقشِ پر پیدا کیا (القرآن سورۃ التغابن آیت نمبر ۳) ''**خلق السموات والارض بالحق وصورکم فاحسن صورکم والیہ المصیر**'' ترجمہ: اُسی نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر پیدا کیا اور تمہارا نقشہ بنایا سو عمدہ نقشہ بنایا۔ انجیل مقدس کی آیت نمبر 6 اور حدیث قدسیہ **(ان اللّٰہ خلق آدم علی صورتہ)** ترجمہ: ''تحقیق اللہ تعالیٰ نے آدم کو اپنی صورت پر پیدا کیا''۔ سورۃ الفاتحہ کی پہلی آیت الحمدللہ کا مطلب یہ ہے کہ سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے بارے میں سورۃ القمان آیت نمبر 27۔ میں فرمایا **ولوان ما فی الارض من شجرۃ اقلام والبحر یمدہ من بعدہ سبعۃ ابحر ما نفدت کلمت اللہ ان اللہ عزیز حکیم۔** ترجمہ: ''اور جتنے درخت زمین بھر میں ہیں اگر وہ سب قلم بن جائیں اور یہ جو سمندر ہے اس کے علاوہ سات سمندر اور ہو جاویں تو اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں بے شک خدا تعالیٰ زبردست حکمت والا ہے۔'' مطلب یہ ہوا کہ تمام درختوں کی قلمیں اور سات سمندر بھر جتنی سیاہی ہو جائے تو اللہ کی تعریف نہیں ہو سکتی اِسطرح اللہ نے اپنے نور سے حضور پاک ﷺ کا نور علیحدہ کر کے اُس کا نام '' محمد ﷺ '' رکھا ہے۔ اِس لفظ کا مطلب یہ ہے کہ جس کی تعریف کر دی گئی ہو اُوپر والی حدیث اور



Marfat.com

آیت کے مطابق اللہ تعالیٰ کی تعریف نہیں ہوسکتی اور نہ ہی کائنات میں سے کوئی ہستی حضور پاک ﷺ کی تعریف کرسکتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی خود تعریف کی ہوئی ہے اور یہ ہستی کسی غیر کی تعریف کی محتاج نہیں۔

☆ اِس کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو حضور پاک ﷺ کے نقش پر پیدا کیا اور حضور پاک ﷺ کا نور حضرت آدم علیہ السلام کے صُلب میں رکھ دیا۔

☆ شجرہ نسبِ اقدس حضرت آدم علیہ السلام سے حضور پاک ﷺ تک ذیل تحریر کیا گیا ہے حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام تک کا نسب نامہ انجیل مقدس کے صفحہ نمبر 8,9 اور 12,13 سے منتخب کیا گیا ہے اس کے علاوہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے حضور پاک ﷺ تک کا شجرہ نسب ''الوافا باحوالِ مصطفےٰ ﷺ از امام عبد الرحمٰن ابنِ جوزی صفحہ نمبر 97''، شبلی نعمانی کی کتاب سیرتِ النبی ﷺ صفحہ نمبر 108 سے اخذ کیا گیا ہے جو درج ذیل ہے:۔

1. حضرت آدم علیہ السلام
2. حضرت شیث علیہ السلام
3. انوش
4. قینان
5. محلل ایل
6. یارد
7. حنوک یا اخنوک
8. متوسلح یا حضرت ادریس



Marfat.com

| باافیض | یا شیخ سیّد عبدالقادر جیلانی شیأً لِلّٰہ | بابرکت |
|---|---|---|

9. لمک یا لامک لامخ
10. حضرت نوح علیہ السلام
11. سام
12. ارفکسد یا ارفخشد
13. شالخ قینان یا سلخ
14. عابر یا عبر
15. فالغ یا فلج
16. ارغو یا رغو
17. ساروغ یا سروج
18. ناحور یا نحور
19. تارح
20. حضرت ابراہیم علیہ السلام
21. حضرت اسمٰعیل علیہ السلام
22. نایت یا نابت
23. المقوم
24. تارخ
25. یشجب
26. یعرب
27. عدو یا ادو
28. عدنان
29. معد
30. نزار
31. حضر
32. الیاس
33. مدرکہ
34. خزیمہ
35. کنانہ
36. نفر
37. مالک
38. فہر
39. غالب
40. لوئی
41. کعب
42. مرہ



Marfat.com

43. کلاب
44. قصی
45. عبدالمناف
46. بن ہاشم
47. حضرت عبدالمطلب
48. حضرت عبداللہ
49. حضرت محمد ﷺ

☆ حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے نکالے جانے کے بعد اُن کی توبہ بھی حضور پاک ﷺ کے وسیلہ سے قبول ہوئی۔(اے اللہ مجھے حضرت محمد ﷺ کے طفیل بخش دے) دیکھئے کتاب (مخزن فیض صفحہ 9) اِس طرح یہ نورِ محمدی ﷺ کئی ہزار سال قطبی ستارے میں رہا اور مختلف صلبوں سے سفر کرتا ہوا شجرہ نسب کے مطابق آخر کار سن 571ء بروز سوموار کو حضرت عبداللہ کے صلب اور حضرت آمنہ کے بطن پاک سے پیدا ہوا۔اس کائنات میں ظہور پذیر ہونے کے بعد حضور پاک ﷺ نے اپنی سچائی اور پاکیزگی کو اپنے کردار سے ثابت کیا۔چالیس سال غارِ حرا میں گزارنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق اپنی نبوت کا اعلان کیا اِس نورِ نبوت نے اپنے آپ کو بشری لبادے میں ملبوس کر کے چھپائے رکھا لیکن آپ نے اپنی بعض حدیث مبارکہ اور قرآن پاک کی بعض آیتوں (حروفِ مقطعات) کے ذریعے اپنے ازلی اور لافانی وجود کے بارے میں اشارے دیئے ہیں۔جسے اقبال نے یوں بیان کیا ہے:۔



Marfat.com

اگر نہ ہو تجھے الجھن تو کھول کے بیان کر دوں
وجودِ حضرت انسان نہ روح ہے نہ بدن

☆ایک اور حدیث کے مطابق راوی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ کیا تم میرا رُخ اُدھر دیکھتے ہو اللہ تعالیٰ کی قسم مجھ پر تمہارے رکوع اور تمہارے سجود پوشیدہ نہیں میں تمہیں اپنی پیٹھ پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں۔

---

صحیح بخاری شریف جلد نمبر 1، صفحہ 226، حدیث نمبر 267۔ مسلم شریف جلد نمبر 1، صفحہ 429، حدیث نمبر 950۔ امام جوزی صفحہ نمبر 395۔

☆ اس کے علاوہ مخزن فیض حدیث نمبر 6، صفحہ 62 "من رأنی فقد رأی الحق" ترجمہ: "جس نے مجھے دیکھا اُس نے خدا کو دیکھا" یہ حدیثِ قدسیہ سن کر ایک شخص حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا اور کہنے لگا:۔ اے علیؓ آپ کے نبی نے ایک نئی بات "جس نے مجھے دیکھا اُس نے خدا کو دیکھا" کی ہے۔اے علیؓ تو پھر ابوجہل نے بھی دیکھا ہے حضرت علیؓ نے فرمایا کہ یہی اِک راز ہے کہ ابوجہل نے دیکھا لیکن نہیں دیکھا۔ایک اور حدیثِ قدسیہ کتاب مخزن فیض حدیث نمبر 34، صفحہ 69 پر درج ہے یہاں بھی دی جاتی ہے:۔

☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو میرے کسی ولی سے دشمنی رکھے میں اُس سے



Marfat.com

اعلانِ جنگ کرتا ہوں اور میرا بندہ ایسی کسی چیز کے ذریعے میرا قرب نہیں پاتا جو مجھے فرائض سے زیادہ محبوب ہو اور میرا بندہ نفلی عبادات کے ذریعے برابر میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اُس سے محبت کرنے لگتا ہوں اور جب میں اُس سے محبت کرتا ہوں تو اُس کی زبان بن جاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے اور اُس کا کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اُس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اُس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اُس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے اگر وہ مجھ سے سوال کرتا ہے تو میں اُسے ضرور عطا کرتا ہوں اور اگر وہ میری پناہ مانگتا ہے تو میں ضرور اُسے پناہ دیتا ہوں۔ میں نے جو کام کرنا ہوتا ہے اُس میں کبھی اس طرح متردد نہیں ہوتا جیسے بندۂ مومن کی جان لینے میں ہوتا ہوں۔ اُسے موت پسند نہیں اور مجھے اُس کی تکلیف پسند نہیں''۔

---

الحدیث رقم68: اخرجه ابوداود فی السنن، کتاب : البیوع ،باب : فی الرهن،3:288، الرقم 3527،سورۃ یونس ،362/6، المنهاج السّوی۔صفحه نمبر645

☆ حضور پاک ﷺ نے اکثر فرمایا کہ (عبدہ) یعنی میں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں تو اُوپر والی حدیثِ قدسیہ میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ جو بندہ میرا ہو جائے تو میں اُس کی زبان ، کان ، آنکھ ، ہاتھ اور پاؤں بن جاتا ہوں ۔اس کے علاوہ القرآن سورۃ الفاتح آیت نمبر10۔ ''ان الذین یبایعونك انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیھم ''ترجمہ: جولوگ آپ سے



Marfat.com

بیعت کر رہے ہیں تو وہ (واقع میں) اللہ سے بیعت کر رہے ہیں خدا کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے ۔اللہ کے اِس حکم پر غور کریں کہ حضور پاک ﷺ کے ہاتھ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ ہیں تو باقی وجود کس کا ہے ۔اس کے علاوہ کتاب مخزن فیض کے باب فضائل اہلِ بیعت میں حدیث نمبر 4,5 صفحہ نمبر 115، حدیث نمبر 9 ،صفحہ 117، حدیث نمبر 14،صفحہ 118،حدیث نمبر 19،صفحہ 120 کی روح سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور پاک ﷺ کے دستے مبارک پر بیعت کر کے حضور پاک ﷺ کا ازلی اور باطنی وجود حاصل کیا تو حضور پاک ﷺ نے فرمایا دیا کہ ''جس کا میں مولا اُس کا علی مولا'' ''میں علم کا شہر ہوں علی اُس کا دروازہ'' اور مذکورہ بالا حدیث نمبر 19 کی روح سے جب لحمک لحمی مقام حاصل کیا تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ شیر خدا خیبر شکن امام اوّل اور مشکل کشا ٹھہرے اور یہی وجود ازلی کا مقام حضرت امام حسینؓ کے پاس پہنچا آپ ﷺ نے فرما دیا کہ ''حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں'' دیکھئے کتاب مخزن فیض حدیث نمبر 12 صفحہ 118 حضرت امام حسینؓ نے اِس مقام کی ''اپنے خاندان اور دوستوں کی قربانی دے کر آبیاری کی اور سیّد الشہدا کا مقام حاصل کیا ۔اِس کے بعد یہی باطنی وجود سفر طے کرتا ہوں اور مختلف واسطوں سے ہوتا ہوا جناب حضرت پیر سیّد عبدالقادر جیلانیؒ تک پہنچا تو آپ محی الدین (دین زندہ کرنے والے) دستگیر غوث الاعظم اور محبوب الٰہی کے القابات سے نوازے گئے۔



Marfat.com

پادشاہ ہر دو عالم شاہ عبدالقادر است
سرورِ اولاد آدم شاہ عبدالقادر است
غوث اعظم درمیانِ اولیا چوں محمد ﷺ درمیاں انبیا
شاہ شاہاں شاہ عبدالقادر است



۱۴۳۸۱۴

Marfat.com

# اعلیٰحضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کے آباء واجداد کی برصغیر ہند میں آمد

☆ آپ (حضرت پیر برکت علی شاہ صاحب) کے آباؤ اجداد عرب سے عراق اور ایران کے راستے مختلف ادوار میں مختلف حکمرانوں کے ظلم وستم سہتے ہوئے ترمذ پہنچے۔ یہاں سے جب محمود غزنوی نے لاہور کو فتح کیا تو اُس کو ضرورت پڑی کہ لاہور میں کوئی اعلیٰ نسل، صاحب تدبیر اور انصاف پسند قاضی مقرر کیا جائے تو اُس نے اپنے وزراء اور مشیروں سے مشورہ کیا تو اس میں شاہ منور غازی سے بہتر کسی کو نہیں پایا۔ کیونکہ آپ بہادری اور دانشوری میں سب سے یکتا تھے اور محمود غزنوی کے ساتھ مختلف مہمات میں شامل رہتے تھے۔ محمود غزنوی آپ کے علم وفراست سے بخوبی واقف تھا تو اُس نے آپ سے درخواست کی اور آپ نے اِس کی درخواست کو قبول کیا تو اس نے آپ کو لاہور کے قاضی کے عہدے پر فائز کیا آپ نے باقی زندگی لاہور میں ہی گزاری اور لاہور میں ہی وصال فرمایا۔ آپ کے وصال کے بعد محمود غزنوی نے آپ کا مزار مبارک تعمیر کروایا اور وہاں ایک مسجد اور کنواں بھی بنوایا۔ جب آپ قاضی کے فرائض کے لئے لاہور تشریف لائے تو



Marfat.com

آپ کے ساتھ آپ کے دو بھائی بھی تشریف لائے۔ایک بھائی لاہور سے ملتان تشریف لے گئے اور وہیں رہائش اختیار کی۔دوسرے بھائی کچھ وقت کے بعد دوبارہ ترمذواپس تشریف لے گئے۔پیر سیّد برکت علی شاہ کے بڑے بزرگ بابا حیدرشاہ عرف سیّد بھون شاہ حضرت سیّد منورشاہ غازی کی چودھویں پشت سے سیّد جمیل شاہ صاحب کے بیٹے تھے حضرت بابا حیدرشاہ عرف سیّد بھون شاہ ہندوستان کے علاقہ لدھیانہ تشریف لے آئے اور یہاں ہی رہنے لگے۔حضرت سیّد حیدرشاہ عرف بھون شاہ ایک جگہ مستقل طور پر قیام نہیں کرتے تھے اکثر چلتے پھرتے رہتے اس لئے ان کا عرف بھون شاہ مشہور ہوگیا۔اِسی بنا پر اس قصبے کا نام بھونڈری شریف مشہور ہوگیا۔

PANJAB UNIVERSITY



Marfat.com

# حضرت بابا حیدر شاہ عرف بھون شاہ صاحب سے بادشاہ فیروز تغلق کی ملاقات

☆ بادشاہ فیروز تغلق 709ہجری مطابق 1309ء میں پیدا ہوئے ۔تقریباً 1351ء میں دہلی کی حکومت سنبھالی۔اِس بادشاہ کے تعلقات اکثر بزرگانِ دین (مثلاً شیخ نصیر الدین محمود ، حضرت چراغ دہلوی ، شیخ قطب دین منور ،سیّد جلال الدین بخاری) سے تھے ۔اِن بزرگوں سے بادشاہ کو بہت عقیدت تھی ۔اکثر اُن سے سلطنت کے بارے ہدایات لیتے اوردعائیں کرواتے تھے۔ 1351ء میں حکومت سنبھالنے کے بعد اُس نے اپنی سلطنت کومزید وسعت دینے کا ارادہ کیا۔ دوسرے علاقوں کوزیر کرنے کے لیے حملے کرنے شروع کردیے ۔اِس سلسلہ میں بادشاہ نے سندھ کے علاقہ ٹھٹھہ پر 1361ء میں حملہ کیا لیکن زبان ،موسم اور دیگر مخالف حالات کی وجہ سے اِس علاقہ کو فتح نہ کرسکے جسکی وجہ سے بادشاہ نے واپسی کا ارادہ کیا۔

☆ فیروشاہ تغلق کی ٹھٹھہ سے واپسی پر چند سندھی اشخاص اہلِ لشکر سے چند قدم آگے تھے اورفوج کی راہبری کر رہے تھے۔سندھی راہبر اِس لشکر کو واپسی کے



Marfat.com

اصل راستے سے ہٹا کر مشکل راستے کی طرف لے گئے۔ جہاں پینے کے پانی کی قلت تھی جو زمینی پانی تھا وہ شور زدہ تھا اس مقام کے پانی کی شوریدگی کا یہ عالم تھا کہ اگر اس کا ایک قطرہ بھی زبان پر رکھا جاتا تو زبان پاش پاش ہو جاتی۔ اہل لشکر کو جب علم ہوا تو اِن سندھی راہبروں کو پکڑ کر بادشاہ کے سامنے پیش کیا اُنھوں نے اقرار کیا کہ اُنھوں نے مکاری و غداری سے لشکر کی غلط راہنمائی کی اور ایسی جگہ پر لے آئے ہیں جہاں انسان کا زندہ وسلامت رہنا ناممکن ہے۔ یہاں ہوا کی طرح اُڑنے یا دُوڑنے سے بھی اِس مقام سے نجات پانا محال ہے اِن سندھی راہبروں کو بادشاہ نے قتل کروادیا اور حکم دیا کہ تمام لشکر کیلئے آب شیریں مہیا کیا جائے لیکن جہاں تک نظر کام کرتی تھی صرف آبِ شور ہی نظر آتا تھا۔ اور ہر طرف گھنا جنگل ہی جنگل تھا۔ ایسا جنگل تھا کہ اِس جنگل میں ہر طرف ہو کا عالم تھا غرض کہ ایک ہولناک جنگل تھا قحط کی شدت اور ضعف و بیماری کیوجہ سے پیادہ پائی و بیچارگی اور مصیبت کے سبب تمام لشکر جان سے تنگ آ گیا۔ ہر شخص کا یہ حال تھا تھوڑا سا چل کر درخت کے سائے میں بیٹھ جاتا اس طرح ہر شخص کو اپنی جان کی پڑی ہوئی تھی بادشاہ اس صورتِ حال سے بہت پریشان تھا یہاں تک کہ حالات نے طول پکڑا کہ 6ماہ تک بادشاہ کے متعلق دہلی تک کوئی اطلاع نہ پہنچی تمام شہر میں یہ شور بلند ہوا کہ فیروز شاہ تغلق مع لشکر کے غائب ہو گیا۔ ہر منزل میں ہزاروں انسان و جانور



Marfat.com

تلف ہوئے بادشاہ سفر کی منزلیں طے کرتا کرتا ایک ایسے مقام پر پہنچا اور دیکھا کہ ایک درخت کے سائے تلے پیر مرد فقیر بیٹھا ہوا تھا تو بادشاہ کو جب خبر ہوئی تو اِس مرد فقیر کے حضور پیش ہوا اور دست بدستہ سلام کے بعد اپنی مصیبت اور خستہ حالی بیان کی بادشاہ نے سوال کیا؟ کیا تمہارے دل میں کوئی تمنا ہے تو اُس مرد فقیر نے جواب دیا کہ مجھ پر بے شمار فاقے گزرے ہیں پاس کچھ نہیں بادشاہ نے حکم دیا کہ فقیر کو دو تنکے زر عطا کیا جائے۔ بادشاہ کا حکم سن کر وہ پیر مرد بادشاہ کی طرف دیکھ کر مسکرایا اور اپنے مصلّے کے نیچے سے دس تنکے زر نکال کر بادشاہ کو دیے۔ بادشاہ نہایت حیران ہوا اور عرض کی کہ ہمارے پاس کھانے پینے کو کچھ نہیں اور چھ ماہ سے دربدر بھٹک رہے ہیں۔ ہماری مشکل آسان کی جائے تو اُس پیر قلندر نے اپنے لوٹے کے منہ پر کپڑا باندھ کر فرمایا اِس میں سے جتنا چاہے پانی لے لو لیکن اِس کا کپڑا کھولنا نہیں۔ بادشاہ نے خود اپنی پیاس بجھائی اور اسکے بعد تمام لشکر نے سیر ہو کر پانی پیا اور اپنے جانوروں کو بھی پلایا اور پھر عرض کی کہ جناب کیا اب ہم اپنے مشکیزوں میں بھی پانی ڈال سکتے ہیں اُدھر رحمت جوش میں تھی فرمایا ہاں جتنا چاہو پانی لے لو اور دہلی کو واپسی اختیار کرو۔ جب بادشاہ کی غرض پوری ہوئی تو عرض کی کہ جناب آپ اس جنگل میں اکیلے بیٹھے ہیں اور حالت بھی کمزور ہے میری یہ تمنا ہے کہ جب آپ کا آخری وقت آئے تو میں آ کر آپ کو سنبھالوں میرے لیے یہ



Marfat.com

خوش نصیبی ہوگی۔آپ نے وہاں سے اِک پھول فیروز شاہ کو دیا اور فرمایا کہ اِس پھُول کو قرآن کریم میں رکھو اور جب بھی تلاوت کرو تو اِس کو دیکھنا کہ جب تک یہ پھُول ہرا بھرا رہے گا ہم یہاں موجود ہوں گے لیکن جب یہ پھُول مُرجھائے تو فوراً چلے آنا تب ہمارا آخری وقت ہوگا۔ فیروز شاہ وہاں خیریت سے چھ ماہ بعد دہلی پہنچا ۔ایک دن تلاوت کیلئے قرآن شریف کو کھولا تو دیکھا کہ وہ پھول مُرجھایا ہوا ہے چنانچہ بادشاہ نے وہاں سے اینٹ اور چونا اپنے ساتھ لیا اور اُس جنگل میں جا پہنچا تو کیا دیکھتا ہے کہ وہ بزرگ کمزوری کی وجہ سے لیٹے ہوئے تھے اُس بزرگ نے فرمایا کہ فیروز شاہ آگئے ہو۔ہم نے اپنا وعدہ پورا کیا۔بادشاہ نے آپ کے جد امجد اور اولاد کا پوچھا کہ وہ کہاں ہیں؟ آپ نے فرمایا کے وہ لاہور میں ہیں۔تو آپ کا وصال ہوگیا تو بادشاہ نے وہاں آپ کا مزار تعمیر کیا اور لاہور سے آپ کے والدِ گرامی سید جمیل شاہ اور صاحبزادے سید نورنگ شاہ کو لاہور سے لاکر بھونڈری شریف ضلع لدھیانہ (انڈیا) میں آباد کیا۔اور وہاں سے جنگل کو صاف کروا کر زمین کو آباد کیا۔ جگہ کا نام آپ کے نامِ گرامی کی نسبت سے رکھا۔سیّد حیدر شاہ کا شجرہ نسب کچھ درجوں سے ہوتا ہوا حضرت سیّد غازی منور شاہ سے جا ملتا ہے۔آپ کی جدِامجد بھونڈری شریف میں ہی آباد ہے۔یہاں بعد میں کچھ راجپوت برادری بھی آکر آباد ہوگئی۔



Marfat.com

☆ مابدولت 1999ء میں بھونڈری شریف (انڈیا) گئے تھے اُس وقت دربار حیدرشاہ عرف بھون شاہ کی حالت بہت خستہ تھی کیونکہ اسے بادشاہ فیروزشاہ تغلق نے اپنے زمانے میں تعمیر کروایا تھا۔اب وہاں کے لوگوں /دوستوں کے پُرزور مطالبہ پر کہ دربارشریف کوشہید کر کے دوبارہ تعمیر کیا جائے چنانچہ میں نے دربار کو شہید کرواکر دوبارہ بنیادرکھی جسکے تحت دربار دوبارہ تعمیر کیا گیااوراُس کی موجودہ حالت آپ سامنے تصویر میں ملاحظہ فرمائیں۔

## ایک اور کربلا

☆ 28 جنوری 1846ء میں دریائے ستلج کے قریب ایسٹ انڈیا کمپنی اورسکھ راج کے درمیان عالی وال نزد بھونڈری شریف پہلی اینگلوسکھ جنگ لڑی گئی جس میں برطانوی حکومت کی فتح ہوئی۔ برطانیہ کی طرف سے ہری سمتھ (Harry Smith) اورسکھوں کی جانب سے رنجودسنگھ مجیٹھا(Ranjodh Singh Majithia)نے فوج کی کمانڈ کی ۔اِس جنگ میں برطانیہ کی طرف سے 12000فوج اور32 گنوں سے سکھوں کی 20,000فوج اور70 گنوں سے مقابلہ ہوا۔ عالی وال سے جب سکھ پسپا ہونے لگے تو پیچھے بھونڈری شریف کا قصبہ تھا تو اُس کے آگے



Marfat.com

دریائے ستلج تھا جب سکھ پسپا ہوئے تو اُنہوں نے بھونڈری شریف کے سادات سے پناہ طلب کی ۔سب سادات کرام کا فیصلہ ہوا کہ جو ہماری پناہ میں آ گیا ہم اُسے پناہ دیں گے چاہیں جان بھی چلی جائے ۔ انگریزوں سے بات چیت ہوئی انگریز نے کہا یہ سکھ ہمارے باغی ہیں اِنہیں ہمارے حوالے کیا جائے لیکن سادات کرام کے وفد نے کہا کہ اب وہ ہماری پناہ میں ہیں ہم آپ کے حوالے نہیں کر سکتے ۔جب معاملات طے نہ ہوئے تو انگریزوں نے کہا کہ پھر جنگ کیلئے تیار ہو جاؤ ۔ انگریزوں نے بھونڈری شریف پر توپوں سے حملہ کیا تو وہ گولے گاؤں کی بجائے آگے دریا میں جا کر گر رہے تھے ۔ برطانوی فوج کے کمانڈر نے پتہ کروایا کہ اِس گاؤں پر توپ کا گولہ کیوں نہیں گر رہا۔تو اُس کو بتایا گیا کہ اِس گاؤں میں سب سادات کرام ہیں اور اِس گاؤں میں سیّد حیدر شاہ صاحب کا مزار بھی ہے یہ بزرگ اِس گاؤں پر گولہ باری نہیں ہونے دیں گے ۔ برطانوی فوج نے پیدل گاؤں پر حملہ کیا تو سادات کرام نے فوج کا مقابلہ کیا اور سکھوں کو دریائے ستلج کے اُس پار فرار کروا دیا ۔ اِس بات کی پاداش میں برطانوی فوج نے گاؤں کو آگ لگا دی ۔ گاؤں کے سب جوانوں ، بوڑھوں ، بچوں اور عورتوں کو شہید کرنا شروع کر دیا گلیوں میں ہر طرف کہرام مچا ہوا تھا نعشیں بکھری پڑی تھیں اور گلیوں میں خون پانی کی طرح بہہ رہا تھا تمام گاؤں کو جلا کر راکھ کا ڈھیر بنا دیا گیا اور گاؤں میں کسی کو بھی زندہ نہیں چھوڑا گیا ۔سادات کرام کا تمام تاریخی ورثہ اور نوادرات جو وہ ترمذ اور



Marfat.com



دربار

حضرت بابا حیدر شاہ عرف بھون شاہ، بھونڈری شریف (انڈیا)

Marfat.com

Marfat.com



ڈیرہ

حضرت پیر سید برکت علی شاہ صاحب قادری

ڈھگارہ شریف (انڈیا)

Marfat.com

Marfat.com

لاہور سے اپنے ساتھ لے کر آئے تھے وہ سب ختم کر دیا گیا تمام کتب کو آگ لگا دی گئی صرف چند افراد جو وہاں موجود نہیں تھے وہ بچے ۔اِس جنگ کے بعد پورا گاؤں جلے ہوئے کھنڈر میں تبدیل ہو گیا ۔اِس ظلم وستم کے اثرات آج بھی بھونڈری شریف میں موجود ہیں۔آج بھی وہاں کھدائی سے مختلف برتن یا سامان جلی ہوئی حالت میں ملتے ہیں۔گاؤں کے لوگ وہاں کھدائی کرتے ہیں تو سرخ رنگ کی جلی ہوئی مٹی وہاں سے نکلتی ہے جو انگریز کے ظلم وستم کو بیان کرتی ہے۔ صرف اورصرف سیّد حیدر شاہ کا مزار اپنی اصلی حالت میں برقرار رہا۔ جو چند افراد بچے تھے وہ دوبارہ گاؤں میں آ کر آباد ہو گئے اِن کے تعلقات راجپوت برادری سے بہت اچھے تھے اِس لئے گاؤں میں راجپوت آ کر آباد ہوئے اِس جنگ میں باقی خاندان کے ساتھ ساتھ بزرگ سیّد ہدایت اللہ شاہ صاحب اوراُن کے بیٹے سیّد حاکم علی شاہ صاحب تھے اُنہوں نے بھی جام شہادت نوش کیا۔سیّد بھیکے شاہ ہی باقی زندہ رہ گئے تھے جو جنگ کے وقت گاؤں میں موجود نہیں تھے۔

☆ جیسا کہ اُوپر تحریر کردہ واقعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سکھوں نے سادات خاندان سے انگریزوں کے ظلم سے پناہ مانگی اس وقت کے سادات خاندان کے بزرگوں نے اپنی خاندانی روایات اور ہاشمی گھرانے کی شان کے مطابق سکھوں کو پناہ دی۔ اور اپنی جانوں اور ناموس وعزت تک کی پرواہ نہ کی سکھوں کو دی ہوئی زبان اور وعدے کا پاس اپنی جانوں کی قربانی دے کر پورا کیا۔انگریزوں نے سکھوں کو باغی



Marfat.com

قرار دیا تھا حالانکہ وہ خود گھس بیٹھئے اور قبضہ گروپ تھے۔انگریزوں نے بھونڈری شریف پر اتنا ظلم کیا کہ گلیوں بازاروں میں خون اور نعشیں بکھری پڑی تھی ایسے معلوم ہوتا تھا جیسے دوبارہ کربلا کا میدان سج گیا اور سادات کے بزرگوں نے حضرت امام حسین علیہ السلام کی قربانی کو دوبارہ زندہ کر دیا اور ظالم انگریزوں نے یزید جیسا کردار ادا کیا۔جہاں یزید جیسا ظلم ہوگا وہاں حضرت امام حسین علیہ السلام جیسا کردار بھی ہوگا۔جو سادات ہی کو زیب دیتا ہے حالانکہ بھونڈری شریف کے سادات خاندان کا کوئی ذاتی مفاد یا نفسانی خواہش نہیں تھی۔

## شجرہ نسب حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ قادری

1. حضرت بی بی فاطمہ خاتونِ جنت
   حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
2. حضرت امام حسین علیہ السلام
3. حضرت امام زین العابدین علیہ السلام
4. حضرت امام باقر علیہ السلام
5. حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام



Marfat.com

6. حضرت امام کاظم علیہ السلام

7. حضرت امام موسیٰ رضا علیہ السلام

8. حضرت امام تقی علیہ السلام

9. حضرت امام نقی علیہ السلام

10. حضرت امام حسن عسکری

11. سیّد اسمٰعیل شاہ صاحب

12. سیّد اسحاق شاہ صاحب

13. سیّد احمد شاہ صاحب

14. سیّد مرتضےٰ شاہ صاحب

15. سیّد منور غازی شاہ صاحب

16. سیّد شاہ احمد شاہ صاحب

17. سیّد عطاء اللہ شاہ صاحب

18. سیّد شاہ حسین شاہ صاحب

19. سیّد نور الدین شاہ صاحب

20. سیّد پیر بخش شاہ صاحب



Marfat.com

| بافیض | یا شیخ سیّد عبدالقادر جیلانی شیأً لِلّٰہ | بابرکت |
|---|---|---|

21. سیّد مسعود شاہ صاحب

22. سیّد نور الحق شاہ صاحب

23. سیّد احمد شاہ صاحب

24. سیّد نصیر اللہ شاہ صاحب

25. سیّد عظیم شاہ صاحب

26. سیّد مشتاق شاہ صاحب

27. سیّد جمال اللہ شاہ صاحب

28. سیّد ظفر علی شاہ ترمذی صاحب

29. سیّد جمیل شاہ صاحب

30. سیّد بھون شاہ عرف بابا حیدر شاہ صاحب

31. سیّد نور رنگ شاہ صاحب

32. سیّد شاہ محمد زماں شاہ صاحب

33. سیّد شرف الدین شاہ صاحب

34. سیّد مولانا شاہ عبدالرحمٰن صاحب

35. سیّد جمال شاہ صاحب



Marfat.com

36. سیّد لال شاہ صاحب
37. سیّد عثمان علی شاہ صاحب
38. سیّد عبد النبی شاہ صاحب
39. سیّد محمد شفیع شاہ صاحب
40. سیّد ہدایت اللہ شاہ صاحب
41. سیّد حاکم علی شاہ صاحب
42. سیّد بھیکے شاہ صاحب
43. سیّد محبوب علی شاہ صاحب
44. سیّد پیر برکت علی شاہ صاحب

## ولادت باسعادت

## حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب قادری

☆ سیّد بھیکے شاہ کی اولادِ اطہر میں دو بیٹے سیّد امیر علی شاہ اور سیّد محبوب علی شاہ تھے۔ سیّد حیدر شاہ ترمذی کا خانوادہ دوبارہ بھونڈری شریف میں آباد ہوا۔ سیّد امیر علی شاہ کے چار بیٹے 1. سیّد عطاء محمد شاہ صاحب 2. سیّد غلام جیلانی شاہ



Marfat.com

صاحب 3. سیّد علی محمد شاہ صاحب 4. سیّد فتح محمد شاہ صاحب۔ دوسرے بھائی سیّد محبوب علی شاہ کے بھی چار بیٹے تھے 1. سیّد برکت علی شاہ صاحب 2. سیّد شیر محمد شاہ صاحب 3. سیّد بہاول شیر شاہ صاحب 4. سیّد شہنشاہ شاہ صاحب تھے۔ سب کی سب اولاد اپنی اپنی جگہ یکتا اور انمول تھی لیکن جن کا ستارا سب سے زیادہ روشن پذیر ہوا اور دنیا کے کونے کونے میں نور کی کرنیں بکھیرنے لگا وہ ہستی سیّد برکت علی شاہ صاحب کی تھی جو کہ 3 مارچ 1864ء کی ایک پُر نور صبح اِس دنیا میں جلوہ افروز ہوئی۔ بچپن سے ہی مدرسوں اور بزرگوں سے تعلیمی پیاس پوری کی۔ بچپن سے ہی وعظ و نصیحت شروع کی۔ لدھیانہ، جالندھر اور جگراؤاں سے مختلف علماء اکرام وفود کی صورت میں ہمیشہ آپ کی خدمت میں حاضر رہتے تھے اور پیچیدہ دینی مسائل کو حل کرواتے تھے۔ اِس کے ساتھ ساتھ طب پر بھی آپ کو دسترس حاصل تھی۔ لا علاج مریض آپ کی خدمت میں پیش کیے جاتے تھے اور شفایاب ہو کر واپس جاتے تھے۔ آپ کے والدین نے آپکا اسم مبارک پیر برکت علی شاہ صاحب رکھا۔ آپ کے ایک خادم صوفی محمد اقبال نے آپکے نام مبارک پر اسم نامہ تحریر کیا ہے جو ذیل میں دیا گیا ہے:۔



Marfat.com

# اسم نامہ

ب برکت شاہ پیا پیارا مظہر نور حقّانی
بحرِ عمیق تے بے کنارا بے نمون نہانی
بے پرواہ کہاوے آپے بغدادی دل جانی
بلند نصیب اقبال ساڈے ملیا شاہِ جیلانی

ر رب العظیم کہاوے آپے رب الاعلیٰ
رنگ اپنے وچہ رنگی جاندا واہ رنگریز کمالا
روہڑ گواوے جھلک دکھاوے سندر صورت والا
رمز اقبال پیا دی پائی پیتا وصل پیالا

ک کرم جاں سوہنے کیتا ککھوں لکھ بنایا
کُن کہیا وچہ عشق کمالی کل وچہ جزو رُلایا
کُنتُ کَنزاً والا ماہی کر اولاًّ اج آیا
کر اقبال ادا شکرانہ کامل پیر جو پایا



Marfat.com

**ت** تنگ نظری دا ہے دعویٰ میں تو شور مچایا
تحت النفس نصیب جنہاندے تیزی عقل بلایا
تو ہی تو ہے ہر جاء سائیاں تین بن ہور نہ آیا
تو اقبال نوں مار گوایا تیرا عالی پایہ

**ع** عقلاں دی جا نہ اتھے عجز نیاز گذاراں
عشق سمندر غوطہ لا کے عینوں و عین پکاراں
عجب نظارہ مکھڑا نوری عاکس نین کٹاراں
عشق اقبال نوں عین حیاتی عشقوں دید بہاراں

**ل** لگایا چرنیں اپنی لا دی تیغ چلائی
لا علمی دا پیالہ دیکے لاہی دلوں سیاہی
لطف عنایت ہادی کیتی لنگھی حد جدائی
لایحتاج اقبال نوں کیتا لے کوبچی گل لائی

**ی** یاراں دا یار ہے خاصہ عرش فرش دا والی
یارہویں والا نام سداوے صاحب لطف کمالی
اسم مبارک پیر میرے دا ستے حرف متالی
ہفت مراتب کامل انساں برکت علیشاہ عالی



Marfat.com

''ب'' برکت ''ر'' رحمت بدلی ''ک'' کل تے وسدی
''ت'' تریاق علیلاں تائیں ''ع'' اینویں عین کشف دی
''ل'' لاموں لعل بنائے سنگ نوں نظر عطا دل رسدی
''ی'' تھیں یا شاہا اج سن لے عرض اقبال بے کس دی

# حالاتِ زندگی

☆ آپؒ شروع شروع میں چشت نگر کی گدی بھی چلاتے رہے اور آپ علمِ شریعت کے بہت بڑے داعی تھے اور اپنے خاندان میں ممتاز حیثیت رکھتے تھے۔ آپؒ کے خاندان والے آپؒ سے پوچھے بغیر کوئی کام نہیں کرتے تھے ہر کام میں آپؒ سے مشورہ لیا کرتے تھے۔آپؒ کے رشتے داروں میں سے ایک بھائی حضرت سیّد عطا محمد شاہ صاحب نے حضرت پیر شہباز خاں (سلیم پور شریف لدھیانہ انڈیا) کے دست مبارک پر بیعت کی اور علمِ لدنی حاصل کیا۔جب حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کو اِس بات کا علم ہوا کہ اُس نے ایک راجپوت خاندان کے فرد پیر شہباز خاں سے ہدایت پائی ہے تو آپ یہ سب کچھ سن کر بہت آگ بگولا ہوئے اور اپنے رشتے دار بھائی سے کہنے لگے آپ کو کیا ضرورت پڑی تھی غیر سیّد کے سامنے جھکنے کی۔آپ نے سیّد خاندان کی توہین کی ہے تو عطا محمد شاہ



Marfat.com

صاحب نے اپنے پیر و مرشد شہباز خاں کو سارا ماجرا جا سنایا تو پیر شہباز خاں نے انہیں تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ تو فکر نہ کر ہمیں برکت علی شاہ کو ملا دیں اور وہ اپنا بھل بھلیکھا نکال لے۔ کچھ عرصہ کے بعد امر وامری حضرت پیر برکت علی شاہ صاحب کی پیر شہباز خاں سے ملاقات ہوئی تو پیر شہباز خاں نے کہا میاں برکت علی شاہ یہ آپ کے نانے دادے کا دین ہے اِس میں ہمارا کوئی ذاتی کاروبار نہیں آخر کافی بحث کے بعد آپ نے اپنا سرِ تسلیم خم کر دیا اور گزارش کی جناب مجھے اپنی غلامی میں قبول کرلیں ۔پیر شہباز خاں نے کہا کے آپ سیّد زادے ہیں ہمیں کوئی عذر نہیں ہے اِس طرح آپ نے 1904ء میں ایک بابرکت دن پیر شہباز خاں کے دست مبارک پر بیعت قبول کی اور آپ کے پیشوا نے آپ کو جناب غوث الاعظم کی جان نشینی کی خلعت عطا کی ۔بیعت قبول کرتے ہی آپ نے ارادی طور پر دنیا جہاں سے تعلق توڑ کر مالک حقیقی اور خالق کائنات سے رشتہ پیوند جوڑ لیا۔آپؒ اپنے بھائی سیّد عطا محمد شاہ صاحب کا رو رو کر شکریہ ادا کرتے اور فرماتے اگر ہمیں سیدھا راہ ( اھد نا الصراط المستقیم ) نہ دیکھاتے تو ہم اوگت جاتے ۔جب آپؒ کے خاندان والوں (سادات) کو پتہ چلا پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب نے ایک راجپوت خاندان کے فرد پیر شہباز خاں کے ہاتھ پر بیعت کرلی ہے وہ لوگ بہت ناراض ہوئے کہ سیّد ہو کر راجپوت کے آگے جھکتے ہیں آپؒ کے خاندان والوں نے اپنے پورے سادات خانوادے کو اکٹھا کیا اور



Marfat.com

انہوں نے فیصلہ کیا کہ اگر پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب ہماری بات تسلیم کرتے ہیں تو ٹھیک ہے ورنہ ہم اِس سے ہر قسم کے تعلقات قطع کر لینگے اور اِس سے رشتہ داری نہیں کرینگے لیکن اِس کے باوجود حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب اپنے ارادے اور فیصلے پر مستقل مجازی سے قائم اور دائم رہے۔

☆ پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کا گاؤں موضع بھونڈری شریف دریائے ستلج کے کنارے پر ہے اور دوسرے کنارے پر موضع ڈھگارہ ہے۔اور دریا کا پیٹ (درمیانی حصہ) تقریباً دومیل کے فاصلے پر تھا دریائے ستلج میں ایک کشتی چلتی تھی جس کے ذریعے لوگ آر پار جایا کرتے تھے۔دریا کے کنارے پر ایک بوڑھ کا بہت بڑا درخت تھا تو لوگ اِس درخت کی ٹھنڈی چھاؤں میں بیٹھ کر کشتی کا انتظار کرتے۔حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ ڈھگارہ جیسی آرام گاہ جگہ کہیں بھی نہیں شہر نزدیک ہے دس قدم کے فاصلے پر کھوہ ہے اور دریا دس زریب کے فاصلے پر ہے۔یہاں ہندو اور مسلمانوں کی کافی آبادی ہے یہاں ہائی سکول بھی ہے اِس موضع کے نزدیک ٹبہ پر ایک قبرستان بھی ہے۔ دریا کے کنارے پر ایک کوٹھا ہے یہاں ایک موچی کی دوکان بھی ہے جو نئے جوتے بناتا ہے۔آپ پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کے قدم مبارک کی وجہ سے ڈھگارہ، ڈھگارہ شریف بن گیا۔

☆ دریائے ستلج کے کنارے بوڑھ کے درخت کے نیچے بیٹھ کر اکثر لوگ مولوی



Marfat.com

غلام رسول کی کتاب ''احسن القصص'' پڑھا کرتے تھے تو لوگ بڑے انہاک سے سنتے تھے لیکن لوگوں کو سمجھ وغیرہ نہیں آتی تھی۔ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب اکثر دریا کے کنارے پر آیا جایا کرتے تھے اور وہاں تشریف فرما ہوا کرتے تھے۔ جب حضور پاک نے دیکھا کہ لوگ کتاب کو بڑی توجہ سے سنتے ہیں لیکن سمجھتے نہیں آپ نے کتاب ''احسن القصص'' کے شعروں کی تفسیر کرنی شروع کر دی تو لوگ مزید توجہ دینے لگ گئے۔ دریا کے کنارے پر جو فقیریا موچی بیٹھا تھا وہ آپ کے کلام سے بہت متاثر ہوا تو اُس نے آپ حضور پاک کے دستِ مبارک پر بیعت ہونے کی خواہش کا اظہار کیا جسے پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب نے کمال شفقت سے قبول فرمایا۔ یہ موچی پہلا دوست تھا جس نے بابا صاحب کے دستِ مبارک پر بیعت کی۔ اِس فقیریا موچی نے بابا صاحب کے لیے کُھسّہ بنانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ تو موچی نے آپ سے وعدہ لیا کہ جب بھی میں چاہوں آپ کے پاؤں مبارک کا ناپ لوں آپ انکار نہیں کریں گے تو آپ نے وعدہ فرمالیا۔ اس موچی نے فقط آپؒ کے دیدار کے لیے یہ وعدہ لیا کہ آپ اِسی بہانا سے میرے پاس آتے جاتے رہیں گے اور کُھسّہ بنانے میں کافی وقت صرف کردیا اس طرح بابا صاحب موچی کے پاس تشریف لاتے رہے اور فقیریا موچی اپنے عشق کی پیاس بجاتا رہا۔

☆ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کے پیشوا سرکار پیر شہباز خاں سلیم پور



Marfat.com

شریف لدھیانہ میں رہائش پذیر تھے۔ جو بھونڈری شریف سے تقریباً دس کوس کے فاصلے پر تھا۔ آپ پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کا زرعی رقبہ بھونڈری شریف میں تھا آپ کے ہاں نوکر چاکر بھی تھے اور کھیتی باڑی کا پیشہ اختیار کیا ہوا تھا اپنے کھیتوں میں ہل چلایا کرتے تھے۔ آپ دن کے وقت کھیتوں میں کام کرتے اور رات کو پیشوا سرکار کی خدمت سرانجام دیتے اس طرح آپ نے اپنی باقی ماندہ زندگی پیشوا کی خدمت کیلئے وقف کردی۔

## اوصافِ حمیدہ

# حضور پُر نور پیر سیّد برکت علی شاہ قدس سرہ العزیز

**اوصاف:۔**

اوصاف حمیدہ شوہ برکت دے جو دیکھن وچہ آئے
مجمل کراں بیان انہاں دا اندر شوق سوائے

**خُلق:۔**

خُلق محمدی حضرت دیوچہ کُٹ کُٹ بھریا ہویا



Marfat.com

اَفصح ناصح مُشفق ہادی برکت علی بن آیا

## بے ریائی:۔

بے ریائی تے صفائی سچائی وچہ پورے
عاکس نین ستمگر نظراں کردیاں ناز نہورے

## بے پرواہی:۔

بے پرواہی سرور ناز وراں شوہ برکت کر دے کلام پیاروں
بے نیازی ورتے کدی منہ پھیرے اغیاروں
بے پرواہی دیکھ سوہنے دی کنبدے محکم وڈے
طالب صادق مرد دلاور نیوں نیوں عرض الاوندے
بے پرواہا شہنشاہا یابرکت علی سجاناں
رکھیں نظر کرم اساں پر یاسیّد سلطاناں

## اِخُلاص:۔

اخلاص من بھرپور ہویا اخلاصوں نیت نیک مصفّا
سینہ نشرح نور الاہوں لوں لوں دسے مجلّا



Marfat.com

چال:۔

سبک چال قدماں وچہ پھرتی، رکھدے نظر اگاڑی
چلدے چلدے کدی نہ حضرت دیکھیا مڑ پچھاڑی

ایفائے وعدہ:۔

وعدہ توڑ نبھاون پورا خصلت مرداں والی
پورا دین جواب مخاطب جے کوئی ہووے سوالی

طبع:۔

طبع رحمان غم خوار سوہنے دی غم دوستاں کھاوے
جے کوئی رنج ہووے، ہٹ جاوے درد، ماہی کچھ پاوے

سخاوت:۔

فیض کرم دے چھٹے دتے اتے طبق زمیں دے
ذاتاں نیچ چماراں چوہڑے تیک آندے وچ دینے
نور ہدایت نالوں وڈی ہور سخاوت ناہیں
نازک لبوں تبسم بھریوں پاؤ لطافت تائیں



Marfat.com

## صورت سیرت:۔

گندمی رنگ تے قد میانہ سیرت پاک رحمانی
خوش خصائیل انساں کامل برکت علی سبحانی

## لباس:۔

سادہ لباس رہائش سادہ چشماں مدوں بھریاں
دربار رحمت لاوے جسدم برسن نوری جھڑیاں
جس دم کوئی خادم جاوے وچہ خدمت سرکار دے
خیر عافیت پچھن گھر دی حضرت نال پیار دے
پھیر طعام تے پانی پچھدے حضرت دوست تائیں
مڑ مڑ پچھن دسو حاجت کم شرماوٗں دا ناہیں
جھڑ دے پھل مونہوں حضرت دے جدوں سخن الاوٗندے
ہاسے کارے ہار ماہی دے کھچ دلاں نوں پاوٗندے
یاراں نال بہاراں ہوندیاں تے سب رنگ رلیاں
باجھوں یار پیارے لگدیاں گلیاں سنجیاں سنجیاں
ابرکرم دا سایہ ٹلے جے ساقی ٹل جاوے
برکت والی صورت دے سنگ برکت اٹھ سدھاوے



Marfat.com

اس برکت نوں رکھن کارن شکل بناون ویسی
آپ نوں کھو ماہی دے اندر دیکھن دید ماہی دی
سدا بہار جیویں رکھ تازہ ایہہ تازہ ہر ویلے
سرت سہاگناں دے گھر چلدے چرخے رنگ رنگیلے
واہ واہ برکت پیر سبحانی کر گیا رشنائیاں
راز جیہے ناداراں دے گھر رحمت پھریاں پایاں

خلیفہ غلام دستگیر راز

## متفرقات نمبر 1

☆ حضرت پیر شہباز خاں کے خلفاء میں سے اکثر حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب سے حسد کرتے تھے سرکارِ عالیہ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب جب کبھی اپنے پیر خانے عرس کے موقع پر تشریف لے جاتے تو آپ اپنے دوستوں سے فرماتے کہ آپ لوگوں کا ملنا جلنا ہمارے تک ہے آپ لوگ واپس چلے جائیں آگے صرف ہم نے جانا ہے۔

☆ ایک دفعہ سلیم پور شریف عرس مبارک کے مواقع پر قوالی ہو رہی تھی آپؒ بھی محفل میں موجود تھے پیر شہباز خاں امیر محفل کی حیثیت سے مسند پر تشریف فرما تھے



Marfat.com

اِس دوران بابا صاحب کے کسی دوست نے آپ کو ایک روپیہ قوالوں کو دینے کے لیے پیش کیا تو پیر شہباز خاں نے دیکھ لیا تو پیر شہباز خاں نے آپ کو بہت برا بھلا کہا ساتھ یہ بھی کہا کہ ہمارے سامنے پیر بن کر دیکھاتے ہو اب ہماری محفل سے نکل جاوٴ اِس واقع کو دیکھ کر حاسد بڑے خوش ہوئے تو حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب روتے ہوئے محفل سے نکل کر باہر بیٹھ گئے اور مزید رونے میں مصروف رہے اِس دوران قوالی جاری تھی تو قوالوں نے ایسا مصرعہ پڑھا جو حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کے دل پر بہت لگا اس طرح آپ اپنے گلے میں کپڑا (صافہ) ڈال کر ہاتھ جوڑ کر زاروقطار روتے ہوئے قوالی کی محفل میں داخل ہوئے اور پیشوا کے قدموں میں گر گئے اور معافی مانگنے لگے تو پیشوا سرکار نے آپ کو بڑے پیار اور محبت سے اُٹھا کر دل فگار ہو کر اپنے سینے سے لگایا اور فرمایا کہ حاسدو جل جاوٴ تم لوگوں میں سے ایسا اونچے مراتب والا نظر نہیں آتا۔ تم سب یہ سمجھتے تھے کہ ہم نے برکت علی شاہ کو محفل سے نکال دیا لیکن اِس جیسا کوئی ہے تو ہم جانیں۔

☆ حضرت پیر شہباز خاں ہر سال چیت کی 2 تاریخ کو اپنے پیشوا سرکار حضرت پیر سیّد کرم علی شاہ کا عرس مبارک منعقد کرتے تھے اِس موقع سے پہلے حضرت پیر شہباز خاں ولی کے طالب اکھٹے ہوتے۔ عرس مبارک شروع ہونے سے پہلے تمام دوست آ کر جگہ کی صفائی کرتے اور اُس کو سنوارتے۔ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب سلیم پور شریف عرس مبارک کہ موقعہ پر چند دن پہلے جاتے تو پیشوا کے



Marfat.com

اذن کے مطابق کارگزاری کرتے ایک عرس کے موقعہ پر پیر شہباز خاں نے فرمایا کہ میاں برکت اپنے کچھ دوست لے لو عرس کے لیے جگہ سنوارو اور کانوں کو صاف کر کے ایک چِھن بناؤ۔اس طرح عرس کے موقعہ پر کئی روز متواتر کانے کاٹتے رہے ایک دن حضور پاک طعام کھانے آئے تو آپؒ کے پیشوا سرکار پیر شہباز خاں کہنے لگے کہ پیٹ پروری کیلئے آ گئے ہو۔ جاؤ پہلے چِھن ونو جا کر آپؒ فوراً واپس چلے گئے دو تین دن تک چِھن بناتے رہے بھوک نے بہت ستایا لیکن آپ کھانا کھانے کے لئے نہیں گئے۔ پھر تیسرے دن پیر شہباز خاں نے دوستوں کو فرمایا کہ جلدی کرو میاں برکت کو غسل کراؤ اور شہانہ پوشاک زیب تن کراؤ اور اچھی طرح کھانا کھلاؤ تو دوستوں نے فوراً پیشوا کے حکم کی تعمیل کی ۔اور ختم شریف کے لئے سبزہ لے کر چلنے لگے تو پیر شہباز خاں نے دوستوں سے فرمایا کہ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کو سب سے آگے رکھو اور باقی سب لوگ اِن کے پیچھے رہیں یہ میرے دلہا ہیں میں نے اسے قبول کیا شاہی اور سرداری اِس کے سپرد کر دی ہے اور اِن کا جھنڈا قیامت تک جھومتا رہے گا سب لوگ حیران ہو کر دیکھتے رہ گئے۔

☆ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ بابا صاحب اپنے پیر و مرشد کے پاس بیٹھے تھے۔ پیر و مرشد نے فرمایا کہ میاں برکت عرس مبارک نزدیک ہے لیکن نیاز تیار کرنے کے لیے ایندھن (بالن) نہیں ہے تو آپؒ فوراً سلیم پور شریف سے اپنے موضع



Marfat.com

بھونڈری شریف تشریف لائے تو اپنے مکان کی چھت پر چڑھ کر (جو ابھی ابھی نئے بنائے تھے) چھتیر اور بالے اتار لیے اور انہیں بیل گاڑی پر رکھ کر لے گئے اور پیشوا سرکار کی خدمت میں پیش کردیئے۔ یہ سب کچھ عشق کے جذبہ کے تحت ہوا۔ اتنی بڑی قربانی کہ اپنے اہل وعیال کا خیال تک نہ کیا۔ صرف اور صرف اپنے نانے دادے کے دین کی خاطر کیا اور یہ عشق کی معراج ہے کہ اپنے پیشوا کے اَمر کو بجا لانے میں غیر خیال نہ کیا۔ بالکل حضور پاک کی حدیث (کتاب مخزن فیض حدیث نمبر 11 صفحہ نمبر 63) کے عین مطابق عمل کر دیکھایا۔ فاطمی خاندان کا یہی طرہ امتیاز ہے اِس خاندان والوں نے اپنے اہل وعیال کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی رضا پر عمل کیا (وَاَقِیمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ) سورۃ البقرہ آیت نمبر 43 یعنی نماز قائم کرکے دیکھا دیا۔ اس سلسلہ میں خلیفہ غلام دستگیر راز لکھتے ہیں جو درج ذیل ہے:

شہنشاہ دی مجلس اندر ادبوں سیس جھکائیے
ڈاہڈے نال یارانہ لاکے نیوں نیوں وقت لنگھائیے
عالیجاہ دی بے پرواہیوں غافل مول نہ ہونا
جور و جفا دیاں سہ سہ ضرباں وچہ قدماں دے رہنا
خیال ملال نہ ہرگز کرنا جے جھڑک ملے محبوبوں
خامی غلطی سمجھ کے اپنی عذر الائیے ادبوں



Marfat.com

باجھوں ادب نہ ملدی ڈھوئی باجھوں ضبط نہ چارا
طلب رضا دلبر ہر ویلے خودیوں کرے کنارہ
ہو ذلیل رہیے وچہ قدماں رسوائیوں نہ ڈریئے
بھاویں کافر کہے زمانہ یار دا دامن پھڑیئے
پیئو پاون دا ایہو چارہ کریئے جان تصدق
ننگ ناموس دیئے چھڈ سارا، ملن حضور مقدس

☆ ایک دفعہ پیر شہباز خاں نے فرمایا کہ میاں برکت ہمارے لئے سادہ ٹھنڈا پانی لے کر آؤ پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب نے ایک گلاس دھو کے اُس میں پانی بھر کے بڑی احتیاط اور کمال ادب کے ساتھ پیشوا کی خدمت میں پیش کیا۔تو پیر شہباز خاں نے گلاس پکڑ کر فرمایا کہ گلاس کو دھوئے بغیر اُس میں پانی ڈالا اور ذرا بھی پیشوا کے ادب کا لحاظ نہ کیا اور گلاس واپس کر دیا اور ساتھ یہ بھی فرمایا گھر سے فقیری لینے آئے لیکن اس کا بالکل پچ نہیں رکھتے ۔ بابا صاحب خاموشی سے باادب کھڑے رہے اور یہ سوچتے رہے کہ اے محبوبِ سبحانی دلوں کے راز تو ہی جانتا ہے۔ اس واقع کو گزرے ہوئے کچھ عرصہ ہو گیا تو پیر شہباز خاں نے بابا صاحب کو بلایا اور کہا ہمیں ٹھنڈا پانی پلاؤ۔بابا صاحب نے گلاس لے کر اُس کو خوب مَل مَل کر دھویا اور صاف کیا پھر گھڑے کا ٹھنڈا پانی ڈال کر بڑے ذوق اور کمال ادب کے ساتھ پیشوا



Marfat.com

کی خدمت میں پیش کیا۔ پیر شہباز خاں نے گلاس پکڑ کر کہا صد افسوس کہ اِس گلاس کو اتنا مَل مَل کر دھویا اور کملا کیا اِس میں کون سی پلیتی ہے اور ہادی کے درِ دولت پر کون سی چیز آپ نے ناپاک دیکھی ہے۔ باباصاحب یہ سن کر باادب خاموش رہے اور دونوں ہاتھ جوڑ کر عاجزی سے معافی مانگنے لگے :

جنہاں محبوباں دیاں لوڑاں اوہ نہ ہٹن پچھاڑی
وڑ وچہ بحر عمیق عشق دے ودھدے جان اگاڑی
کر تصدق تن من حضرت لٹیا گنج غفاری
مجسم برکتؔ بنکے کیتی دوستاںؔ دی غم خواری

# اقتباسات اخذ شدہ

## عکس شدہ کتاب ''گلزار شریف'' مصنف خلیفہ چنن دین

☆ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کے خلیفہ چنن دین نے ایک کتاب ''گلزار شریف'' تحریر کی تھی۔ اِس کتاب میں خلیفہ چنن دین اپنے پیشوا سرکار کی ہر محفل کا آنکھوں دیکھا حال اور جو مواقع رونما ہوتے تحریر کرتے۔ لیکن افسوس ہے



Marfat.com

کہ اب یہ کتاب بوسیدہ حالت میں موجود ہے اور تقریباً تمام صفحات خستہ حالت میں ہونے کی وجہ سے پھٹ چکے ہیں۔جس کی وجہ سے کسی بھی واقع کو تسلسل سے بیان کرنا ناممکن ہے۔اِس لیے کہیں بھی کوئی غلطی ہو جائے تو درگزر کی جائے۔

☆ راوی خلیفہ چنن دین:۔ خلیفہ صاحب تحریر کرتے ہیں کہ سلیم پور شریف میں ایک موقع پر میں نے مناجات پڑھی ''یا دستگیر میراں یا دستگیر میراں'' تو اِس میں مَیں نے اپنے پیشوا کا نام لیا تو خلیفہ حضرت فتح خاں صاحب کہتے ہیں کہ جہاں تم اپنے پیشوا حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کا نام لیتے ہو۔وہاں ہمارے میاں صاحب (پیر شہباز خاں) کا نام لیا کرو۔غلام احمد خاں عرف فاضلی صاحب فرماتے ہیں کہ دو دفعہ نام نظم میں آئے تو نظم فعل ہوتا ہے۔یہ بات خلیفہ عبداللہ، مرزا فضل دین بیگ، سیّد محمد انور علی شاہ نکودر، جھنڈے شاہ اور چوہدری محمد وغیرہ ڈھگارہ اور میاں صاحب نے بھی سنی۔ میاں صاحب خلیفہ فتح خاں کو مخاطب کر کے فرماتے ہیں حضرت جی لڑکا باپ کی وراثت لینے کا حق دار ہوتا ہے یا چچا کی بھی لے سکتا ہے؟ فتح خاں صاحب یہ کہہ کر خاموش ہو گئے کہ لڑکے کو اپنے باپ کی وراثت سے حصہ ملتا ہے یہ ٹھیک ہے۔

☆ پھر غلام احمد خاں عرف فاضلی کے سوال کا جواب دیا کہ خاں صاحب قرآن شریف میں تقریباً 750 دفعہ نماز کا حکم آیا ہے اللہ فعل ہے یا قرآن شریف فعل ہے غلام احمد خاں عرف فاضلی صاحب نے کہا کہ یا حضرت ہم بھول گئے ہیں ہمیں



Marfat.com

معافی دے دو اِس کے بعد تمام دوست میاں صاحب کے ہمراہ خانقاہ شریف تشریف لے گئے۔راہ میں آپ فرماتے ہیں کہ شرارت کو چھوڑتے نہیں جب ناگ میں وَل ڈنگ ہو موری (سوراخ) میں داخل نہیں ہوسکتا۔زبان پر کچھ اور دل میں کچھ اور ہوتا ہے آپؒ نے خانقاہ میں داخل ہوتے یہ بھی فرمایا کہ بزرگی ذات مذہب کا ورثہ یا حق نہیں۔

☆ خلیفہ چنن دین کہتے ہیں کہ میں سویا ہوا تھا کہ خواب میں رسول مقبول ﷺ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت امام حسنؓ اور حسینؓ کو دیکھا۔ایک خیمے میں موجود ہیں جو قدرتی معلوم ہوتا ہے۔

حضور پاک ﷺ مجھے فرماتے ہیں کہ پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کے دستِ بیعت ہوجا آپ کا خیر اور مقصود اِن کے پاس ہے۔ آج ہماری توحید پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کے پاس ہے۔

☆ جب میں بیعت ہونے لگا تو جھنڈے شاہ کہتا ہے کہ حضور اِس کے واسطے چھری تیز کر لینا یہ بہت سخت ہے۔میاں صاحب فرماتے ہیں کہ جھنڈیا چُھرا سب کے لیے ایک ہی ہے۔ ہمارے پاس پیر شہباز خاں کی عطا ہے کوئی فرق نہیں ہے مالک خزانہ اُسی کا ہے جو رگڑا اجھل گیا۔

☆ قول میاں صاحب:۔ کہ سال بھر آرام ایک دن دربار شریف میں مرشد پاک کے جوتوں میں رُل جانا اہم مقام ہے۔



Marfat.com

# نماز کے مقام

☆ خلیفہ چنن دین روایت کرتے ہیں کہ جس طرح احمد (ا۔ح۔م۔د) کے چار حرف ہیں۔اِسی طرح نماز (ن۔م۔ا۔ز) کے چار حروف ہیں یعنی نماز چار مقام پر مشتمل ہے۔1. قیام 2. رکوع 3. قعود 4. سجود اِن چار مقامات پر کائنات کی بنیاد ہے۔اِس کائنات میں درخت، کانٹے اور جو بھی نباتات ہیں وہ قیام کے مقام پر ہیں پھر جو حیوانات ہیں یہ سب کے سب رکوع کے مقامات پر ہیں اس کے علاوہ مینڈک، ٹڈیاں اور ڈڈیاں وغیرہ یہ قعود یعنی التحیات کے مقام پر اور سانپ، مچھلی چھپکلی وغیرہ سجود کے مقام پر ہے لیکن یہ چاروں مقام انسان کو اللہ تعالیٰ نے عطا کیے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے انسان کو تمام مخلوقات میں اشرف واعلیٰ بنایا ہے اور انسان ہی کے متعلق فرمایا گیا ہے ''الا نسان سری وا نا سره '' کسی دوسری مخلوق کے لیے نہیں فرمایا یہ بھی انسان کے لیے فرمایا گیا ہے کہ ''من عرفه نفسه فقد عرفه ربه '' اگر انسان ''سره'' والا مرتبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو اُس کو سب سے پہلے اپنی پہچان کرنی چاہیے جو بغیر کامل مرشد کے ہونا ناممکن ہے اس کے بعد'' فقد عرفه ربه '' کا مرحلہ آتا ہے جس سے ''سره'' کا مقام حاصل ہوگا۔اس کے علاوہ نماز کے مذکورہ بالا مقام حاصل کرنے کے لیے قرآن شریف میں فرمایا گیا ہے:۔

☆ ''وا قیموا الصّلوة وا توا لزكوة'' جہاں بھی نماز قائم کرنے کا ذکر آیا ہے



Marfat.com

وہاں اس کے ساتھ ہی زکوۃ کا بھی ذکر ہے یعنی زکوۃ دو گے تو نماز قائم ہو گی پھر نماز کے چاروں مقام حاصل ہوں گے ورنہ نہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

# سلسلہ عالیہ قادریہ فاضلیہ کی بنیاد

☆ خلیفہ چنن الدین روایت کرتے ہیں کہ میاں صاحب فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسنؓ اور حسینؓ کی تعلیم و تربیت کیلئے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواجہ حسن بصری کو مقرر کیا جب تعلیم مکمل ہوئی تو حسنین کریمین کو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں پیش کیا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہت خوش ہوئے تو فرمایا کہ حسن بصری مانگ کیا معاوضہ چاہتا ہے خواجہ حسن بصری نے عرض کی کہ حضور مجھے اپنے سینے کا علم عطاء فرمائیے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حسن بصری کو بیعت کیا فرمایا کہ یہ سینے کا علم (علمَ لُدنی) آپ کے پاس ہماری امانت ہے۔ یہودی لوگ تمہیں تنگ کریں گے اگر ہماری امانت ہضم کرو گے تو جنت میں تمہارا گھر (مرتبہ) سیّد کا ہوگا اگر امانت ہضم نہ کر سکے تو ہماری امانت واپس کر دینا۔ خواجہ حسن بصری اِس امانت کو ہضم نہ کر سکے تو اِس علم کو تیرا خاندانوں میں تقسیم کر دیا کسی کو کچھ دیا، کسی کو کچھ دیا لیکن جدی توحیدی خاندان ایک ہی ہے۔ تمام توحید



Marfat.com

خاندان عالیہ قادریہ فاضلیہ میں ہے جو آج بھی کوٹ شریف غربی چک نمبر 477 گ۔ب تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد میں موجود ہے۔توحید کا یہ سرچشمہ آج بھی عشق کے متوالوں کو مے توحید سے سیراب کررہا ہے اور حضور پاک ﷺ کے دیوانے آج بھی فیضِ خاص (دیدارِ الٰہی) سے مستفید ہوکر لطف اندوز ہورہے ہیں اس خاندان عالیہ قادریہ فاضلیہ کا شجرہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے ملتا ہے باقی تیرا خاندان اس کے طفیلی ہیں اِن میں حضرت خواجہ حسن بصری کا نام آتا ہے جو خاندان حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے نام سے ہے یہی اصلی توحیدی خاندان ہے۔اِس خاندان کے طالبوں کو قرآن شریف کی آیتیں اور احادیث خوب راستہ دیتی ہیں یعنی ان کو خوب سمجھ آتی ہے۔اِس خاندان کے پیروکار پہلے دن ہی نعمت عالیہ حاصل کرتے ہیں جس انسان نے ارادی موت قبول کی یعنی مرنے سے پہلے مرجاؤ۔موت ازلی سے پہلے ارادی موت وارد کرلو موت ازلی سب لوگ مرتے ہیں (کل نفس ذائقة الموت) یعنی موت ازلی اِس کائنات کی ہرذی روح شے پر وارد ہوتی ہے لیکن جس نے ارادی موت قبول کی وہ اللہ تعالیٰ اور حضور پاک ﷺ کا عاشق بن گیا۔عاشق پر جنت دوزخ حرام ہے اس لیئے حکم ہے کہ ازلی موت سے پہلے ارادی موت اختیار کرو اور اپنے شعور سے ماسواء کو نکال دو "العشق نار یحرق ماسواء اللہ" آتش عشق پر دوزخ کی آگ حرام ہے۔اُوپر کی حدیث سے ثابت ہے کہ آتش عشق جنت دوزخ کو بھی جلا دیتی



Marfat.com

ہے بیعتِ محمدی ﷺ اور فرمانبرداری دوزخ کی آگ سے بچاتی ہے بغیر بیعتِ محمدی ﷺ سے اللہ تعالیٰ کا قرب نصیب نہیں ہوتا۔ یادرہے باقی جو تیرا خاندان ہیں اِن میں لوگوں کو خوب خشک عبادت اور چلّہ کشی کرنی پڑتی ہے اور تمام عمر اِسی میں گزر جاتی ہے اور مدعا حاصل نہیں ہوتا۔

☆ خلیفہ چنن الدین روایت کرتے ہیں کہ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب ایک دفعہ ڈیرہ امام دین، نظام دین آرائیں پر تشریف لائے وہاں رات کے وقت فقیریا موچی، محمد بخش ڈوگر، جھنڈے شاہ حجام، نبی بخش بافندہ، فضل الدین اور صوبے خاں بھی موجود تھے۔ ہم سب نے پیشوا سرکار کو سجدہ سلام اور مصافحہ کیا۔ حضور پاک نے مجھے دیوان قادری پڑھنے کا فرمایا یہ بھی فرمایا کہ مناجات سے پہلے دوہڑہ ضرور کہنا چاہیے۔ چنانچہ ذیل میں دیا گیا دوہڑہ پڑھا گیا اور اِس کے بعد دیوان قادری سے مناجات پڑھی گئی۔

## دوہڑہ

اسوج:۔ ایک نگاہِ کامل پیشوا سے پایا لطف ہزار گونا گوں راتیں

بیٹھا اٹھدا جاگدا سون لگا کیتا خیال درست بطون راتیں



Marfat.com

میرے پیر تو قربان کرن جاناں عیسٰی موسٰی تے افلاطون راتیں
میں قربان ہاں چنّن دینا جہنے کلمہ بنایا جانوں راتیں

## مناجات

اے دستگیر عالم فیض عام ہے تمہارا
میں آپ کا ہوں چیرا نظرِ عطا خدارا
تم بے کسوں کے وَالی بے کس ہوں میں سوالی
بخشو مجھے خوش حالی تجھ دَر پر آپکارا
ہر یک کو تکیہ گاہے مَلجائے اور پناہے
جز ذاتِ پاک تیری کوئی نہیں ہمارا
از بس کہ نارسا ہوں، جیسا ہوں آپکا ہوں
دامن تیرے لگا ہوں دِکھلا رہِ ھُدیٰ را
محبوب ہو خدا کے، منظور مصطفٰے کے
فرزند مرتضٰے کے، زُہرہؓ کے جگر پارا
دیدار آپ کا ہے رویت خدا کی ہم کو
دکھلا جمال اپنا پنہاں و آشکارا



Marfat.com

دنیا و دیں کی حاجت باقی رہے نہ کوئی
فرماؤ گر عطا سے یہ قادری ہمارا

☆ دوسرے دن آپ حضور دوستوں کے ہمراہ موضع ڈھگارہ تشریف لاتے ہیں آپ فرماتے ہیں کہ یہ محفل (درویشوں کی محفل) نہیں بلکہ اللہ اور رسول کی امانت ہے اِس وجہ خیانت کرنے والا اہلِ جہنم میں سے ہے کیونکہ مرد اور عورت دونوں بیعت ہیں عام طور پر آتے جاتے بھی ہیں اگر کوئی غیر نظر کرے گا تو بیڑا غرق خواہ پیر ہو یا مرید ہو یہ محفل زندہ اسلام اور رسول کی ہے خود رسول ﷺ محشر کو ضامن اور گواہ ہوں گے۔

# دنیا رکھنی مشکل ہے یا دین؟

☆ حضور میاں صاحب فرماتے ہیں کہ لوگ کہتے ہیں دین سے دنیا رکھنی مشکل ہے آپؒ فرماتے ہیں کہ نہیں بلکہ دین رکھنا مشکل ہے۔ حضرت امام حسین علیہ السلام نے دین رکھا اور دین کی خاطر اپنے اہلِ وعیال اور دوستوں کو قربان کر دیا۔

"یا یھا الذین امنوا اطیعوا اللہ وا طیعوا الرسول و اولی الامر منکم"

ترجمہ: "اے ایمان والوں اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور تم میں جو لوگ اولی الامر ہیں۔" حضور پاک ﷺ کی حدیثِ مبارکہ: "حسین مجھ سے



Marfat.com

ہے میں حسین سے ہوں'' وہ درباری عالم جن کی مادری زبان عربی تھی وہ لوگ قرآن کو نہ سمجھ سکے اور حضرت امام حسین علیہ السلام کے خلاف فتویٰ دے دیا۔ اس لیے حضرت سلطان باہوؒ نے ٹھیک کہا ہے جو درج ذیل ہے: ؎

ج:۔ جیکر دین علم وچہ ہوندا تاں سر نیزے کیوں چڑہدے ہو
اٹھارہ ہزار جو عالم آہا اوہ اگے حسین دے مردے ہو
جے کجھ ملاحظہ سرور دا کردے تاں خیمے تنبو کیوں سڑدے ہو
جیکر من دے بیعت رسولی تاں پانی کیوں بند کردے ہو
پر صادق دین تہناندے باہو جو سر قربانی کردے ہو

☆ حضرت سلطان باہوؒ نے خوب کہا کہ اگر دین کتابوں کے پڑھنے سننے میں ہوتا تو اٹھارہ ہزار عالم نہ فتویٰ دیتے اور نہ دوزخ میں جاتے۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کی بیعت رسولی بیعت تھی اور آج بھی جاری وساری ہے۔ حضرت امام حسین علیہ السلام نے صرف اپنے نانے کا دین اور رسولی بیعت کو قائم ''وا قیموا الصلوۃ وا توا الزکوۃ'' کیلئے قربانی دی۔ یہ قربانی قیامت تک قائم رہے گی اور اس کا تذکرہ ہوتا رہے گا۔ رسولی بیعت آج بھی موجود ہے اور آئندہ بھی موجود رہے گی۔ کسی نے کیا خوب کہا: ؎

قتلِ حسین اصل میں مرگِ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد



Marfat.com

☆ مذکورہ بالا تحریر سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے دنیا چھوڑ دی اور قربانی دے کر دین کو بچالیا۔

☆ حضرت منصورؒ نے دین رکھا اور دنیا کو تین طلاقیں دیں۔ حضرت منصورؒ ہمیشہ دعا مانگا کرتے تھے یا اللہ تعالیٰ تیرے میرے درمیان ''میں'' موجود ہوں۔ اِس حجاب اور دیوار کو ہٹا دو۔ یہ دعا اللہ تعالیٰ نے منظور کرلی تو آپ ''اناالحق'' کا نعرہ لگانے لگے تو مفتیوں نے فتویٰ لگا کر سولی چڑھا دیا۔ سب سے پہلے حضرت منصورؒ کی آنکھیں نکالی تو آپؒ نے فرمایا اے لوگو! میری آنکھیں اب بھی موجود ہیں میں اِن سے دیکھ سکتا ہوں، ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے تو انہوں نے کہا میرے ہاتھ اور پاؤں اب بھی سلامت ہیں میں اِن ہاتھوں سے پکڑ سکتا ہوں اور پاؤں سے چل سکتا ہوں۔ پھر آخر کار آپ کے وجود کو جلا کر راکھ کر دیا اِس طرح حضرت منصورؒ نے دین رکھا۔ اِن کے علاوہ حضرت شاہ شمس تبریزؒ نے پوش لہا کر دین کو بچایا۔ اب بتایئے کہ دین رکھنا مشکل ہے کہ دنیا؟ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ اگر برادری میں گزارا نہ ہوسکے تو آپ کہیں اور بھی چلے جاؤ گے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی زمین وسیع ہے لیکن دین کو چھوڑ کر کہاں جاؤ گے کیونکہ ساری خدائی اُس کی ہے جس کا دین ہے اور دین رکھنا مردوں اور جوانوں کا کام ہے ہیچ کاروں کا نہیں۔



Marfat.com

# بت پرستی

☆ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب فرماتے ہیں سورت البقرۃ آیت نمبر 1,2 ملاحظہ کریں:۔"الٓمّٓ o ذالك الكتب لا ريب فيه هدى للمتقين "ترجمہ: "نہیں ہے شک بیچ اِس کتاب کے راہ بتلانے والی ہے پرہیز گاروں کو" پرہیزگاری کامل پیشوا سے ملتی ہے۔بلا پرہیزگاری تمام بت پرستی ہے۔ آپؒ فرماتے ہیں کہ خدا کے سوا لکڑ، آگ، پتھر، پانی، رشتہ دار، اولاد اور دولت کی پوجا یا خواہش کی جائے تو یہ بت پرستی ہے یعنی ماسوا اللہ بت پرستی ہے القرآن سورت المائدہ آیت نمبر 76"قل ا تعبد ون من د ونِ الله ما لا يملك لكم ضراً ولا نفعًا والله هوا لسميع العليم "ترجمہ: "آپ ﷺ فرمادیجئے کیا اللہ تعالیٰ کے سوا ایسے کی عبادت کرتے ہو جو کہ تم کو نہ نقصان پہنچانے کا اختیار رکھتا ہو اور نہ نفع پہنچانے کا حالانکہ اللہ تعالیٰ سب جانتے اور سنتے ہیں"سورت الفرقان آیت نمبر 43"ا ر ء يت من اتخذ الهه هوهه ا فا نت تكون عليه و كيلا "ترجمہ: "اے پیغمبر آپ نے اُس شخص کی حالت بھی دیکھی جس نے اپنا خدا اپنی خواہش نفسانی کو بنا رکھا ہے سو کیا آپ اِس کی نگرانی کر سکتے ہیں"القرآن سورت المنافقون آیت نمبر 9"يا ايها الذين امنوا لا تلهكم اموالكم ولا اولادكم عن ذكرا لله ومن يفعل ذ لك فاولئك هم ا لخسرون "ترجمہ: "اے ایمان والو تم



Marfat.com

کوتمہارے مال، اولاد اللہ کی یاد سے غافل نہ کرنے پاویں اور جو ایسا کرے گا ایسے لوگ ناکام رہنے والے ہیں''

☆ دوسری جگہ فرمایا:۔

عقل و دل و نگاہ کا مرشد اولین ہے عشق
عشق نہ ہو تو شرع و دین بتکدہ تصورات

(حضرت علامہ اقبالؒ)

☆ مزید آپؒ فرماتے ہیں کہ خدا ایک ہے اور بت شریک ہے۔ یہ شرک ہے۔ کیوں کہ ہمارا دوست ہمارے دشمن کو اپنے ساتھ لاوے گا تو دوست ہی دشمن ہے مثال کے طور پر اگر آنکھ میں ککھ پڑ جائے تو پہاڑ معلوم ہوتا ہے تکلیف ماسوا۔ اللہ تعالیٰ تمام حاجات پوری کرتے ہیں بندے دیکھودیکھی ڈوبتے ہیں عقل کے اندھے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆



Marfat.com

# ایک سکھ کا سوال

☆ ایک دفعہ ایک سکھ افسر حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کے پاس آیا تو گزارش کی کہ جناب میں نے آپ سے کچھ پوچھنا ہے۔حضور پاک نے فرمایا کہ پوچھیں سکھ نے کہا! یا حضرت نبی پاک کو معراج ہوئی؟ میاں صاحب نے جواب دیا کہ ہاں معراج ہوئی ہے سکھ نے پھر پوچھا۔یا حضرت جی! القرآن سورت البقرۃ آیت نمبر 115 ''وللّٰہ المشرق والمغرب فاینما تولوا فثم وجہ اللّٰہ ان اللّٰہ واسع علیم ''ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ کی مملوک ہیں مشرق بھی اور مغرب بھی کیونکہ تم لوگ جس طرف منہ کرو اُس طرف اللہ تعالیٰ کا رخ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ (تمام جہات کو) محیط ہے کامل العلم ہیں'' قرآن شریف میں ٹھیک ہے؟ میاں صاحب نے جواب دیا۔ ہاں! ٹھیک ہے۔سکھ نے سوال کیا یا حضرت اِن دونوں میں ایک ٹھیک ہے ایک نہیں ٹھیک ہے نبی پاک ﷺ کو معراج شریف ہوا ہے تو اللہ تعالیٰ ہر چیز وچہ نہیں؟ اگر اللہ تعالیٰ ہر چیز وچہ ہے تو حضرت محمد ﷺ کو معراج نہیں ہوا۔ یا حضرت جی! جواب دینا۔دیّا کرپا کرکے۔میاں صاحب جواب فرماتے ہیں سردار پرنام سنگھ۔پانی ،حیوان ،انسان، درخت ،گھاس اور فصل میں ہے یا نہیں۔ سکھ! ہاں جناب ہے۔تو پھر انسان ،حیوان، درخت ،گھاس اور فصل وغیرہ سے اپنی پیاس کی حاجت پوری کرسکتا ہے کہ نہیں۔سکھ! یا حضرت ایسا پانی حاجت پوری



Marfat.com

نہیں کرسکتا۔ پیاس کھویا دریا سے ہی مٹے گی۔ میاں صاحب! اگر پیاس کھویا دریا سے مٹے گی تو خدا بھی ہر چیز وچہ ہے لیکن حاجت نجات کسی گرو یا پیر کامل سے پوری ہوگی سکھ یا حضرت ایہ مسئلہ آپ ہی نے حل کیتا ہے۔ ہندو مسلم پیر دیکھے ہیں مگر جواب سے محروم رہے باقی ہندو مسلم سب جھگڑا ہے۔ ہندو مسلمان اپنے آپ کو بڑھاتے ہیں مگر ہر دو معرفت اور حقیقت سے محروم ہیں۔

## نوٹ

☆ میاں صاحب کے طالب ہر قوم و مذہب یعنی عیسائی، یہودی، برہمن، سکھ، چُوڑے اور مسلمانوں میں سے تھے۔ اِس طرح ایک ہندو نے میاں صاحب سے پوچھا کہ جناب جب خدا ہر جگہ موجود ہے تو ملتا کیوں نہیں۔ میاں صاحب نے جواب دیا کہ پانی زمین میں ہر جگہ موجود ہے لیکن اِس سے فیض یاب نہیں ہوسکتے یعنی پانی زمین میں ہر جگہ ہونے کے باوجود انسان محروم رہتا ہے پھر آپؒ نے ہی جواب دیا کہ جہاں کوئی چشمہ، نلکا یا کھوہ ہو وہاں ہی سے فیض یاب ہوسکتا ہے۔ یعنی کامل پیشوا اور مرشد ہی سے فیض حاصل کیا جاسکتا ہے۔



Marfat.com

# بیعتِ محمدی ﷺ

☆ راوی خلیفہ چنن الدین:۔ میاں صاحب فرماتے ہیں کہ قرآن شریف سورۃ المائدہ آیت نمبر 35 میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے''یا یھا الذین امنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ وجاھدوا فی سبیلہ لعلکم تفلحون ''ترجمہ: ''اے ایمان والو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اللہ تعالیٰ کے قرب کے لیے وسیلہ ڈھونڈو اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا کرو اُمید ہے کہ تم کامیاب ہو جاؤ گے'' پھر فرمایا کہ مسلمان مسلمان کو بیعت کر سکتا ہے غیر مسلم کی نہیں مرد عورت کی بیعت نہیں کر سکتا عورت مرد کی بیعت کر سکتی ہے۔ میاں صاحب فرماتے ہیں کہ بیعت کے لیے کوئی قوم مقرر نہیں دین اللہ نبی ﷺ کا ہے۔ سیّد آل کے پاس نہ ہو تو اگر اُمتی کے پاس ہو تو سیّد کو لازم ہے کہ اپنے نانے دادے کا علم و نعمتِ الٰہی حاصل کرے۔ قرآن، کسی بزرگ کی قبر اور مکہ معظّمہ کی بیعت نہیں ہے، بیعت کے لیے دن مقرر نہیں ہے جب عشق ہو تو بیعت کر سکتا ہے بالغ یا نابالغ کاروبار کے لیے بیعت کرتے ہیں افسوس خدا کی طرف کوئی شوق نہیں۔ جس خصم داکھاویں پیویں اس خصم ول چت نہ لاویں' ''پھریں بیگانے وڑے کوڑے کھیڑی ایں توں کھیڑی کوڑے'' کامل اُسی کو کہتے ہیں جو پیر یا راہبر اللہ نبی کے دین کا سچا راہ بتانے والا ہو جس کے پاس لحمک لحمی اور جسمک جسمی مقام ہو۔ کامل ہے۔ اگر پیر کفر و سلام کے مسئلہ کا واقف نہیں تو نہ



Marfat.com

پیر ہے نہ طالب صرف فریب ہے جو فضول ہے دولت بنانے کا ذریعہ بنالیتے ہیں سچ ہونا چاہیے ۔سرکار غوث الاعظم محبوب سبحانی عبدالقادر جیلانی قدس سرہ نے گیارہ بار بیعت کی اور پھر اُن پیروں کو اپنے دستِ مبارک پر بیعت فرمایا۔جو بچہ تعویذ گنڈہ سے ہو۔پیر کی جھولی میں ڈالا ہو،کسی پیر کی قبر کو اپنا پیر مانتا ہواُس کو چاہیے کہ بیعت کامل اختیار کرے۔ورنہ وہ بیعتِ محمدی ﷺ سے باہر ہے ۔ بیعت زندہ بزرگ کی جائز ہے جو شخص اپنے باپ کے مرشد کی خدمت کرتا ہو ثواب ہے بیعت نہیں ۔اپنے پیرومرشد کو تعظیمی سجدہ جائز ہے ورنہ غیر کو ہاتھ لگانا بھی گناہ ہے ۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے مستورات ! ڈھونڈو وسیلہ طرف اللہ تعالیٰ کی ۔کیا مرد اور عورت کے مرشد نبی پاک ﷺ نہیں تھے بعد میں کیا خلفائے راشدین نہ تھے کیا ہردو کا علیحدہ علیحدہ وسیلہ تھا ؟ صوفیا کرام کا فیصلہ ہے مرد وعورت ہردو کا ایک رہبر خاندان عالیہ قادریہ فاضلیہ کا جائز ہے باقی جو دیکھا دیکھی پیروں نے ایسا کیا ہے رسم شرک ہوتی ہے ۔خود بے مرشد ہیں دنیا کے مرشد بنتے ہیں بے خبروں نے روزگار بنالیا ہے۔عام بیعت کرنے والے دین کی ہتک اور اس کو کمزور کرتے ہیں جو جائز نہیں عورت عورت کی بیعت نہیں کرسکتی کیونکہ عورت کا مذہب ،قوم اور ذات مقرر نہیں ۔قوم ہمیشہ مرد کی ہے ۔عورت کسی قوم کی ہو وہ مرد کی قوم ہی کہلائی گی یہ اُس نبی ﷺ کی شریعت ہے جس کی خاطر چودہ طبق بنے ۔کیا لوگوں نے اُسے حجت بنا رکھا ہے ۔حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو اسلام میں حجت کرے اُسے



Marfat.com

قتل کردو۔ اگر سیّد بیعت غلط کرتا ہے اُمتی صحیح کرتا ہے سیّد کی بیعت بند اور منسوخ اُمتی کی پیروی کرو۔ قلوب المومنین عرش اللہ تعالیٰ کا۔ قلب اللہ کا کسی مذہب ذات سے تعلق نہیں عکس کا نشان کسی کامل کے ہاتھوں حاصل کروں۔ بیعت کی حدیں مقرر ہیں جب پندرہ سال کا ہو۔ اِس سے پیشتر جب شوق خالص اور طلب شدید ہو کیونکہ عشق کے آگے دیوار نہیں ہوسکتی۔ بیس پچیس سال کے اندر بیعت ہونا چاہیے۔ اُمت تین درجہ پر ہے۔ عام۔ خاص اور خاص الخاص اور جس نے بیعت محمدی ﷺ کی ہے وہ خاص ہے جس نے بیعت نہیں کی ہے وہ عام مسلمان ہے جس نے بیعت محمدی ﷺ کے بعد اپنے عشق و محبت سے غیر سے تعلق قطع کرلیا ہے اور خدا وحدہ لاشریک کے پیار سے اُس کا پیمانہ لبریز ہے اور اُس کا کوئی دم اپنے محبوب کی یاد سے غافل نہیں ہے وہ خاص الخاص ہے۔ اگر بے مرشد یہ کہے کہ میرے مرشد حضرت محمد ﷺ ہیں یا یہ کہے کہ ہم حضرت محمد ﷺ کے دست بیعت ہیں۔ یہ سب غلط ہے لیکن حضرت محمد ﷺ آج اُن کے مرشد ہیں جن کے راہبر کامل ہیں۔ ایسی بات ہوتی تو حضور پاک ﷺ کی بیعت اُس وقت کی دنیا تک ہی ہوتی۔ آج بیعت بند ہوتی۔ بے مرشد کا حضرت محمد ﷺ شفیع نہیں۔ حضرت محمد ﷺ شفیع اُن کے ہیں جنوں نے اللہ تعالیٰ کا حکم مانا۔ القرآن سورۃ النساء آیت نمبر 59

"یا یھا الذین امنوا طیعو اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم"

ترجمہ: "اے ایمان والو اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور تم میں جو



Marfat.com

لوگ اولی امر ہیں۔'' اِس اَمر کی تابع داری کا حکم ہے نماز عبادت ہے۔ بیعت نبی ﷺ کا منہ رخسار ہے نبی ﷺ کا دین ہے۔ بیعت ہونا خدا کا حکم ہے۔ القرآن سورۃ المائدہ آیت نمبر 35 میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے''یا یھا الذین امنوا اتقوا اللّٰہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ وجاھدوا فی سبیلہ لعلکم تفلحون'' ترجمہ: ''اے ایمان والو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اللہ تعالیٰ کے قرب کے لیے وسیلہ ڈھونڈو اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا کرو اُمید ہے کہ تم کامیاب ہوجاؤں گے'' بیعت محمدی ﷺ مسلمان بلکہ حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد پر فرض ہے۔ اُمتی ہو یا آل ہو۔ آل کو پہلے بیعت کرنی چاہیے یہ لازم ہے۔ جو کتاب دین نبی ﷺ کو کمزور کرتی ہے وہ مت پڑھو اور نہ سنو۔ گو کسی مسلمان کی لکھی ہو۔ وہ نبی پاک ﷺ کو دِلی رنج پہنچانے والا ہے اور شیطان کا مذہب بھی ثابت ہے کہ وہ انتشار پھیلانے والا ہے وہ حضرت آدم علیہ السلام کی سنت کا تارک ہے۔ اگر اللہ رسول پر ایمان نہیں تو نماز روزہ کس کے لئے ہے توبہ کرنی چاہیے۔ تارکِ بیعت درگاہِ الٰہی سے مردود ہے۔ تارکِ بیعت شیخ ہو، سیّد ہو، اُمتی ہو، سلطان ہو یا امام کعبہ ہو اللہ تعالیٰ نے اپنی درگاہ سے رد کیا ہے حکم صرف تابع داری حضرت محمد ﷺ کے متعلق ہے۔

☆ مسلمانوں کے پاس پک یعنی مستقل مجازی نہیں ہے سچا راہ ٹھیک ہے یعنی کسی کامل انسان (راہبر) کی بیعت نہیں۔ مستقل مجازی بغیر پیر کامل کے پیدا نہیں ہوتی ہندوؤں، سکھوں کی طرح مستقل مجازی اور پرہیز مسلمانوں میں ہو تو گھر گھر ولی



Marfat.com

پیدا ہوں۔ہمیں تمام دنیا سے زیادہ فخر کیوں ہے کیوں کہ ہمارا روپیہ سولہ آنے پورا ہے باقی لوگوں کا نصف یا نصف سے بھی کم ہے۔اگر سائل نہیں سمجھا تو اپنے پیرومرشد سے دریافت کرے اگر عقدہ حل ہوتو ٹھیک ورنہ خاندان عالیہ قادریہ فاضلیہ سے حقیقت حاصل کرے وقت ضائع نہ کرے۔اگر صرف مذہب والے لوگ سچے ہوتے تو حضرت غوث پاک محبوبِ سبحانی پیدائشی طور پر ولی تھے اُنہوں نے دس پیروں کے ہاتھ پر بیعت کی لیکن وہ دس راہبر بے خبر تھے۔آپ بھی بے خبر رہتے لیکن جب آپؒ نے گیارہویں پیر کامل حضرت ابوسعید مخدومیؒ کے دستِ مبارک پر بیعت کی تو باخبر ہوگئے۔اُن دس پیروں کو اپنے دستِ مبارک پر بیعت کیا تو وہ بھی باخبر ہو گئے۔مسلمانوں کا مویشی مرتا ہےتو حرام ہے اگر اُسے تکبیر سے ذبح کروتو حلال۔بیعت سے مراد تکبیر ہے اگر حلال موت مرے تو اُمتِ محمدیﷺ کے گروہ میں شامل ہوگا۔اگر بندہ بلاتکبیر (بیعت محمدیﷺ) مرے توبتاؤ کیا وہ محمدﷺ کی اُمت کا حقدار ہے یا شیطانی گروہ کا؟بغیر بیعت محمدیﷺ کے انسان سیّد ہو،قریش ہو، مسلمان ہو،کوئی ہو وہ شیطانی گروہ سے تعلق رکھتا ہے پچھلے نبیوں کو اللہ تعالیٰ نے نبوت عطا کی اورہمیں ولایت۔وہ ہم سے بے خبر ہم اُن سے باخبر ہیں۔بے شک عیسیٰ علیہ السلام نبی تھے ان کی نبوت طلاق پر ہے اب وہ آخری نبی ختم نبوتﷺ کا اُمتی ہوگا۔

☆ آپؒ فرماتے ہیں کہ کچے عشق دے نوں دودھ اَک دے نوں بنا جالنے



Marfat.com

(جلانے) ہور کوئی تدبیر نہیں آنخضرت کے تین مراتب ہیں :۔ حقیقی ۔ملکی ۔ بشری۔ اُمت بھی تین قسم کی ہے ۔عام ۔خاص ۔خاص الخاص۔طالب بھی تین ہیں ۔شرطیں بھی تین ہیں بزرگی سے محروم تین ہیں ۔کمینہ۔قوم۔رشتہ دار ۔بزرگ کی بزرگی سے بھی محروم تین ہیں دادکے،نانکے اور قوم ۔جو یہ سمجھتے ہیں کہ یہ بزرگ یا ولی کیسے ہوسکتا ہے یہ تو ہماری قوم اور ہم میں سے ہے۔

**ان اللّٰہ الذین یبایعون** تو ہو اے طالبِ جیلانی
دے ہاتھوں میں ہاتھ اُن کے ہاتھ اُن کے ہیں یزدانی
پیا جس نے پیالہ وحدت کا نہیں وہ طالب کثرت کا
کیا ہے سیر خلوت کا لوحِ محفوظ آسمانی
اے واعظ بے مقصود سوائے شہرت کے کیا حاصل
نہ کچھ ہوتا ہے شہرت سے یہ سراسر ہے بغض شیطانی
کرے کیا چنن دین بیان تیرے فضل و رحمت کا
وہ جانے علیؓ پر ہوتا ہے دل و جان قربانی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆



Marfat.com

# مجاز کیا ہے

☆ حضور پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ مجاز نہ رہنے والی شے (فانی) کو کہتے ہیں۔انسان کو مجاز کے زمرے میں گنا جاتا ہے دنیا نہ رہنے والی ہے جو کچھ اِس میں موجود ہے وہ فانی ہے۔پس عشقِ مجازی ہر اُس عشق کو کہتے ہیں کہ جو نہ رہنے والی شے سے ہو۔عشقِ حقیقی اُس کا عشق ہے جو ہر شے کی حقیقت ہے۔ عشق مجازی مرتبہ عورت ہے اور عشق حقیقی مانند مرد کے ہے لیکن عشقِ مجاز حقیقت کا زینہ ہے یہ صحیح ہے کہ مجاز سے حقیقت کی پہچان ہوتی ہے۔صفات سے ذات کی طرف راہ ملتی ہے۔حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں اور اللہ تعالیٰ ذات ہے صفات کی حقیقت ہی معرفتِ الٰہی ہے یعنی ہر شے ہلاک فی حال اور باقی حقیقت ہر شے اللہ تعالیٰ کا چہرہ ہے جو واحد ہے۔ وجوداً صفتاً فعلاً اس کا غیر در حقیقت عدم ہے ہر مجاز موجود اعتباری ہے۔غیر اللہ اعتباری ہے۔حقیقت واحد ہے ظاہر سے باطن کی طرف راہ ہے۔کجا عشق اللہ تعالیٰ کا کجا عشق زن ایسے عاشق تو ہزاروں جو فیل ہوتے ہیں اور وہ دیوانے ہوتے ہیں۔چلّے کاٹتے ہیں ہاتھ کچھ نہیں آتا۔سچا عشق مجازی بھی حقیقت کو جگاتا ہے اگر مقصود ملے تو بہتر ورنہ عمر کا رونا ہے۔عشقِ حقیقی میں وصلِ یار ہے۔



Marfat.com

# بندہ اور انسان

☆ بندے اور انسان میں فرق ہے اِسی طرح عبد اور عبدہ میں فرق ہے۔عبد یا بندہ بند کا قیدی ہے یعنی ہستی موہومہ میں وہ قید ہے مگر عبدہ یعنی کامل انسان اللہ تعالیٰ کا بھید ہے۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:۔''الا انسان سری وانا سرہ'' ''انسان میرا بھید ہے اور میں انسان کا بھید ہوں''بندہ وہم میں مبتلا ہے بغیر کامل کے وہم دور نہیں ہوتا۔وہم کی دوا یقین ہے اور یہ دوا مرشد کامل سے ملتی ہے۔ یقین کے تین مراتب ہیں علم الیقین ،عین الیقین ،حق الیقین اور یہ تینوں مراتب عشق سے کھلتے ہیں عشق کامل سے حاصل ہوتا ہے:۔

بحرِ عرفان سے بخرہ نہیں جس کو حاصل
وہ انسان نہیں حیوان ہے **اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ**
تیرے ضمیر پر جب تک نہ ہو نزول کتاب
گرا کشہ ہے نہ رازی نہ صاحب کشاف

(علامہ اقبال)

☆ اُوپر والے شعر کا مطلب یہ ہے کہ قرآن کی کتاب حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوئی ہے اگر کوئی اپنے اُوپر نازل کروانا چاہتا ہے تو حضور پاک ﷺ (کامل پیشوا) کی خدمت میں حاضر ہونا پڑے گا۔جو بھی اپنے عشق کے جذبات سے مخمور ہو کر



Marfat.com

پیش ہوگا اُس پر حضور پاک ﷺ کتاب کا علم نازل کریں گے پھر اُس کی گرہ کشائی ہوگی ۔اگر اِس کے ضمیر پر کتاب کا علم نازل نہیں ہوا خواہ وہ فضا میں اُڑتا ہو لیکن اِس کی گرہ بند ہے اور یہ بغیر کامل کی نگاہ سے نہیں کھلتی ۔

# مسلمان مرد کی مسلمان عورت سے شادی

☆ راوی خلیفہ چنن الدین :۔ لوگ سوال کرتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ میں بھائی بہن کا نکاح جائز تھا کیا ایک پیر کے طالب ہونے سے ایک دوسرے کے بہن بھائی بن سکتے ہیں اور اُن کا نکاح جائز ہوگا؟ہاں ! جائز ہوگا۔رسول کریم ﷺ کی اُمت میں سب مسلمان آپس میں بھائی بہن ہوتے ہیں (کل مسلم اخوۃ)ایک رسول کا کلمہ پڑھنے والے آپس میں بھائی بہن ہوتے ہیں ۔اُمتی بھائی کا نکاح اُمتی بہن سے جائز ہے ۔مشرک عورت کا نکاح اُمتی بھائی سے ناجائز ہے جب تک ایک کلمہ نہ ہو ایک دین میں بھائی بہن نہیں تو نکاح ناجائز ہے ۔یہ اسلام کا کام ہے دنیا کا نہیں ۔ہم دنیا کی مثال نہیں دیتے دین نبی کریم ﷺ کی شریعت کا بیان ہے ۔کیا مسلمانوں نے شریعت چھوڑ دی ہے اور قرآن پاک کو اللہ تعالیٰ نے بند کردیا ہے؟ پس لوگ مطلب کے مسلمان ہیں اسلام کو اپنا نہیں سمجھا کسی کا سمجھ رکھا ہے ۔



Marfat.com

# عرس شریف بزرگانِ دین

☆ عرس حضرت امام حسین علیہ السلام اوّل دن سے باطنی طور پر مقرر ہے جب جبرائیل نے متواتر کئی دن وحی بند رکھی اور شہادت حضرت امام حسین علیہ السلام کی خبریں حضور پاک ﷺ تک پہنچائیں اور حضرت امام حسین علیہ السلام کے والدین اور سرورِ کائنات ﷺ غمگین ہوئے۔ صبر اور رضا کو تسلیم کیا اور ظاہر میں واقع شہادت کے وقت اللہ تعالیٰ نے خود اہتمام کیا کہ آسمان سے خون اس قدر برسا کے زمین تر ہوگئی ___ بیہقی نے اپنی کتابوں میں ذکر کیا ہے الصواعق المُحرقہ کے مصنف علامہ ابن محبر مکی نے بہت سے لوگوں کے حوالے دیکر اس واقعہ کو نمایاں کیا ہے۔

1. عثمان بن ابی شیبہ نے تحریر کیا ہے کہ آپ کی شہادت کے بعد آسمان سات دن تک ٹھہرا رہا۔ دیواریں سرخی کی شدت سے سرخ چادر کی طرح نظر آتی تھیں اور ستارے ایک دوسرے سے ٹکرانے لگے۔
2. ابن جوزی نے لکھا ہے کہ تمام دنیا تین دن تک تاریک رہی پھر آسمان پر سرخی ظاہر ہوئی۔
3. ابوسعید کہتے ہیں کہ دنیا میں جو پتھر بھی اُٹھایا گیا اُس کے نیچے تازہ خون ملا اور آسمان سے خون کی بارش ہوئی جس کا اثر مدت تک کپڑوں پر رہا۔



Marfat.com

4. ثعلبی اور ابونعیم نے بیان کیا ہے کہ اِن پر خون کی بارش ہوئی ابونعیم نے یہ اضافہ کیا ہے کہ صبح ہوئی تو ہمارے کنویں اور مٹکے بھرے ہوئے تھے بیت المقدس، عراق اور شام تک ہر پتھر کے نیچے جما ہوا خون موجود تھا۔

---

حوالہ:۔ الصواعق المحرقہ کا ترجمہ شدہ کتاب ''برقِ سوزاں'' صفحہ 645 ملاحظہ کریں۔

# بزرگانِ دین کی قبروں پر روشنی کا اہتمام

1. اصحاب کے زمانہ سے لے کر اب تک سرورِ کائنات ﷺ کے روضہ پر روشنی ہوتی ہے۔

2. حضرت فاطمہ زہرہ خاتون جنت کی مرقد پر اب تک قندیل روشن کی جاتی ہے۔

3. بیت المقدس میں جہاں سینکڑوں انبیاء علیہم السلام کی قبریں ہیں ان پر اب تک روشنی کی جاتی ہے۔

4. جنت البقیع میں روضہ مبارک حضرت امام حسن علیہ السلام، حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دیگر شہیدوں اور اولیاء کرام کے مزارات پر جمعہ کے دن روشنی کی جاتی ہے۔ اِسی وجہ سے متاءخرین نے کتبِ فقہ میں یہ روشنی جائز قرار دی ہے۔



Marfat.com

## نوٹ

☆ سلطنت عثمانیہ (ترکی) کے دورِ حکومت میں یہ سب کچھ ہوتا تھا جب سعود کی حکومت آئی تو اُس نے یہ مزارات شہید کروادیئے۔

☆ پس بزرگانِ دین کے مزارات پر روشنی جائز ہے۔

## مرتبہ محبوبیّت

☆ راوی خلیفہ چنن الدین آپ فرماتے ہیں کہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اپنی کتاب ''فتح عزیزی'' میں تحریر کرتے ہیں کہ بعض اولیاء کو حصہ محبوبیّت آنحضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے عطا ہوا۔ وہ مسجودِ خلائق اور دلوں کے محبوب ہیں۔ مثلاً حضرت عبدالقادر جیلانی غوث الاعظم محبوب سبحانی اور سلطان المشائخ محبوبِ الٰہی خواجہ نظام الدین اولیاء۔ حضرت جناب غوث الاعظم فرماتے ہیں کہ مرتبہ محبوبیّت ایک برتر اور اعلیٰ مقام ہے جب سالک اِس مقام پر فائز ہوتا ہے تو فرشتے اس کے اِرد گرد سجدے کرتے ہیں۔



Marfat.com

# سماء اور راگ وغیرہ

☆ راوی خلیفہ چنن الدین :۔ پیر برکت علی شاہ صاحب راگ کے متعلق فرماتے ہیں کہ سب تعریف نبی پاک ﷺ اور اللہ تعالیٰ کے لیے ہے عبادت زبانی، منہ اور دل کی ظاہر اور باطنی سب اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔اسلام میں راگ (سماء) بھی اللہ تعالیٰ کی تعریف ہے شریعت، طریقت، حقیقت اور معرفت میں جائز ہے ناجائز نہیں۔شرط یہ ہے کہ راگ توحید کے کلام پر مبنی ہو روح بت کا جھیڑا نہ ہو۔حضرت بی بی فاطمہؓ کے پیدائش کے مواقعہ پر بطور مبارک اصحابہ کرام نے بھی سنا تھا آنحضور ﷺ نے منع نہیں فرمایا تھا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سنا تھا۔حضرت غوث الاعظم محبوبِ سبحانی عبدالقادر جیلانی نے بھی سنا ہے اور خواجہ معین الدینؒ چشتی نے سنا بھی اور خود کیا بھی منع نہیں ہے کوئی سنے یا نہ سنے ہمارے مرشد پیر شہباز خاںؒ نے بھی سنا ہے۔یہ شرط ہے کہ راگ سماء سننے والا بامرشد ہو سمجھدار کے لئے راگ اللہ تعالیٰ اور رسول کریم ﷺ کی صفت تعریف وثناء ہی تو ہے۔اللہ تعالیٰ خود فرماتے ہیں (وجدت فی قلوبھم اذا ذکر اللہ) اللہ تعالیٰ کے ذکر سے دلوں میں وجد پیار محبت پیدا ہوتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ رسول پاک ﷺ کی صفت وثناء پیار اور محبت میں ڈوب کر کرو گے تو وجد پیدا ہوگا۔یہ بھی اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے۔مشکواۃ شریف میں حدیث مبارک ہے کہ راگ (سماء) درویش کے لیے شفاء اور عبادت



Marfat.com

ہے دنیادار اور بے مرشد تماشہ بینوں کے لیے مرض ہے اور سراسر حرام ہے ۔راگ یادداشت اور صحت ہے اُن لوگوں کے لیے جن کے پیر کامل اور مرشد ہیں ۔اِسی لیے حضرت علامہ اقبالؒ نے کہا ہے کہ: ؎

خرد واقف نہیں ہے نیک وبد سے
بڑھی جاتی ہے ظالم اپنی حد سے
دو عالم سے کرتی ہے بیگانہ دل کو
عجب چیز ہے لذّتِ آشنائی

☆ شعرنمبر 1. خرد کا مطلب ہے عقل۔عقل کے مطابق ،چوری کرنا ،زنا کرنا، جھوٹ بولنا، کمزور پر ظلم کرنا ،کسی کو گالی دینا ،غیبت کرنا وغیرہ وغیرہ بدی ہے اِن برائیوں کے مطلق ہر دین کے پیروکاروں کو علم ہے کہ عقل کی رو سے برائیاں کیا ہے اور نیکیاں کیا ہیں لیکن اصل نیکی بدی کی پہچان عشق کے ذریعے مرشد کامل سے عطاء ہوتی ہے اِس وجہ سے عقل کو ظالم کہا گیا ہے کہ وہ حد سے گزرنے کے باوجود اصل نیکی بدی کی پہچان نہیں کرسکتی ۔

☆ شعرنمبر2. اِس شعر کا مطلب ہے کہ جب انسان کو مرشد کامل کی مہربانی اور عنایت سے اپنے محبوب کی پہچان ہوتی ہے تو انسان کے دل میں اپنے محبوب سے جو محبت پیار، عشق اور درد اُجاگر ہوتا ہے اِس سے پیدا ہونے والی چاشنی کو لذتِ آشنائی کہتے ہیں جس انسان کو پیر کامل سے لذتِ آشنائی عطاء ہوئی وہ کوئی بھی



Marfat.com

راگ یا کلام سنے وہ اس کو اپنے محبوب کے پیار کی لذت کا مزہ آئے گا اُس کی توجہ غیر کی طرف نہیں جائے گی اور اِس درد کی لذت کی بنا پر عاشق لوگ مزید تڑپ پیدا ہونے کی التجا کرتے ہیں:۔

کانٹا وہ دے کہ جس کی کھٹک لازوال ہو

یا رب وہ درد جس کی کسک لازوال ہو

اسی لیئے:۔

فقر مقامِ نظر ، علم مقامِ خبر

فقر میں مستی ثواب علم میں مستی گناہ

علامہ اقبال

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆



Marfat.com

# دُرود شریف اور ختم شریف

☆ القرآن سورۃ الاحزاب آیت نمبر 56 ''ان اللّٰہ وملٓئکتہ یصلون علی النبی یا یھا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما'' ترجمہ: ''بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں پیغمبر پر اے ایمان والو تم بھی آپ پر درود بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو''

☆ جب اللہ تعالیٰ خود اور اُس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو حکم دیتا ہے کہ تم بھی میرے نبی ﷺ پر درود بھیجا کرو۔ تو اِس سے آگے اور کیا ثبوت ہے طعام پر ختم درود اور قبر پر ختم درود جائز ہے۔ دیکھو حدیث مبارک مشکوۃ شریف 1258، 1464، 166۔ جب ہر کام بسم اللہ سے شروع ہوتا ہے اور کرتے ہیں تو بسم اللہ شریف طعام شروع کرنے سے پہلے پڑھنی ضرور ہے بسم اللہ شریف قرآن شریف کی خود ایک آیت ہے۔ سوائے سورۃ توبہ کے ہر سورۃ کے آغاز میں بسم اللہ شریف تحریر ہے اور پڑھی جاتی ہے اور اِس طرح بسم اللہ شریف خود قرآن ہے اگر دو سورتیں اور پڑھیں جائیں تو کیا حرج ہے۔

☆ جو لوگ کہتے ہیں نبی پاک ﷺ نے طعام پر درود نہیں پڑھا۔ جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ زندہ ہے اور زندہ پر کلام فاتحہ جائز نہیں تو تم اپنے زندہ ماں باپ پر فاتحہ کیوں نہیں پڑھتے۔ اگر نبی پاک ﷺ درود پڑھتے تو کس پر پڑھتے۔ فاتحہ



Marfat.com

پڑھتے اور بخشتے تو مِلک کس کی کرتے ہم لوگ کلام وغیرہ پڑھ کر حضور پاک ﷺ کی مِلک کرتے ہیں ۔ہم لوگ کلام درود فاتحہ پڑھتے ہیں تو بالواسطہ حضرت محمد ﷺ کے خداوند کریم قبول ہو کہتے ہیں ۔آنحضور ﷺ گیارہویں شریف کا ختم دیتے تھے یہ حضرت آدم علیہ السلام سے چلا آ رہا ہے حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ دن دسواں اور رات گیارہویں کو قبول ہوئی، حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ سے باہر آئے تو دن دسواں رات گیارہویں تھی اور حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت دن دسواں اور رات گیارہویں تھی تمام انبیاء کرام گیارہویں شریف کا ختم دیتے رہے ہیں اِن حالات سے گیارہویں شریف کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت امام حسین علیہ السلام نے گیارہویں شریف کا ختم دیا۔ اِسے جناب غوث الاعظم نے جاری رکھا۔ختم شریف روزانہ لیکن جمعرات اور جمعہ کو لازمی ہے ۔آپ حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ اگر کسی نے کسی سے قرض لیا ہے ادا نہیں کر سکا غریب ہے مالک مر گیا ہے۔

☆ اِس کے مقروض بجائے قرضہ ادائیگی کے لیے پریشان ہوں تو وہ سورۃ فاتحہ، سورۃ اخلاص تین تین بار اور درود شریف تاج پڑھ کر رقم کے مالک کی روح کو بخش دے تو اللہ تعالیٰ معاف فرماتا ہے۔



Marfat.com

# متفرقات نمبر 2

☆ خلیفہ چنن الدین روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میری آنکھوں میں درد تھا اور پانی بہتا تھا۔ میں نے ایک امریکن ڈاکٹر سے علاج کروایا کچھ فرق نہ پڑا۔ جب میاں صاحب تشریف لائے۔ تو میں نے عرض کی تو آپؒ نے فرمایا پرانے جُلّے کا رُوں (روئی یعنی لوگڑ) ساڑھ کر اُس کی راکھ کی ایک سلائی آنکھ میں ڈالیں تو یہ بھی بڑی مفید چیز ہے میں نے اِس راکھ کی ایک سلائی آنکھ میں ڈالی تو تمام بیماری کافور ہوگئی۔

☆ آپؒ فرماتے ہیں کہ اہلِ اسلام آج ریزہ ریزہ ہیں بلکہ مختلف فرقوں میں بٹے ہوئے ہیں بلکہ اللہ نبی پاک ﷺ کے دشمن ہیں یہ دھویں کی طرح کبھی اِدھر کبھی اُدھر پھرنے والے ہیں۔ واہ مسلمانو! تم خود مسلمان نہیں تو دوسروں کو کیا ہدایت دو گے۔ پیروں کو گالی دیتے ہو پیر بھی جو ہے سو ہے۔ حدیث شریف ہے کہ:۔ جو بزرگ سیدھا راستہ بتائے وہ طالب کے لئے راہ بتانے والا ہوتا ہے۔ نبی کریم ﷺ کی حدیث شریف اور مومن کا خواب دونوں کا ایک جز ہوتا ہے درستگی نماز کے لیے کامل مرشد اولادِ آدم کیلئے نبی رسول ہوتا ہے۔

☆ آنحضور ﷺ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے کہ جس کو ہم نے غریبی دی ہے اُسے اپنے پاس بٹھایا ہے اور مہربانی بھی اِسی پر ہے اور جس کو اللہ



Marfat.com

نے دنیا دی ہے۔ وہ گمراہ ہیں اور اُسے اپنے آپ سے دور کیا وہ اللہ رسول ﷺ کا نافرمان ہے۔ وہ شیطان کا وزیرِاعظم ہے وہ دوزخ میں جلتا ہے یہ دعا کیا کرو۔ یا اللہ اولاد، عورت اور رزق ایسا دے کہ جس کے آنے سے خدا کی محبت زیادہ ہو۔ رشتے دار خواہ غریب ہو لیکن ایسا ہو کے عزت کرنے والا ہو۔ خدا رسول ﷺ کو ماننے والا ہو۔

☆ آنحضور ﷺ فرماتے ہیں ماں باپ کا ادب بہت ضروری ہے اولاد کو چاہیے کہ ماں باپ کی حفاظت بچوں کی طرح کریں۔ اِن ہر دو کا اولاد پر حق واجب ہے کہ ماں باپ کی خدمت کرے اور اُن کے سامنے اُف تک نہ کرے۔

☆ آپؒ مزید فرماتے ہیں کہ مدینہ شریف سے ایک کھائی آتی ہے کوٹ شریف میں میاں صاحب کی خانقاہ تک۔ فرمان ہوا ہے کہ مدینہ شریف میں بجلی گھر (گرڈ اسٹیشن) ہے وہاں سے بجلی کوٹ شریف آتی ہے اور کوٹ شریف سے بجلی ڈیرہ قطب پورہ شریف جاتی ہے اور ڈیرہ قطب پور سے فیضِ رحمت تمام دنیا کو مل رہا ہے ملے گا اور مل سکتا ہے۔ پھر آپ نے خلیفہ چنن دین کی طرف انگشت مبارک سے اشارہ کر کے فرمایا کہ اس کا قدم ہمارے قدم پر اور ہمارا قدم حضرت محمد ﷺ کے قدم پر اور حضرت محمد ﷺ کا قدم عرشِ معلیٰ پر ہے۔

☆ مزید روایت ہے کہ میاں صاحب جب سلیم پور شریف کی طرف جاتے تو



Marfat.com

بہت زیادہ تعظیم کرتے واپس آتے وقت پیچھا نہیں کرتے تھے۔آپؒ فرماتے ہیں کہ قرآن شریف سات حروف پر اللہ تعالیٰ نے ختم کیا ہے (ا۔ل۔ا۔ن۔س۔ا۔ن) اللہ تعالیٰ احد بے مثل سخی ہے جس کی کوئی مثال نہیں اور نہ کوئی شریک ہے۔واحد سخی،عالم،گدا، مثالی فیض سخی ہے۔جسم گدا،روح سخی ہے۔یعنی سخی بھی ہو گدا بھی ہو۔ ہردو کا دل ایک ہو۔تب اللہ تعالیٰ کا فیض ہے۔عشق بھی ہو دونوں کو شوق نجات کا ہو دوستی ایک جگہ ہو دو دل کا ایک دل بامراد ہوتا ہے۔ظاہر باطن شرط الگ ہے حیضی وجود بلا شرط پاک نہیں یعنی حقّے کا پانی مکروہ اور حرام ہے کسی کے ہاتھ آئے تو دریا میں ڈالے تو پاک ہے ورنہ سیّد اُمتی کوئی بھی ہو مکروہ ہے تب کامل کی ضرورت ہے۔

☆ آپؒ فرماتے ہیں کہ ایک دن غوث پاک محبوبِ سبحانی دریا کے کنارے جاتے ہیں وہاں نوجوان لڑکیاں ننگی غسل کرتیں چھلانگیں مارتیں ہیں ایک دوست نے کہا یا حضرت عورتیں نہا رہی ہیں بے پردہ حضور غوث پاکؒ فرماتے ہیں کہ یہ عورتیں نہیں بھینسیں ہیں عورت کا گٹّا ننگا ہو تو صوفی درویش دیکھ لے تو وضو نہیں رہتا اور عورت وہ ہے جس نے غیر کی شکل نہیں دیکھی۔مزید روایت ہے حضور عالی فرماتے ہیں اگر انسان پر گناہ زور کرے تو تین دفعہ الحمد شریف ایک پیر پر کھڑا ہو کے پڑھے اور کہے یا اللہ مجھے اِس گناہ سے روک دے اگر دل نہیں روکتا تو تین دفعہ سورۃ اخلاص یعنی (قل ہو اللہ) منہ کعبہ کی طرف کرے اگر پھر بھی دل نہیں موڑا تو اسطرح بغداد



Marfat.com

شریف کی طرف منہ کر کے نعرہ مارے یا کہے یا پیر دستگیر میرے دل کو گناہ سے پاک کر دے۔

☆ خلیفہ چنن الدین روایت کرتے ہیں کہ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب نے فرمایا ہے کہ:۔ خود ساختہ پیر جن کا کوئی کامل مرشد نہیں ہوتا یہ ویسے ہی ہوتے ہیں جیسے تمّعہ ہوتا ہے۔ یہ لوگوں (مریدوں) کو اپنی شام لاٹ سمجھتے ہیں یعنی یہ لوگ اُن کی مشترکہ وراثت ہیں۔ بے مرشد پیر کو جلالی کہتے ہیں یہ لوگوں کو بددعا دینے والے ہوتے ہیں لیکن شرع محمدی ﷺ کے مطابق یہ پیر غیر شرعی ہوتے ہیں آخرت کے لئے بے مراد ہوتے ہیں جمالی پیر آخرت کے لئے ہیں یہ کبھی بددعا نہیں دیتے۔ جمالی پیر سرد مجاز اور سکون والے ہوتے ہیں:۔

ایس نمانی ''میں'' نوں نِکّی کر کے کُٹ
بھرے خزانے رب دے نیواں ہو کے لُٹ
جیون جیون کوٹیں میں نوں
تے جان تگادے مُک

☆ آپؒ فرماتے ہیں کہ سلسلہ عالیہ قادریہ کے دوست کی بے مرشد امام کے پیچھے نماز نہیں ہوتی بلکہ کسی کی بھی نہیں ہوتی۔ بے مرشد امام کی وعظ پر کون ایمان لائے اور کون عمل کرے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ 'میں پیارے انسان کا بھید ہوں اور انسان میرا بھید ہے' انسان اللہ کے بھید کا واقف ہے لیکن بندہ اندھا مردار ہے۔



Marfat.com

حضرت انسان حلال ہے۔ جلالی پیر محبت کے علم سے محروم ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو محبت کے علم سے بہت عشق تھا اور حضور پاک ﷺ کے اُمتی ہونے کا بہت شوق تھا اس لیے پیغمبری چھوڑ دی۔ عرش اللہ تعالیٰ حضرت محمد ﷺ کا قلب ہے باقی سب غیر ہیں اور محبت کے علم سے محروم ہیں۔ یہ محبت کا علم بڑا نازک ہے جیسے بال کی کھال اتارنا۔ حضور پاک ﷺ ظاہر اور اللہ تعالیٰ باطن ہے جس نے محمد ﷺ کے چراغ سے چراغ جلایا بس اُسی کا کمرہ روشن ہوتا ہے۔ ''جیسے سنا سنایا وید گھٹے کا پان بیماری زید''، جسمی سیّد گھر گھر ہے۔ اصل سیّد درجہ روحی ہیں:

تیرے فیض کی رحمت گلیو گلی

یا ساقی شہباز خاں ولی

تیرے در وچوں پایا فیض ولی

یا ساقی شہباز خاں ولی

تیرا شکر کراں میں ہر ہر گھڑی

یا ساقی شہباز خاں ولی

☆ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب نے اپنی مبارک زندگی میں مذکورہ بالا چند مصرعے اپنے پیشوا سرکار کے لیے سپرد قلم کیے ہیں۔ حضور میاں صاحب فرماتے ہیں کہ دو شخصوں کے لیے پرہیزی گاری بہت ضروری ہے۔ بادشاہ اور پیر بزرگ و والدین جو غیر کام کرے وہ چند دن کا مہمان ہے توحید سے دو بشر محروم رہتے ہیں



Marfat.com

امیر اور علماء۔ لیکن سارے نہیں۔ علم، علمِ ظاہر اللہ کے آگے دیوار ہے "**العلم حجاب الاکبر**"۔ پیرومرشد کی گدی نشینی پر اولاد کا حق نہیں ہوتا طالب کا حق ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# طلب کی تقسیم

☆ حضور میاں صاحب فرماتے ہیں کہ طالب تین قسم کے ہیں۔

☆ 1. طالبِ دنیا 2. طالبِ جنت وعقبیٰ 3. طالبِ مولا

1. طالبِ دنیا:۔ **مخنس**

2. طالبِ جنت وعقبیٰ:۔ **موئنث**

3. طالبِ مولا:۔ **مذکر**

**طالبِ دنیا**:۔ بے مراد اور مردار ہے یعنی دونوں جہانوں سے بے مراد۔

طالبِ دنیا عورتوں کے ساتھ اُٹھیں گے۔ حشر کے دن مراد نہ حاصل کر سکے گے۔

**طالبِ جنت وعقبیٰ**:۔ عورت کی طرح ہونگے اور عورتوں میں رہینگے۔

**طالبِ مولا**:۔ مولا کی طلب رکھنے والا ہے وہ دونوں جہانوں میں بامراد



Marfat.com

ہوتا ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 71 ''حشر کے دن لوگوں کو اُن کے اماموں کے اتباع میں اُٹھایا جائے گا'' یعنی لوگ اپنے اپنے پیشوا رسول کے ساتھ اُٹھیں گے۔ جن کے پیشوا امام نہیں وہ شیطان کے ساتھ اُٹھیں گے۔ جس نے حوض کوثر دنیا میں اپنے ساقی پیشوا سے پی لیا ہے وہ حشر کے روز اللہ کی رحمت کے حقدار ہونگے بعض نمازیں جنت کی رہبر بعض لعنت کے طور پر ہونگی یعنی ریاکاری کی نمازیں قیامت کے دن منہ پر ماری جائینگی۔ لوگوں کیلئے یہ ہدایت ہے کہ وہ اپنی نمازوں کی پیشوا کامل سے درستگی کروالیں:

عالمِ ملکوت کو پیدا کیا اطاعت کے لیے
عشق کی آتش میں یارو ہائے جل جانے کو ہم

☆ حشر کے دن بعضے مرد عورتوں میں سے اُٹھیں گے اور بعضی عورتیں مردوں کے ساتھ اُٹھیں گی۔ بعض مسلمان مڑیوں سے اُٹھیں گے بعض ہندو قبروں سے اُٹھیں گے اور حقیقی دل کا مسلمان قبر سے اٹھے گا۔ جس نے اپنی نیند سنوار لی اُس نے اپنی موت سنوار لی۔

☆ کامل انسان کا قلب عرش اللہ تعالیٰ ہے انسان کے دل میں دیکھو کس طرح سمایا ہے جس کی (فی الارض وسماء میں سمائی نہیں) اللہ تعالیٰ نے بیعت کسی نبی ولی پر نہیں بھیجی یہ شرف صرف رسول پاک ﷺ کو حاصل ہے۔ کیونکہ حضور پاک ﷺ کو



Marfat.com

دونوں عالم (ظاہر و باطن) کا علم حاصل ہے۔ باطن کا علم تین پاؤ ہے ظاہری علم ایک پاؤ ہے۔ اسلئے بھولے شاہ کہتا ہے "میں پا پڑھیاں کولوں ڈرنا ہاں" اللہ تعالیٰ نے علمِ حقیقت صرف رسول پاک ﷺ کو عطاء کیا ہے تاکہ اُمت پر عنایت کی جائے کوئی مذہب مقرر نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کی الطغائی محمد ﷺ ہیں۔ مرشد کامل کی الطغائی راہ بتلانا ہے لیکن حضرت محمد ﷺ سر بسر اللہ تعالیٰ کا نور ہیں الطغائی ہر چیز کی ہے الطغائی کا مطلب مقصد ہے۔

## قول حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب

☆ راوی خلیفہ چنن الدین:۔ رشوت سود لینے والوں کا حشر طرح طرح کی شکل جیسے ریچھ، بندر، بجّو، لنگور اور بلے وغیرہ دیکھی۔ کتے کی نظر مردار پر جاتی ہے۔ ایسے ہی آوارہ اور بے مرشد کی نظر اِدھر اُدھر رہتی ہے۔ خون کا دعویٰ بادشاہ پر نہیں ہوتا اور خدا کے مارے کا بھی نہیں ہوتا۔ بالغ کی عمر اکیس سال، نابالغ کے لیے استاد اور بالغ کے لئے کامل مرشد اور عشق سدا کا بالغ ہے۔ جس جگہ میاں صاحب کا اسم شریف آئے وہاں اپنے پیر و مرشد کا جانو۔

☆ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ مرشد کامل حضرت محمد ﷺ کا فیض ہیں۔ دنیا گدا ہے محمد ﷺ کی اور حضرت محمد ﷺ دنیا کے سخی ہیں۔ کامل مرشد حضرت محمد ﷺ کو ملانے اور سیدھی معرفت کی راہ دکھانے والا ہے اور



Marfat.com

مرشد کامل کی اہل ہستی حضرت محمد ﷺ ہیں۔کسی کتاب یا کسی کے گرو پیر نے حضرت انسان کی ونڈ یعنی (تقسیم) بتائی ہے؟ اگر نہیں تو یہ ہمارے میاں صاحب کامل پیشوا ہیں جنہوں نے یہ راز بتایا ہے اب تک خودساختہ پیر فقیر اِس راز سے محروم ہیں۔حضرت بابا فریدؒ نے جنگل میں زہد کیا۔صرف سرِ اہل توحیداور راز ممکنات کیلئے۔ یہ مسئلہ لوح ،فلک اور سروری کا ہے کوئی جن بھوت یا جادو کا نہیں ہے۔جس فلک پر حضرت محمد ﷺ کو معراج ہوئی ہے اور جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ جھوٹ ہے وہ دونوں عالموں سے بے مراد ہیں۔میاں صاحب نے اللہ تعالیٰ کا دین اسلام سمجھایا حالانکہ دنیا میں پیر فقیر عالم موجود ہیں کسی بات کی کمی نہیں۔صرف اسلام اِس لیے کمزور ہوا کہ یہ بے مرشد کے پاس ہے۔

☆ قول راوی:۔ خلیفہ چنن الدین: میں نے میاں صاحب کو اپنی پوری زندگی میں پانچ دفعہ دیکھا ہے۔ایک دفعہ ڈھگارہ،ایک دفعہ بھونڈری شریف (انڈیا) میں،ایک بار ملایا میں اور دوبار ڈیرہ قطب پور میں دیکھا ہے۔

## (من رانی فقد راء الحق)

پوہ:۔ پہنچیں پیتم پیاریا میری پوری کریو آس
کہت چنن الدین ہے میرے دوست کوئی نہیں پاس

جیم:۔ جگت میں وہ جگ دیس ۔ دہتہ دانہ نکہ پیس
گرُ کرپا کی ناہیں ریس وہ جانے جو دیوے سیس



Marfat.com

ن:۔ نہیں ہے ثانی اسدا بھینگا ہے جس دوجا دسدا
بھرم مٹاوے مرشد جس دا بن جاوے سونا مسدا

## تارن ہار پیشوا

☆ خلیفہ غلام دستگیر راز روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضور میاں صاحب نویں شہر (انڈیا میں) کی طرف روانہ ہوئے تو آپ کے ساتھ پانچ سات دوست تھے۔راستے میں دریا آگیا آپ دوستوں کے ہمراہ دریا کنارے کھڑے ہو گئے۔ دوستوں کو دریا عبور کرنے کا اور تیرنے کا طریقہ نہیں آتا تھا وہ یہی سوچ رہے تھے کہ اب کیسے دریا عبور کریں گے۔ اِس دوران حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب نے فرمایا کہ ایک دوست ہمارا کندھا پکڑے باقی دوست ایک دوسرے کا بازو پکڑلیں۔اِس طرح تمام دوست آگے پیچھے ہوکر ایک دوسرے کا بازو پکڑے حضور میاں صاحب کا کندھا پکڑکر آہستہ آہستہ دوسرے کنارے پر پہنچ گئے۔

☆ حضور میاں صاحب نے فرمایا کہ:۔

جے نہ لنگا سکے ایتھے کی محشر نوں کرنا
جھوٹ نہیں رہنمائی ساڈی نہ اساں دھوکا دینا

☆ آپؒ مزید فرماتے ہیں کہ:۔



Marfat.com

اسیں شرم رکھے لڑلکیاں دی اہل عشق دا شوق گھٹاوندے نہیں
معنی رانی منکشف کر دے تے غیر نوں منہ لگاوندے نہیں
شفقت کرنا کم ہے مشفقاں دا کدی طالب نوں نہیں دلگیر کر دے
ہتھ پھڑ کے چھوڑ وچکار جانا ایہہ کم ناہیں دستگیر کر دے
بے پراہ ناہیں کوتاہ نظر ہوندے شوہدے کم نہ کدی امیر کر دے
بیخودی دا جام دیکے اپنے لطف تھیں بے نظیر کر دے
برخوردار رہو دلشاد ہر دم رکھو یاد ہدایت تلقین ساڈی
دئیو وسوسے چھوڑ نونہال بنو تکو شوق تھیں پاک جبین ساڈی
ڈونگھے دلاں وچہ اتر کے کرے جلوے پُر نور صورت نازمین ساڈی
شعر ذیل دا پڑھو معلوم ہووے حشر چمدے جو نعلین ساڈی
''سگ دربار میراں شو چوں خواہی قطب ربانی
کہ بر شیراں شرف دارد سگ دربار جیلانی''

# اہلِ کتاب

☆ راوی خلیفہ غلام دستگیر راز صاحب لکھتے ہیں کہ:۔ جب فضل وکرم کے بادل جھوم جھوم کر چڑھتے ہیں تو وہ گندی مندی ہر قسم کی جگہ پر برابر برستے ہیں ان کی



Marfat.com

غلاظت وغیرہ کو دھوکر پاک صاف کردیتے ہیں ۔مختلف مذہبوں کے لوگ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کے دستِ مبارک پر بیعت تھے اور آج بھی ہیں ۔ جن لوگوں سے دنیا نفرت کرتی ہے اُن لوگوں کو آپؒ نے اپنے سایہ رحمت وشفقت میں جگہ عطا کی اِن لوگوں کو آپ نے پاک کیا ۔اس طرح مسلمانوں کے علاوہ ہندو، سکھ، کھتری، چوڑے اور چمیار وغیرہ کو بھی آپؒ نے اپنی غلامی میں شامل کیا۔

☆ ایک دن آپؒ کے خادم چمیار اور چوڑے محفل میں موجود تھے اور وہ آپس میں گفتگو کررہے تھے کہ مسلمان، عیسائی، یہودی ،ہندو، اور سکھ وغیرہ سب کے سب اہلِ کتاب ہیں اور ہم نہ مسلمان ،عیسائی اور نہ ہندو ہیں اِسطرح ہم اہلِ کتاب نہیں ہیں ۔اُنہوں نے اپنے دل میں یہ ارادہ کیا کہ اپنے گوراں کے پاس جاکر پوچھتے ہیں ۔وہ سب اکٹھے ہوکر حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب یعنی اپنے گرو کے پاس آئے تو انہوں نے گزارش کی کہ یا حضرت ہمارے علاوہ سب مذہبوں والے اہلِ کتاب ہیں ہماری کوئی کتاب نہیں ہے۔

☆ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب نے اُن کو فرمایا کہ آپ لوگ محفل میں اپنے گرو کے حضور سامنے بیٹھے ہیں ۔آپ کو کتاب کی کیا ضرورت ہے آپ لوگ ہمیں اپنی کتاب سمجھ لیں اور ہمارے چہرے کی طرف دیکھیں جو آپ نے پوچھنا ہے ہم سے پوچھ لو آپ کو کہیں جانے یا کسی سے پوچھنے کی ضرورت نہیں ہے تو آپؒ نے فرمایا کہ کامل مرشد ناطقِ قرآن ہوتا ہے ۔اپنے مرشد سے عین الیقین اور حق الیقین ہوکر پوچھو۔ جو لوگ اپنے گرو سے نہ سمجھ سکیں وہ نادانوں میں شامل ہوتے



Marfat.com

ہیں۔وہ دوست حضور میاں صاحب کا فرمان سن کر بہت خوش ہوئے اور۔۔۔ سبحان سبحان اللہ پکارانے لگے۔

حروف مُہمل آیاتِ قرآنی باجھوں پاک مسمّے

تے ناباجھوں مرشد کامل کوئی جنم فیضی وچہ جمّے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# نیاز پیش کرنے بارے ہدایت

☆ راوی خلیفہ غلام دستگیر راز اپنی کتاب ''گلزارِ برکت''میں اپنے پیشوا سرکار حضور پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کی ہدایت یوں پیش کرتے ہیں کہ ایک دوست نے گزارش پیش کی کہ جناب پیشوا سرکار کے حضور نیاز پیش کرنے کا طریقہ ہدایت فرمائیں۔

☆ حضرت فرمانے لگے اِدھر ہماری طرف دیکھو(اپنے دونوں ہاتھ مبارک جوڑ کر دیکھائے)اپنے دونوں ہاتھ جوڑو جس طرح دعا مانگتے ہیں باادب ہوکر اپنے محبوب ودلربا کے سامنے جھک کر گزارش پیش کریں کہ جناب نذرونیاز قبول فرمائیں۔



Marfat.com

☆ اگر کسی دوست نے کھانے کی نیاز منظور کروائی ہے تو سب سے پہلے پیشوا سرکار کے حضور طعام پیش کرو۔اِس کے بعد باقی تمام دوستوں کے سامنے طعام اتارو۔جب نیاز اتار چکو تو دونوں ہاتھ جوڑ کر جس طرح معافی مانگی جاتی ہے یہ کہو! یاحضرت ! نیاز اتار چکے آپ ''بسم اللہ'' فرمائیے ۔یہ طریقہ ہے اپنے حضور نذر و نیاز پیش کرنے کا اور ہر وقت عاجزی کے ساتھ گزارش کرنی ہے: ۔

یا حضرت بخشو خوش حالی اپنے دید جمالوں
قرب نصیب کرو اس رازنوا اپنے لطف کمالوں

# وضو طریقت سے راہِ حقیقت

پہلی شرط وضو دی بسم اللہ بسمل ہونے نوں تیار ہونا
سبق نفی اثبات دا سکھنے نوں آبِ صفا دے نال وجود دھونا
مسح نال تکبیر نوں وارد دلوں دوج دا نام نمود کھونا
ہتھ منہ دھو کے قبلہ رو ہو کے سر رکھ قدمیں نہ پھیر چاوَنا
گزر جانا اپنے آپ کولوں ہونے وچہ محبوب دے گم ہونا
وفی انفسکم جان لینا جینا اوہ ہو خود بے دم ہونا
اوہ نوں سونپ دینا گھر بار اپنا سر خودی دا کر قلم دینا



Marfat.com

پیتا موت پیالا پہلے مرنے توں اپنے رہن دا کڈھ بھرم دینا
اوہ ہوکے اسدی چال چلنا اوہدی بولیاں وچہ گفتار کرنی
جنم لے سعید دلدار کولوں رضا یار والی اختیار کرنی
امر و نہی نوں کر تسلیم لینا مونہوں اف نہ پیش دلدار کرنی
اپنا کر حساب بیباق لینا بقا اوسدی بقا شمار کرنی
اوہو آپ ہوکے کرنا آپ درشن کرنا قدماں پر سجود اپنے
اپنی اپنے وچہ تلاش کرنی جلوہ دیکھنے رنگ شہود اپنے
حلقے جہل موہوم سب توڑ دینے وہم کر دینے مفقود اپنے
پیشے یکتائی وچہ ہو یکتا عابد ہوکے ہونا معبود اپنے
شان پیشوا دا ہوکے خاص مظہر احسان من کے شکر گزار ہونا
اوہدے روپ انوپ دیوچہ آکے برکت علی شاہ درہزار ہونا
اوہدا پہن بانا اوہدے پہن مندرے اوہدے جاگ دے نال بیدار ہونا
اوہدے حال دیوچہ محلول ہوکے صاحب حال صاحب کار ہونا
جس ہست موہوم نوں تیاگ دتا پھیر اسنوں منہ نہ مول لاونا
کلمہ کر ثابت اثبات ہوکے لا و الا دے سبق نوں بھول جانا
روزہ رکھ لینا قسم کھا لینی رہنا غیر دا نہیں قبول ہونا



Marfat.com

استغراق تھیں لنگھ فراق جانا دیدوں حج دا طے اصول ہونا
دلوں وہم غریت دور کرنا ایہو وضو طریقت دا جان میاں
پیالا محو دا پی کے مست ہونا رہنا بیخودی وچہ غلطان میاں
چلنا راہِ طریقت پیشوائی ایہو راہِ حقیقت دا جان میاں
عدم ہوکے وچہ اثبات رہنا بے نشان دا ایہو نشان میاں
بے صورت دیکھنا وچہ صورت رجھنا اک صورت دلدار اتے
جس صورتوں لیا پچھان دلبر اس خود نوں ٹنگیا دار اتے
کثرت شاناں دل نہ دھان کرنا ختم شاناں رخ یار اتے
برکت علی شاہ جسدا راز دلبر ہور لوڑ کی اس سنسار اتے

(خلیفہ غلام دستگیر راز)

# میخانہ غوث پاکؒ کوٹ شریف میں

کھلا ہے میکدہ جیلاں پیئے مے جسکا جی چاہے
اٹھائے حظ مے نوشی کا یارو جسکا جی چاہیے
یہ وہ مے ہے جو پیتے ساتھ ہی بیخود بناتی ہے
غبار دل نکالے شوق سے پیئے جسکا جی چاہے



Marfat.com

مے جیلاں پینے والوں کا مذہب انوکھا ہے
منافی ہوشمندی کے ہیں پیئے جسکا جی چاہے
فنا کا فکر نہ انکو بقا کی طلب نہ انکو
کمال و حال و محویت کو پائے جسکا جی چاہے
کرے وہ دمبدم سجدہ درِ غوث معظم پر
خوشا ساقی پکارے پی کے دیکھے جسکا جی چاہے
حصول مے حقیقت میں وہ عطیہ پیشوائی ہے
کہ پائے گنج مخفی راز پیئے جسکا جی چاہے
(خلیفہ غلام دستگیر راز)

# موتوا قبل انت موتوا

☆ ایک دفعہ:۔

قبل از عید الضحیٰ اک سالے کوٹیں پھیرا پایا
رحمت دا دریا چڑھ آیا وقت خوشی دا آیا
آیا برکت پیر سبحانی دوستاں منگل گایا
عید مبارک دے دن باہر دوستاں جھرمٹ لایا



Marfat.com

پیش امام بنے شوہ برکت موذن اِذن سنایا
چار تکبیر نماز جنازہ کہو حضرت فرمایا
بھلا ہویا جو حضرت کوٹاں اوپر احسان کمایا
کِسدا پڑھیا گیا جنازہ کون پڑھاون آیا
حاضر میت اپنے باجھوں دوستاں نظر نہ آیا
عشق بناں دل مردہ جیہڑے جوت جگاون آیا
موتو قبلہ دا ول دس کے جج دا ول سکھایا
اوہ جگہ مانند کعبے جیدا شان حضور بڑھایا
بت کعبے دے ساجد ہو گئے بدھوواں راز نہ پایا
بے مراداں نوں لا سینے تے بامراد بنایا
قدم مبارک پاوچ کوٹاں کوٹ شریف بنایا
خود ہادی ہو اللہ واحد رسول اللہ بن آیا
الانساں سری والا کھول کے بھید بتایا
بند وچہ آ توں بنیا بندہ چاہیں بند ہٹایا
منگیں فضل جناب الاہوں حکم موتو ہے آیا
چار عناصروں ہتھ اٹھا کے پڑیں فرض کفایہ
بیخود ہو کے ڈگ در ہادی ہووے لطف سوایا



Marfat.com

منگ پناہ ہستی موہوموں کبر دا کریں صفایا
گھر والا آوسے گھر وچہ ایہہ ہے فضل خدایا
ضامن برکت علی شاہ بنیا بخشش بار اٹھایا
راز منیں احسان شوہ برکت جسنے کرم کمایا

(خلیفہ غلام دستگیر راز)

# لن تنا لوا البر حتی تنفقوا مما تحبون

''تم خیر کامل کو کبھی نہ حاصل کرسکو گے یہاں تک کہ اپنی پیاری چیز کو خرچ نہ کرو گے''

(القرآن۔سورۃ العمران،آیت نمبر 92)

☆ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کی محفل میں ایک دوست بیٹھا تھا اُس نے کہا کہ میں نے سنا ہے کہ حضور پاک ﷺ مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے آپ کے پاس چاروں یار اور دوسرے صحابہ کرام بھی موجود تھے۔آپ ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا کہ آپ کا شوق قابلِ تحسین ہے اور جذبہ عشق بھی کمال کا ہے آپ یہ بتائیں کہ گھوڑے کی رکاب پر ایک پاؤں رکھ کر اُچھل کر گھوڑے پر سواری کرتے ہوئے دوسری رکاب میں پاؤں رکھنے تک قرآن شریف ختم کرے۔کون ایسا بہادر شخص ہے جو اتنی جلدی قرآن شریف پڑھ دیکھاوے۔تمام صحابہ کرام خاموش رہے اور عقل وفکر کے لحاظ سے حیران و پریشان ہوگئے۔وہ کون ہے جو اتنی



Marfat.com

جلدی قرآن شریف ختم کر سکے۔ یہ اُس دوست نے پوچھا۔ یہ سن کر حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب نے فرمایا کہ اِس میں کیا اچنبھا اور مشکل ہے کہ یہی بات بتانے پیر حقانی آئے ہیں ۔

اندر طلب یار دے کھونا جان نچھاور کرنی
افضل تھیں افضل قربانی منشا ایہو قربانی
باجھوں شیر خدا دے کیہڑا کوٹ خیبر دا توڑے
صدا ناد سنے جا پلوچہ نین نیناں سنگ جوڑے
لا مکان مکین دے باجھوں کیڑا گزرے حدوں
ڈبے بحر معانی کرے پار نظر شیشے توں

☆ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک گھوڑا لے کر آئے اُس کی ایک رکاب پر پاؤں رکھ کر" **لن تنالوا البر حتی تنفقو مما تحبون** "اِس آیت کو اپنے اُوپر وارد کیا اور ہستی موہومہ کو جب چھوڑا اتنز یہوں تشبیہ جب چمکی لحمک لحمی کا مقام ہوا تو دوسرا پاؤں گھوڑے کی رکاب پر رکھا تو قرآن شریف ختم ہو گیا: ۔

اسم جسم دا قائم ہو کے دوجا رکھیا پیر رکابے
کرم اللہ وجہہ کیہا ، محمد علی دی خاص جنابے



Marfat.com

ایہہ رتبہ ہے اعلیٰ بالا ہوراں نہیں نصیبے
ایہہ انعام فضیلت بھریا آیا علی دے حصے
دیدار علی عبادت بیشک عین دیدار محمدی
برکت علی شاہ ہادی کامل دسی بات رمز دی
فرض عبادت جن و انس تے آیا حکم قرآنے
مقصود عبادت ایہو، درشن دیوے ربدی ذاتے
دیدار محمدی دیدار اللہ کھلا بھید رحمانی
شیطاں مثل نہیں ہو سکدا پڑھ دیکھو من رانی
تن من نوں کرو نچھاور صل علےٰ دے اتے
جسدی خاطر اللہ واحد سب عالم پیدا کیتے
تابعداری اسدی جانوں تابعداری ہے ربدی
پار اتارے کر دی جاوے اسدی نظر کرم دی
شربت دید پلا جا آکے اے دلدار ہمارے
سینے لاکے دے دلاسہ اے محبوب دولارے
توں منبع برکت دا برکت اپنی برکتوں پاویں
راز جیہے ناچیز دے اتے کم دا منبہ برساویں

☆ اِسی سلسلہ میں القرآن سورۃ البقرہ آیت نمبر 149 اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے کہ



Marfat.com

''جس جگہ سے بھی آپ باہر جائیں تو اپنا چہرہ مسجد احرام کیطرف رکھا کیجیے اور یہ حکم بالکل حق ہے آپکے پروردگار کی طرف سے ہے اور اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں سے اصلاً بے خبر نہیں'' یہ آیات مذکورہ بالا تحریر کی مکمل طور پر ترجمانی کرتی ہے۔ اِس آیت میں یہ فرمان تحریر ہے کہ آپ جس طرف سے بھی باہر جائیں تو اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف رکھیں۔ اِس آیت کی رو سے اگر آپ اپنے گھر سے نکلتے ہیں تو آپ نے مشرق جنوب یا شمال کی طرف جانا ہو تو مسجد حرام مغرب کی طرف ہے تو آپ مغرب کی طرف رخ کر کے مشرق یا جنوب کی طرف سفر نہیں کر سکتے۔ سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 149 کی روشنی میں دیکھا جائے تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھوڑے پر چڑھتے وقت ایک رکاب میں پاؤں رکھتے ہوئے دوسری رکاب میں پاؤں رکھنے تک قرآن شریف ختم کرنا اور مسجد حرام کی طرف رخ کر کے چلنا یہ راز پیشوا کامل کی کرپا سے سمجھ آتا ہے۔

## سفرِ آخرت حضرت پیر شہباز خاں 1914ء

کرن روایت شاہ شہباز خاں اپنی وچہ حیاتی
خوش ہو کے فرماؤن لگے ساتھ لگا کے چھاتی
جدوں دار فنا چھڈ جایئے ہتھیں غسل کراونا
پیش امام تسیں خود بننا جنازہ تساں پڑھاونا



Marfat.com

آبدیدہ ہو حضرت فوراً قدمی سیس نوایا
حیران ہوئے سن کے سبھے ایہہ کیا سخن سنایا

☆ مذکورہ بالا گفتگو کیے ہوئے کافی عرصہ گزر گیا ایک دن حضرت پیر شہباز خاں بیماری کی حالت میں اپنے کمرے میں تشریف فرماتھے آپ کے پاس خاص الخاص دوست موجود تھے ابھی تک حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب تشریف نہیں لائے تھے۔تو حضرت پیر شہباز خاں اپنے دوستوں سے پوچھتے برکت علی سبحانی آئے ہیں یا نہیں۔ دوسرے دوست اِس بات پر حیران تھے کہ حضرت پیر شہباز خاں بار بار حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کا کیوں پوچھ رہے ہیں۔ دوست آپس میں چہ میگوئیاں کر رہے تھے کہ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ کے پوچھنے کے بارے میں کیا راز ہے یہ خدا ہی جانے اِسی اثنا میں حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ محبوبِ سبحانی تشریف لے آئے۔اُسی وقت کمرے کا ماحول بدل گیا۔حضرت پیر شہباز خاں بار بار اپنی تسکین کی خاطر میاں صاحب سے پوچھتے تو حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ ہے تو اپنے منظورِ نظر کا جواب سن کر کہتے اچھا ہوا جو آپ آگئے ہیں۔ جب وقتِ نزع آیا تو حضرت پیر شہباز خاں نے باقی تمام دوستوں سے کہا کہ آپ باہر جا کر بیٹھیں۔حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ ہمارا منظورِ نظر ہے پھر حضرت پیر شہباز خاں نے باباصاحب کو بغل گیر کیا اور کچھ دیر تک اپنا سوز و درد نکالتے رہے پھر خود پلنگ پر بیٹھتے ہوئے باباصاحب کو کہا کہ آپ بھی بیٹھ جائیں پھر کچھ دیر بعد



Marfat.com

ساغرِ وصل پی کر خاموش ہو گئے۔ پھر حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب نے حسبِ ہدایت ارشادِ عالی جنازہ پڑھایا۔ اِس طرح حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کا اپنے پیشوا کے ساتھ محبت بھرے تعلق کا اظہار ہوتا ہے اور پیشوا کے نزدیک آپ کا کیا احترام ہے۔ (خلیفہ غلام دستگیر راز)

## وعدے کا پاس

☆ خلیفہ غلام دستگیر راز نے اپنی کتاب ''گلزارِ برکت'' میں یوں تحریر کیا ہے کہ:۔
ایک دوست نے پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب سے نیاز منظور کروائی حضور میاں صاحب نے نیاز قبول کی اور جمعہ کا دن مقرر کیا۔ یہ دوست دریائے ستلج سے پار (دوسری طرف) بھونڈری شریف سے کافی دور رہتا تھا۔ یہ دوست مالی طور پر بھی صاحبِ حیثیت تھا اور شوق ومحبت والا تھا جو دن اور ٹائم مقرر تھا آ پہنچا تو اُسی وقت آندھی طوفان شروع ہوا۔ گرد وغبار اڑنے لگا۔ آسمان پر سیاہ بادل چھا گئے اور زوروں کی بارش شروع ہو گئی۔ گاؤں کی گلیوں میں پانی پھرنے دوڑنے لگا۔ اِن حالات کو دیکھ کر خادم کے دل میں کئی قسم کے خیالات آنے جانے لگے۔ اُس نے سوچا کہ طوفانِ باراں کے موسم میں حضور میاں صاحب بمشکل تشریف لائیں گے۔ اس طرح اُس دوست نے ان حالات کے پیشِ نظر نیاز (طعام) کی تیاری نہ کی اور یوں ہی بیٹھا رہا کہ آپ اِس بارش کی وجہ سے تشریف نہیں لائیں گے لیکن



Marfat.com

اچانک طوفان و بارش کے باوجود میاں صاحب دوست کے گھر پہنچ گئے لیکن وہ دوست اچانک حضور میاں صاحب کی آمد دیکھ کر حیران رہ گیا اور دل ہی دل میں شرمندہ ہونے لگا اور حضور میاں صاحب سے معافی کا طلب گار ہونے لگا:۔

اوہ حیران دلے وچہ ہویا عرض اولائی روکے
اسیں نا اُمید ہو حضرت ، بیٹھ رہے چپ ہوکے
تساں وعدے اوپر آئے اسیں وعدیوں ہارے
سانوں غافل کیتا بارش تساں ہو سچیارے
طعام تیاری کیتی فوراً کر کر کے دل شادی
مقصد دل دا ہویا پورا دور ہوئی نا شادی
برکت حکمت شاہ برکت دی آوے نہ وچہ قیاساں
غالب پیاس جنہاں دی دیداروں کیتیاں دور پیاساں
نظرِ عطا شاہ برکت ہادی کر دی پار اتارے
گھر دوستاں جا کے حضرت بگڑے کار سنوارے
بے انت احسان شاہ برکت کیتے دوستاں اُتے
سج گئے دیس انہاں مشتاقاں پائے قدم محبوباں جھتے
دین دنی دے حل مراحل کیتے قطب ربانی
مٹھّیاں گلاں کر کے دسے راز نہانی



Marfat.com

ایڈ شفیق رحمان شاہ برکت کہے پکار زمانہ
وارث گنج غوثیہ حضرت مالک علم خزانہ
غلام دستگیر راز

# علوی سیّد

☆ راوی غلام دستگیر راز:۔

چار فانی لذتاں وچہ دنیا پھیلیا جال انہاں دا
بچدا سدا رہے انہاں توں ٹولا درویشاں دا
ہے اکل و شرب اک تے دوجے ہے زنا کاری
تیجے علم و فضلیت چوتھے حکومت تے سرداری
انہاں چوہاں تے غالب لذتِ ذکر خداوند عالی
جسدے فیضان والے در تے خلقت کل سوالی
عالماں فاضلاں دی وچہ نظراں عاجز لوگ نہ جچدے
دستار علم فضلیت پا کے فخر وڈیرا رکھدے

☆ ایک دفعہ ایسا ہوا کہ:۔ ایک عالم فاضل سیّد حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کا نام مبارک سن کر آیا اور دوستوں سے کہنے لگا مجھے حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب سے ملاؤ میں نے اُن سے کلام وغیرہ کرنی ہے۔ میں پڑھا لکھا



Marfat.com

عالم ہوں دوستوں نے اِس عالم سے کہا کہ پوچھو جو کچھ آپ نے پوچھنا ہے ہمارے ساتھ کلام کرو اپنا مقصد بتاؤ۔ وہ کہنے لگا میں سیّد افضل ہوں تسی کون ہو بچارے ایک عالم فاضل سے کس طرح کلام کر سکتے ہو۔ خواہ مخواہ تکرار کر رہے ہو۔

☆ دوستوں نے عالم فاضل سے کہا اگر تو سیّد ہے تو بتایئے ہمارے متعلق ہم کی کمین کہاں جائیں تیرا تو رب کے ساتھ ناطہ ہے۔ دوست اِس عالم فاضل کو حضور میاں صاحب کے پاس لے آئے۔ وہ عالم فاضل دعا سلام کے بعد کہنے لگا جناب آپکے مرید بڑے تیز اور جوشیلے ہیں اور میں نے اِن سے کہا کہ میں سیّد زادہ ہوں تو یہ فوراً بولے اگر تو سیّد زادہ ہے تو ہم کی کمین کہا جائیں تو ہماری بخشش کا کیا ہوگا۔

☆ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب نے فرمایا یہ صحیح کہہ رہے ہیں اب یہ لوگ علوی سیّد ہیں۔ علوی سیّد سفلی سیّد سے بہتر ہیں۔ اگر سفلی سیّد علوی سیّد بن جائے اور نورِ ہدایت کسی کامل سے حاصل کرلے تو پھر اِس نورِ ہدایت کی بدولت اِس کے گھر میں بھی چانن ہوجائے۔ اِن لوگوں نے ہمارا دامن پکڑا ہے اور اِن کو قائم قدیم بنایا ہے اِن لوگوں نے مقام لحمک لحمی میں تحلیل ہو کر اپنے آپ سے ہاتھ اٹھا لیا ہے۔ جو لوگ (موتو قبل انت موتو) ہو کر اپنا آپ چھوڑ چکے ہیں اب اُن کی ذات کہاں۔ اب وہ نور جو نورِ ہدایت اور شعورِ محمدی ﷺ ہے وہی باقی ساداتی ہے رنگ روپ اور ذاتاں والا قصہ اپنے نقص و تکبر اور غرور کی وجہ سے بنا



Marfat.com

ہے۔نورِ محمدی ﷺ یعنی شعورِ محمدی ﷺ بے عیب ،لاثانی اور لافانی ہے یہی ایک نور زمین و آسمان پر جلوہ گر ہے۔یہی نورِ محمدی ﷺ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ کے روپ میں اُسی طرح جلوہ گر ہے۔

بن بروپیا بھیس وٹاوے جانو اسدے بانے
باجھوں نورِ ہدایت ہادی ایہہ نہ جان پچھانے

(خلیفہ غلام دستگیر راز)

بدل کے بھیس پھر آتے ہیں ہر زمانے میں
اگرچہ پیر ہے آدم ، جواں ہیں لات و منات

(حضرت علامہ اقبالؒ)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆



Marfat.com

# ذکرِ ہجرت حضور پُرنور حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ

## بوقت تعمیر پاکستان اور ورود در سرِ زمین پاکستان

محویت وچہ اپنی جس دم حق نے کن الایا
شہودی نقش کائناتی وچہ ظہور دے آیا

☆ چودہ اگست 1947ء کو برصغیر ہندوستان میں انقلاب آیا تو ہندوستان میں کچھ علاقوں پر مشتمل ایک خودمختار ملک ''پاکستان'' معرض وجود میں آیا۔ اِس سلسلے میں ہندوعلاقوں میں سے اکثریت مسلمانوں کی اپنے نئے ملک پاکستان تشریف لائے اور اِسطرح نومولود علاقوں میں جو ہندولوگ رہائش پذیر تھے وہ لوگ ہندوستانی ریاست میں آنا شروع ہوگئے ۔اِس ادل بدل کے موقع پر کافی زیادہ لوگ قتل ہوگئے جن میں اکثریت مسلمانوں کی تھی اور کئی علاقے کھنڈرات میں تبدیل ہوگئے ۔اِس دوران حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب محبوبِ سبحانی بھی اپنے اہلِ خانہ اور دوستوں کے ہمراہ سِدمّاں سلیم پورکیمپ میں تشریف لے آئے۔ کیمپ میں بدنظمی قدم قدم پر ایسی سنجیدہ پابندی تھی کہ ہرطرف خوف وہراس پھیلا ہوا تھا۔موسم بھی بارش کی وجہ سے سرد ہوچکا تھا:



Marfat.com

دو زانو ہو بیٹھے حضرت لا سرتی وچہ قلبے
پانی بارش کاٹے چکر پاک حضور دے گردے
بیٹھے رہے مراقبے اندر کتنے روز اتھائیں
اوڑک حضرت نے فرمایا رکھیں شرماں سائیں

☆ دوستوں نے حضور میاں صاحب کے بیٹھنے کے لیے ایک مخصوص جگہ صاف اور اُونچی کر کے بنائی اور گزارش کی کہ جناب آپ یہاں تشریف لے آئیں اور تسلی سے بیٹھ جائیں۔حضور میاں صاحب وہاں بیٹھ گئے اور صوفی اقبال کو موقع کے دوران حضور میاں صاحب کی طرف اشارہ ہوا کہ اگر آپ کا جذبہ عشق صادق ہے تو ہم سدمتاں کیمپ میں موجود ہیں ہمیں آکر لے جا۔صوفی محمد اقبال خود فوج میں کیپٹن تھا حضور میاں صاحب کے حکم پر فوج سے استعفیٰ دے چکا تھا۔صوفی اقبال صاحب کا ایک رشتے دار فوج میں افسر تھا۔صوفی اقبال اپنے رشتے دار کے پاس گیا اور اُسے کہا کہ مجھے ایک بس دو اور کچھ فوجی میرے ساتھ کرو۔لیکن صوفی اقبال کے رشتے دار نے کہا کہ سرحد پار حالات بہت خراب ہیں اور قتل وغارت کا بازار گرم ہے میرے پاس اِس وقت کوئی فوجی عملہ نہیں ہے اور نہ ہی کوئی گاڑی ہے میں تمہیں بھی مشورہ دیتا ہوں کہ تو جانے کا ارادہ ترک کر دے اُدھر حالات بہت خراب ہیں۔



Marfat.com

لیکن:۔

جنہاں یاراں ملے سنیہے کد روکے رک سکدے
جنہاں محبوباں دیا لوڑاں کھڑیاں جا پتناں تے
عشق ملاح جنہاں دا بنیا گئے چیر سمندر
سجدے کیتے جا انہاں نے محبوبے دے مندر

☆ صوفی اقبال صاحب لاری یعنی (بس) کے انتظام کے سلسلے میں ادھر ادھر گھومتے رہے بس تو نہ مل سکی لیکن ایک ٹرک مل گیا۔تو صوفی اقبال صاحب ٹرک لے کر سدمّاں سلیم پور کیمپ پہنچ گئے۔ کیمپ کے اندر حضور میاں صاحب کی وجہ سے بالکل امن رہا۔دوستوں نے دور سے ایک ٹرک اپنی طرف آتا دیکھا۔صوفی اقبال ٹرک سے اتر کر حضور میاں صاحب کے پاس آیا اور سجدہ سلام کے بعد عرض کی کہ جناب ٹرک آ گیا ہے آپ بیٹھ جائیں تاکہ ہم یہاں سے جلد کوچ کر لیں۔ حضور میاں صاحب اپنے کنبہ اور دوستوں کے ہمراہ ٹرک میں بیٹھ گئے۔ کیمپ سے باہر آئے تو ٹرک چل پڑا ایک ہندو تھانے دار ٹرک کے پیچھے حملہ کرنے کے ارادہ سے آیا لیکن حضور میاں صاحب کے کرم سے امن وایمان رہا ٹرک لدھیانہ سے ہوتا ہوا نکودر پہنچ گیا۔ یہاں نکودر میں سکھ اسلحہ سے لیس ہوکر حملہ کی نیت سے اِدھر اُدھر پھر رہے تھے لیکن امن رہا۔نکودر پہنچ کر حضور میاں صاحب ٹرک سے اُتر



Marfat.com

کر ریل گاڑی میں بیٹھ گئے ۔جب گاڑی مانا والا اسٹیشن پر پہنچی تو ڈرائیور گاڑی سے اُتر گیا تقریباً ایک گھنٹہ گاڑی اسٹیشن پر کھڑی رہی اسی دوران حضور میاں صاحب نے فرمایا کہ پانی کی طلب ہوئی ہےکوئی ہے جو ہمت کرکے پانی لے کر آئے ۔یہ فرمان سن کر صوفی محمد اقبال پانی لینے پلیٹ فارم پر گیا تو اُسے ایک سپاہی نے روکا اور کہا میاں پیچھے مڑ جا یہاں پانی وغیرہ نہیں مل سکتا ۔صوفی اقبال عاجز ہوکر پانی کے بغیر واپس آ گیا ۔

ایڈا مرد دلاور جیہڑا چیر گیا سرحداں
گھٹ پانی دا لیا نہ سکیا خاطر یار محباں
مان توڑیا حضرت اسدا متاں کرے مغروری
نہ کرے وڈیائی اپنی رکھے عجز ضروری
باجھوں عجز قبول نہ ہووئے دلبر دے دربارے
تے مشتاق نوں کر دے رہندے دلبر ناز اشارے

☆ گاڑی کے ڈرائیور کی نیت خراب تھی جس کی وجہ سے وہ گاڑی کو چھوڑ کر چلا گیا تاکہ حملہ آور لوگ گاڑی پر حملہ کریں اور لوٹ مار کر لیں ۔



Marfat.com

لیکن ؎

برکت برکت علی شاہ ہادی کر کمال دکھایا

مار کے ہتھ متھے تے ڈرائیور انجن دے ول آیا

☆ ریل گاڑی کا ڈرائیور غلط ارادے کی وجہ سے ایک گھنٹہ باہر بیٹھا رہا لیکن جب اُس کا ارادہ پورا نہ ہوا تو وہ گاڑی کی طرف آیا۔تو یہاں سے ریل گاڑی روانہ ہوئی آخرکار حضور میاں صاحب کی وجہ سے گاڑی باحفاظت لاہور پہنچ گئی۔یہاں حضور میاں صاحب ایک دوست کے ہاں ٹھہرے اور لاہور سے آپ کے ہمراہ حضرت پیر سیّد فیض محی الدین شاہ صاحب اور جھنڈے شاہ کوٹ معلیٰ آئے۔ (غلام دستگیر راز)

## مصیبت سے چھٹکارہ

☆ راوی خلیفہ غلام دستگیر راز تحریر کرتے ہیں کہ ایک دفعہ کسی دوست نے حضور میاں صاحب سے گزارش کی کہ جناب اگر کسی دوست پر ایسی سختی یا مصیبت آجائے جس کی وجہ سے اُس دوست کو صبر کرنا مشکل ہوجائے وہ بے چارہ غریب کیا کرے؟ حضور میاں صاحب نے فرمایا سختی برداشت کرنا مردوں کا کام ہے۔اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نااُمید نہیں ہونا چاہیے (**لا تقنطوا من رحمت اللہ**) اور جناب غوث پاکؒ کا فرمان ہے کہ (**لا تخف مریدی**) اے میرے



Marfat.com

مرید تو خوف مت کر کیونکہ اللہ تعالیٰ میرا **مربی** ہے یعنی اللہ تعالیٰ اپنے محبّ پر ظلم نہیں کرتے اگر کہیں جور و جفا ہو بھی تو اُس میں بھی مصلحت ہوتی ہے۔ اِس کے علاوہ دوست کو چاہیے کہ ایسے حالات میں اپنی نیت میں خلوص رکھے تو جناب شاہِ جیلاں کی نیاز پکا کر دوستوں میں تقسیم کرے۔ جناب غوث الاعظم خود ہی وسیلہ اور خود مسب الاسباب ہو کر مصیبت اور سختی سے بچا لیتے ہیں آپؒ کو اپنے دوستوں کی سختی گوارہ نہیں ہوتی۔

چھٹے مار کے کڈھیا جس نے شیخ صنعان دے تائیں
دستگیر تیرا ہے اوہو کرے جو دور بلائیں
پیر دستگیر برکتؔ علی شاہ جسدا نام ہے پیارا
دیکھ مریداں اندر زحمت کیویں کرے گوارا

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆



Marfat.com

# پیر سیّد برکت علی شاہ کی شانِ معظم

انسان کامل پاک محمد ﷺ سرور ناز وراں دے
سرتاج کل نبیاں سندے سلطان حسن وراں دے
جس دے نور مبارک کولوں روشن بزم جہاناں
جس دی شان بلند کمالو بنیاں نے سب شاناں
ہر ولی دی شان بزرگی مظہرِ شان محمدی
اسم صفت دے پردیاں اندر دسے جو جلوے کر دی

☆ حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب جب دین محمدی ﷺ کے متعلق لوگوں کو ہدایت فرمانے لگے تو اِس نورِ ہدایت کے باعث آپ کا شہرہ برصغیر کے طول وعرض میں ہونے لگا بلکہ دوسرے ملکوں میں بھی۔ برصغیر ہند میں سے آپکی شہرت سن کر خلقت جمع ہونے لگی آپ کے خلق عظیم کی بدولت مسلمان کجا ہر مذہب اور قوم کے لوگ مثلاً عیسائی، ہندو، سکھ، چمار اور چوڑے آپ سے نورِ ہدایت حاصل کرنے لگے۔آپ نے اپنی ہدایت کی بدولت اور شفقت ومحبت سے مردہ دلوں کو زندہ کیا اور پتھروں کو گداز کیا اور آپ نے اپنی ہدایت سے شرک کی چرک ہٹا کے بے شمار حیوانِ ناطق کو انسان کے مرتبہ پر پہنچایا۔جن لوگوں نے آپ سے ہدایت پائی وہ تو



Marfat.com

آپکی تعظیم اور احترام کرتے ہی تھے لیکن جو لوگ آپ کی ہدایت سے دور رہے وہ بھی اپنے آپ کو آپؒ کی تعظیم کرنے سے نہ روک سکے۔

☆ بھونڈری شریف میں بہت سے صاحب جائیداد اور بڑے بڑے رتبے والے خان اور راجپوت صاحب رہائش پذیر تھے۔ بھونڈری شریف کے تمام لوگ اِن لوگوں کا احترام کرتے تھے لیکن وہ لوگ خود حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کی بہت تعظیم کرتے تھے بھونڈری شریف کے اِن خان صاحبان نے ایک دن اکھٹے ہو کر یہ فیصلہ کیا کہ ہم پر پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب کا احترام کرنا فرض اور واجب نہیں ہے۔ ہم خواہ مخواہ کمیوں کی طرح اٹھ اٹھ کر سلام اور تعظیم کرتے ہیں اِن سب نے اِس بات پر آپس میں مشورہ کر کے وعدہ کیا کہ ہم آئندہ اِن کے آنے پر اٹھ کر سلام نہیں کریں گے۔ ابھی یہ لوگ آپس میں مشورہ کر ہی رہے تھے کہ اِسی اثناء میں حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب اِن کے درمیان آموجود ہوئے تو آپؒ کی منور صورت دیکھ کر سب خانصاحبان تعظیم واحترام کیلئے اُٹھ کھڑے ہوئے اور جو بھی قول اقرار اور وعدے کیے تھے سب بھول گئے اور کہنے لگے یہ کوئی قوتِ بالا ہے جو ہمارے وہم وگمان سے دُور ہے۔

ہے منظور خداوند عالی برکتؔ علی شاہ ہادی
ہے مقبول محمد سروﷺ اس دی ذات گرامی



Marfat.com

ذات مقدس برکت علی شاہ آ کیتیاں کرم نوائیاں
کذب کدورت بھرے دلاں وچہ کیتیاں آن صفائیاں

(خلیفہ غلام دستگیر راز)

# ماں کے قدموں کے نیچے جنت ہے

☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضور پاک ﷺ کے پاس آیا تو اُس نے عرض کیا یارسول ﷺ والدین کا اپنی اولاد پر کتنا حق ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا وہ دونوں تیری جنت بھی ہیں اور دوزخ بھی (یعنی ان کی خدمت کر کے جنت حاصل کرلوں یا نافرمانی کر کے دوزخ کے مستحق ہوجاؤ)

☆ حضرت جاہمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں جہاد کا مشورہ لینے کے لئے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تمہارے ماں باپ زندہ ہیں؟ میں نے عرض کیا جی ہاں (زندہ ہیں)۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''انہی کے ساتھ رہو کہ جنت ان کے پاؤں تلے ہے''۔

☆ مذکورہ بالا احادیثِ مبارک کے مطابق یہ فرمان ہے کہ ماں باپ کی خدمت کرو اور جنت اُن کے قدموں تلے ہے اور اکثر جگہ قرآن شریف میں ماں باپ کے متعلق بیان کیا گیا ہے اور اولاد پر یہ فرض ہے کہ ماں باپ کی خدمت کرے اور



Marfat.com

اُس کے سامنے اُف تک نہ کہے۔ یہ احکامات اُن ماں باپ کے متعلق ہیں جو اپنی اولاد کو حیض اور منی کے مجموعہ کی وجہ سے جنم دیتے ہیں۔ منی اور حیض کو گندگی کا نام دیا گیا ہے اگر اِس کا ایک قطرہ کسی شخص کے لباس پر لگ جائے اُس کی عبادت نہیں ہوسکتی۔ اگر کسی جگہ پر گندگی کا ڈھیر ہو تو اُس ڈھیر پر کتنا بھی صابن ملا یا پانی ڈالا جائے تو وہ جگہ صاف پاک نہیں ہوگی جب تک وہاں سے گندگی کا ڈھیر اٹھایا نہ جائے۔ اس طرح انسان اپنی ماں کے پیٹ میں نو ماہ تک گندی خوراک پر پلتا ہے پیدائش کے بعد انسان کا پورا وجود حیض اور منی کا ایک ڈھیر ہوتا ہے۔ اب اِس گندگی کے ڈھیر کو صاف کرنے کیلئے ایک ایسی ہستی (ماں) جو خود پاک ہو اور انسان کو پاک کردے۔ حضور پاک ﷺ گندہ جنم ختم کرکے پاک رسولی جنم عطا کرتے ہیں۔

☆ حضور پاک ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت امام حسین علیہ السلام کو یہ پاک رسولی جنم عطا کیا۔ یہاں سے پاک رسولی جنم چلتا ہوا آج کوٹ شریف میں موجود ہے۔ جو لوگ حضور پاک ﷺ سے پاک رسولی جنم حاصل کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے مقرب دوست اور ولایت کے حق دار ہوجاتے ہیں۔ جنت اِس ماں کے قدموں تلے ہے۔ جو اِسکو پاک رسولی جنم عطا کرے۔ ایک جگہ اور اللہ تعالیٰ کا فرمان حدیثِ قدسیہ کی صورت میں ہے جو اللہ تعالیٰ کے مقرب بندوں کے سینہ بہ سینہ چلی آرہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں



Marfat.com

سے ستر ماؤں سے زیادہ پیار کرتے ہیں۔ اِس حدیثِ قدسیہ سے ثابت ہوتا ہے کہ جس کو پاک رسولی جنم یعنی پاک وجود مل جاتا ہے اُس کو اللہ تعالیٰ کا پیار اور رضا حاصل ہوجاتی ہے۔ یہ انعامات تحریر میں نہیں آتے۔ آج جو انسان بندے کو پاک جنم عطا کرتا ہے تو اُسے مرشد کامل زمانہ حاضر کا امام عبدہ اہلِ بیعت اور مہدی کہا جاتا ہے جس سے آپ قرب الٰہی حاصل کرنے کے لیے ہدایت حاصل کرسکتے ہیں اِس کے قدموں تلے جنت ہے جس ماں کو اپنی بخشش کا علم نہ ہو وہ دوسرے کی بخشش کا کیا بندوبست کرسکتی ہے۔ لیکن اِس کا احترام لازمی ہے۔

☆ خلیفہ غلام دستگیر راز اپنی کتاب ''گلزارِ برکت'' صفحہ 107 پر تحریر کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب اپنے گھر میں تشریف فرما تھے اور آپؒ بیان کررہے تھے کہ جن لوگوں نے ہمارا دامن تھام لیا ہے ہم اُن کی بخشش کے ذمہ دار ہیں جو لوگ ہمارے دین سے باہر اور ہمارا دامن نہیں پکڑا ہم اُن کی بخشش کے ذمہ دار نہیں ہیں پاس ہی آپؒ کی والدہ ماجدہ صاحبہ تشریف فرما تھیں اُنہوں نے جب یہ کلام سنی تو حیران اور افسردہ ہوگئی۔ مائی صاحبہ نے آبدیدہ ہوکر کہا کہ اے میرے فرزند دلبند میں نے آپکو جنم دے کر اپنی گود میں کھلایا اور پرورش کی کیا میری بخشش کا کوئی حیلہ کروگے یا نہیں تو آپؒ نے نفی میں جواب دیا یہ جواب سن کر مائی صاحبہ بہت افسردہ ہوئیں۔

حضور نے فرمایا۔



Marfat.com

جے شفاعت لوڑو ساڈی پکڑو دامن ساڈا
سائیل ہو کے طالب ہو کے چھوڑ کے نسب علاقہ
حسب نسب دا نہ کم اوتھے جھتے فضل دا پھیرا
مائی بھائی دھیاں پتر سب دنیا دا جھیڑا
جھیڑے رو رو عرضاں کر دے متھا گھساون آ کے
اوہو اصل اساڈے دوست پاون فیض اساں تے
جد تک جنم پلید نہ بدلے موتو قبلہ ہو کے
جنم رسولی ملدا ناہیں ظاہر منہ ہاتھ دھو کے

☆ مائی صاحبہ نے یہ تلقین سن کر فوراً رشتہ مائی پتر والا چھوڑ کر آپ کا دامن پکڑ کر پاک جنم یعنی رسولی وجود حاصل کیا۔

طوق غلامی پا حضرت دا نیوں نیوں سیں نوایا
محبوبا میں داری تیھتوں خوب احسان کمایا
خوان کرم دے بخشیں خانیوں دتی بھیکھ کرم دی
خاص عنایت کر کے حضرت کاٹی بیخ وہم دی
رنگ روپ نہ ذاتاں پچھے ایہہ صاحب لجونتا
چیکٹر بھریاں نوں گل لاوے دو جگ اسدی دھنتا

خلیفہ غلام دستگیر راز



Marfat.com

# دائرہ احمد (ا۔ح۔م۔د) یعنی شانِ محمدی ﷺ

☆ خلیفہ چنن الدین صاحب کہتے ہیں کہ آپؒ نے دو قسم کے دائروں کا ذکر کیا ہے ایک دائرہ کونیلنی اور ایک دائرہ **کونّی**۔

☆ **کونّی** دائرہ میں تمام عوام الناس جو کن کے امر کے تحت پیدا ہوتے ہیں اِس دائرہ میں شامل ہیں۔ اِن لوگوں کی تعداد بے شمار ہے۔ اِن پر دوزخ حلال اور جنت حرام ہے۔ اِن کا ذوق اور پرہیز گاری بھی بت پرستی ہے اِن کا زہد دنیا کا زہد ہے جو دنیا میں ہی رہ جاتا ہے اِن کی عبادت آوارہ اور یہ قیامت کے دن شیطان کے ساتھ اٹھائے جائیں گے۔ کونّی کا دائرہ گرم ہے اس لیے اس دائرہ کے لوگ ہمیشہ آگ یعنی دوزخ میں رہیں گے۔

☆ دوسرا دائرہ کونیلنی دائرہ سرد اور چھوٹا ہے اِس دائرہ کو احمد (ا۔ح۔م۔د) کہتے ہیں دائرہ کونّی سے جو لوگ بھی دائرہ احمد میں شامل ہونگے وہ لوگ ولی اور مومن ہونگے کیونکہ اِن لوگوں نے بیعت محمدی ﷺ قبول کی اور یہ لوگ دائرہ احمد کی پناہ میں آ گئے۔ اِس دائرہ میں آنے والوں کے لیے مراتب اور فضلیت ہے اِس میں مقصود میسر ہے۔ یہ شانِ محمدی ﷺ ہے جو لوگ اِس دائرہ احمد میں شامل ہوتے ہیں اُن کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور محبت کا تحفہ عطا کیا جاتا ہے ایسے لوگ اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ حضور پاک ﷺ کے روبرو ہیچ سمجھتے ہیں۔ حضور پاک ﷺ نے اِس



Marfat.com

دائرہ کے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی پہچان یعنی معرفت عطا کی ہے۔عرب وعجم کے لوگوں کو حضور پاک ﷺ نے یہ تعلیم دی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی ہستی عبادت اور محبت کے لائق نہیں ۔اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں ۔اللہ تعالیٰ کی محبت میں کوئی فرد یعنی ماں باپ اولاد اور دولت شامل نہیں ہوسکتی بلکہ صحیح توحید اُسی وقت ثابت ہوتی ہے جب انسان جملہ رشتوں اور خود سے کنارہ کشی کرتا ہے ۔

کیا میں نے اس خاکداں سے کنارا
جہاں رزق کا نام ہے آب و دانہ

(علامہ اقبالؒ)

☆ یہ دائرہ محمدی ﷺ (ا۔ح۔م۔د) کی شان ہے کہ انسان کو (**الا انسان سری وانا سره** ) کا محرم راز بنادیا ہے۔**کونی** دائرہ میں بھی جو لوگوں نے وسعت حاصل کی ہے یعنی اِس وقت دنیاوی طور پر جو ترقی نظر آرہی ہے وہ بھی حضور پاک ﷺ کے علم کی بدولت ہے لیکن دینی مقام حاصل نہیں ہے۔

☆ اس لئے ہدایت یہی ہے کہ **کونی** دائرہ کو چھوڑ کر دائرہ احمد (ا۔ح۔م۔د) یعنی بیعت محمدی ﷺ میں شامل ہونا چاہیے تا کہ اِس دائرہ کی تعلیمات کی روشنی میں اپنے آپ کا بھلا کرلیں جو آج بھی کوٹ شریف میں موجود ہے۔



Marfat.com

# گھوڑے پالنے کا شوق

☆ گھوڑ سواری اور گھوڑے پالنے کا آپ کو بہت شوق تھا۔اپنے علاقے میں گھوڑے کی پہچان اور سواری میں ماہر شمار کیے جاتے تھے۔گھوڑوں کا اتنا شوق تھا کہ اگر کوئی آ کر کہتا کہ جناب میں بھینس یا کوئی اور جانور خرید کر لایا ہوں تو فرماتے اچھا ٹھیک ہے لیکن اگر کوئی کہتا گھوڑا لے کر آیا ہوں تو فوراً اُٹھ کے دیکھنے جاتے اور اُس کو اُسکی اچھائی اور برائی سب سمجھاتے۔ایک دفعہ ایک دوست کے ہاں گئے تو اُس نے بتایا کہ کوئی گھوڑا خرید کے لایا ہے اور بہت اچھا ہے آپ فوراً دیکھنے کو گئے اور دور سے دیکھا کہ وہ رسی سے بندھا ہوا ہے اور چارہ کھا رہا ہے۔آپ نے دور سے ہی دیکھ کر کہا کہ گھوڑا تو ایک آنکھ سے کانا (اندھا) ہے جب پاس جا کر آنکھ پر ہاتھ رکھا تب گھر والے کو معلوم ہوا کہ واقع گھوڑا کانا (اندھا) ہے۔ گھر والے نے بتایا کہ ایک ماہ ہو گیا ہے ہم کو تو معلوم نہیں ہوا کہ کانا (اندھا) ہے گھوڑ سواری کے اتنے ماہر تھے کہ آپ کے پیرومرشد نے ایک گھوڑا بھونڈری شریف آپ کے پاس بھیجا کہ اِس کو ٹھیک کرنا ہے اور پہلے گھوڑا کسی کو بھی اپنے اُوپر سوار ہونے نہیں دیتا تھا کافی لوگوں نے اِسے پکڑا ہوا تھا۔آپ نے آگے بڑھ کر اِس کے کان میں کچھ پڑھ کر پھونک لگائی اور جسم کے اُوپر ہاتھ پھیر کر بجلی کی سی تیزی سے اِس پر سوار ہو گئے گھوڑے نے چھلانگیں لگانا شروع کر دی اور اپنے



Marfat.com

جسم کو اِدھر اُدھر حرکت دینی شروع کی جب کوئی بس نہ چلا تو سرپٹ ہوا کی طرح دوڑا۔ کہ ڈھوڑ ہی ڈھوڑ نظر آ رہی تھی سب لوگ پریشان ہو گئے کہ پتہ نہیں کہیں گر کر کوئی چوٹ ہی نہ لگ جائے یا پتہ نہیں آپ کے ساتھ کیا ہوگا۔ سب اِسی پریشانی کے عالم میں کھڑے رہے کافی دیر کے بعد آپ گھوڑے پر سوار نمودار ہوئے۔ سب آگے بڑھے تو دیکھا کہ وہ گھوڑا بڑے آرام سے چلا آ رہا ہے اور آپ اِس پر سوار تھے۔ پاس آ کر فرمایا کہ لو اب یہ گھوڑا سلیم پور شریف جناب شیخؒ کی خدمت میں حاضر کر دو اور ہماری طرف سے عرض کرنا کہ جناب اِس گھوڑے پر چاہے اب کوئی بچہ بھی سوار ہو جائے تو یہ گرائے گا نہیں۔ اب اِس کی مَیں مر چکی ہے اِس کے ساتھ ساتھ زراعت کا پیشہ بھی اختیار کیے رکھا وعظ و نصیحت ہمیشہ سادہ اور سلیس زبان میں سمجھاتے تھے کہ ہر ایک کی سمجھ میں آپ کا کلام آسانی سے آ جاتا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# وصال حضور پُرنور حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب قدس سرہ العزیز

☆ مورخہ 17 دسمبر 1950ء کو حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب قطب پور



Marfat.com

ڈیرہ ڈوگراں کیلئے چلے راستے میں رکتے ہوئے بذریعہ ٹرین آپ قطب پور پہنچے۔ وہاں سے ڈیرہ ڈوگراں تشریف آوری کی۔ 1947ء سے پہلے ایک دفعہ آپ ڈھگارہ جالندھر دریا کے کنارے ڈیرے پر تشریف فرما تھے تو وہاں کے دوستوں نے عرض کی کہ آپ کی پیدائش بھونڈری شریف کی ہے اور بیعت کا سلسلہ ڈھگارہ سے شروع کیا ہے ہماری یہ خواہش ہے کہ آپ کا آخری وقت بھی ہمارے پاس ہی ہو تو فرمایا کہ اِس میں شک نہیں کہ مجھے آپ لوگوں سے پیار ہے لیکن آپ کیلئے یہ کرسکتا ہوں کہ میرا آخری وقت آپ کے پاس ہوگا لیکن مجھے اپنے پاس رکھنا نہیں میری جگہ میرے گاؤں بھونڈری شریف میں ہی ہو گی۔ 1947ء میں ہجرت کرکے آپ کوٹ شریف آگئے اور وہ ڈھگارہ کے ڈوگر دوست قطب پور ڈیرہ چنن داس (موجودہ ڈیرہ ڈوگراں) میں چلے گئے۔ آپ ایک دفعہ وہاں گئے تو تمام دوستوں کو اکٹھا کرکے فرمایا کہ لو آج ڈھگارہ اب دوبارہ آباد ہوگیا مجھے یہاں آکے ایسا لگا کہ میں ڈھگارہ میں ہی ہوں۔ دوسری دفعہ اپنے وعدہ کو پورا کرنے کے لیے 17 دسمبر 1950ء کو گھر سے تشریف لے گئے وہاں جا کر قیام کیا 21 دسمبر کی صبح نماز تہجد کیلئے اُٹھے وضو کیا ایک دوست بیعت ہونے کی غرض سے آیا اِسکو بیعت فرمایا۔ پھر ادائیگی تہجد کیلئے مصلّے پر چلے گئے جب سجدے کی حالت میں تھے تو سجدہ کافی لمبا ہوگیا اور آپ نے سجدے کی حالت میں ایک زوردار سیٹھی بجائی جیسا کہ آپ دریا پار کرتے تھے تو تب بجایا کرتے تھے دوست بھی ساتھ ہی تھے انہوں نے آپس



Marfat.com

میں مشورہ کیا کہ آگے ہوکر دیکھتے ہیں کہ کیا بات ہے جب آپ کو دیکھا تو آپ اُس وقت واصلِ حق ہو چکے تھے اپنے مالک کے ساتھ وصال فرما چکے تھے۔ تمام دوستوں کو اطلاع دی گئی وہاں سے ملتان جا کر لکڑی کا انتظام کیا گیا اور صندوق تیار کیا اور کوٹ شریف بھی اطلاع کی گئی۔ کوٹ شریف سے جناب حضرت سیّد فیض محی الدین شاہ صاحب بمعہ دوستاں ٹرک لے کر ڈیرہ ڈوگراں گئے اور وہاں سے آپ کو بذریعہ ٹرک کوٹ شریف لے کر آئے اور ہر طرف خاص وعام میں یہ خبر پھیل چکی تھی کے آپ وصال فرما چکے ہیں۔ ایک تا حدِ نظر لوگوں کا جمِ غفیر جمع ہو چکا تھا آپ کی آرام گاہ امانتاً آپ کے بھائی سیّد بہاول شیر شاہ کے ساتھ بنائی گئی تھی۔ وہاں سے 1964ء ماہ رمضان المبارک میں آپ نے اپنے جانشین حضرت سیّد فیض محی الدین شاہ صاحب کو حکم فرمایا کہ ہمیں یہاں سے منتقل کیا جائے تو آپ نے اپنے پیشوا کے حکم سے آپ کو موجودہ جگہ منتقل کیا۔ اور آپ کا فیض پورا آب و تاب سے آج بھی جاری ہے اور انشاء اللہ تا قیامت جاری رہے گا لوگ خالی جھولی لے کر آرہے ہیں اور جھولیاں بھر بھر کے جا رہے ہیں۔ آپ کے جانشین حضرت سیّد فیض محی الدین شاہ صاحب نے آپ کے فیض کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچایا جیسا کہ آپ اپنی مثال آپ تھے اِسی طرح آپ کے جانشین بھی اپنی مثال آپ ہی تھے۔

☆ جب حضرت پیر سیّد برکت علی شاہ صاحب اجسدِ اطہر کو کوٹ شریف لایا گیا تو



Marfat.com

اِس واقعہ نے حضرت پیر سیّد فیض محی الدین شاہ صاحب کے دل کو بہت متاثر کیا۔ اِن حالات کے زیر اثر اپنے محبوب کے فراق اور جدائی کو، ذیل میں دی گئی سی حرفی کے الفاظ میں اپنے جذبات کا یوں اظہار کیا ہے:۔

**الف**:۔آئی جان لباں پر میری مڑ یار نہ پھیرا پایا
کوکاں کوک سناواں، کہنوں درداں مار مکایا
کوٹوں چل قطب پور پہنچے پھیر نہ درس دکھایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چرلایا

**ب**:۔ باندی میں تیری حضرت مڑ مڑ عرضاں کردی
نال کلیجے لا جھب پیرا جان میری ہے سڑدی
تیرے باجھ بیگانے دیسیں میرا کون جو آیا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

**ت**:۔ تیرا ہی تقویٰ شاہا تیں بن کوئی نہ جانے
تیں بن میرا وقت جو گذرے وانگوں حال نمانے
یاد رکھیں اوہ وقت شاہانہ جد تین گلے لگایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا



Marfat.com

**ث**:۔ ثانی نہ کوئی تیرا جو میرے من بھاوے
نال گلے لا شفقت کر کے سینہ ٹھار جو جاوے
بھانبڑ نت برہوں دا بلدا میرا جگر تپایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

**ج**:۔ جگر بھن سیخیں چڑھیا دل دا حال آوارہ
تیرے باجھ شوہ برکت ہادی ساعت نئیں گزارہ
صدقہ پیر شہباز پیا دا نہ رکھ دور ہٹایا!
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

**ح**:۔ حکیم نہ مرض ساڈی دا باجھوں تیرے سائیاں
دید تیری ہے دارو ساڈا جس تھیں لکھ شفائیاں
تیں باجھوں یا سید نوری مرضاں زور ہے پایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

**خ**:۔ خاموشی وی نہ بھاوے چپ رہواں میں کداں
دکھ درد دلے دے میرے لنگھ چلے اج حداں
مرض ہجر دی بھاری ہے جس مینوں مار مکایا



Marfat.com

بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

د:۔ دساں میں حال جو کس نوں جو میرے سر ورتے
اکو لبھ دروازہ تیرا آن ڈگی میں درتے
حال احوال میں اپنا شاہا تینوں آں سنایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

ذ:۔ ذرا لاہ مکھ نقابوں کڈھ دکھلا دے نوری
اس عاجز دے دل دی آسا تاہیوں ہووے پوری
میں طالب مکھ تیرے دی ہاں جس نے جگ بھرمایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

ر:۔ رب رحیم غفور جو ساڈا تیں بن ہور نہ کوئی
تیں بن قبلہ پیرا ساڈی کون کرے دلجوئی
واہ وا تیری دید اساں نوں جس نے دل چمکایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

ز:۔ زمزم جو آب سے تازہ دے جا فیر کدائیں
جس دے پینڈے سار نہ ریہن خام خیال اے سائیں



Marfat.com

ذوق شوق رہے وچہ دلدے ہر دم دون سوایا

بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چرلایا

س:۔ سنو! یا حضرت آ کے میرے درد اولّے

تیرے باہجھ ہے کیہڑا جیہڑا درد قدیمی ٹھلّے

تیریاں درداں پھڑ کے میرا جگری خون تپایا

بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

ش:۔ شراب پلا مٹ بھر کے جس تھیں ہوش نہ آوے

فیض محی الدین بیہوشی دے وچہ برکت شاہ کہلاوے

**برکت** شاہ جی **برکت** کر کے **برکت** فیض بنایا

بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

ص:۔ صبر تد آوے مینوں جد لوں لوں **برکت** دسدا

ظاہر، باطن، اول، آخر تھاں تھاں **برکت** دسدا

حاضر، ناظر، **برکت** **برکت**، **برکت** خوب سہایا

بوہڑ شباب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

ض:۔ ضروری **برکت** بنا **برکت** کہنا سننا ! ! ! !



Marfat.com

برکت برکت ورد ہے کرنا **برکت** پڑھنا گنا
جاگرت، سپن، سکوپت **برکت**، ٹریا **برکت** آیا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

ط:۔ طالب، مطلوب ہے **برکت** برکتوں کل پسارا
اول **برکت** ہویا ہویدا پھر ایہہ عالم سارا
برکت دے خود ویکھن کارن خود **برکت** بن آیا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

ظ:۔ ظن دوری دا دور جو کیتا **برکت** برکت کیتی
جنم پلیدی دھوکے سارا گھر وچہ ملیا میتی
میتی دی میں ڈھونڈ کریندا اوتھوں ایتھے آیا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

ع:۔ علم العلم نقطہ شاہ علی فرمایا!
اوہو نقطہ واضح کر کے **برکت** شاہ سمجھایا
محرم کیتا چک کے نقطہ مجرم کون جو آیا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا



Marfat.com

**غ**:۔ غیراں نوں سار کی عشقوں کر دے کوڑ دوہائیاں
عشق اللہ دا **برکت** وسدا کر کے خوب صفائیاں
دید اللہ دی طلب جو کیتی **برکت** ہی دس آیا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

**ف**:۔ فکراں وچہ جان ہے رہندی **برکت** شوہ نوں بھاواں
دن تے راتیں بیہندا اٹھ دا **برکت** **برکت** گاواں
**برکت** شوہ بن آگا پچھا خام خیالی آیا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

**ق**:۔ قادر ہو **برکت** آیا سارے جگ وچہ چھایا
**برکت** باجھوں جو کوئی ہوئے اوہ شیطان بھلایا
بسم خدا کا اسم ہے **برکت** ذاتی نام لے آیا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

**ک**:۔کن الست کیہا خود برکت بن **برکت** آدم آیا
سجدہ کرو ملائک سارے **برکت** ایہہ فرمایا
روا ہویا تد سجدہ **برکت** قیام رکوع کد آیا



Marfat.com

بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

**گ**:۔گلاب کھڑے جد بلبل شوہ **برکت** آن الاوے
پیار دی شبنم پوے تاہیوں جد **برکت** نین ملاوے
**برکت** **برکت** کرے جد بلبل خوشبو پھل لے آیا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

**ل**:۔ لیاندا جوش حسن نے **برکت** عشق جاں آیا
عشق حسن خود **برکت** **برکت** جد سمجھن وچہ آیا
**برکت** ٹریا عشق اے **برکت** داتا **برکت** پایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

**م**:۔ محمدؐ **برکت** ہو کے آخر **برکت** بنیاں
عاصی تے ناداراں خاطر کتنا تانا تنیاں
اج **برکت** بن پاک محمدؐ مول نہ نظریں آیا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

**ن**:۔ نفی جد ہر شے ہووے تاں **برکت** دس آوے
اگا پچھا مول نہ دسے تاں **برکت** نوں بھاوے



Marfat.com

آگے پچھے الجھ ہے اس نوں جو شیطان بھلایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

و:۔ وقت دا حاکم **برکت** بلند اڈار شہبازی
اڈ دا اڈ دا پاک محمدوں موڑ کے آیا تازی
خوش قسمت اٹھ دوڑو جلدی غفلت کیوں بھلایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

ھ:۔ ہادی شہبازی **برکت** مرتبہ ہے ایہہ ڈاہڈا
نہ ہویا نہ ہوسی کوئی ریس کرے کیا کاہڈا
اڈے گا اوہ جس نوں **برکت** اپنے سنگ رلایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

**الف**:۔الف اللہ برحق پچھاتا **برکت** شوہ دی **برکت**
اللہ اسمی محمدؐ جسمی لحمک لحمی **برکت**
لحمک لحمی دمک دمی ہو ہو فیض پہنچایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

ی:۔ یاور ہے بخت اساڈے کہو مبارک باداں



Marfat.com

**برکت** شاہی خادم جیہڑے ہون حشر وچہ شاداں
**برکت** شوہ اج شہر علم دا دروازہ فیض بنایا
بوہڑ شتاب شوہ **برکت** ہادی کیوں اتنا چر لایا

